100
شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ اول)



مصنف

ابو بنتین محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی



نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی

فہرست

عقائد و معمولات

طہارت

نماز

13) تخت پر نماز
14) تکبیرِ تحریمہ میں یا اللہ کہا تو نماز کا حکم
15) اللہ اکبر کو اللہ اکبار کہنا کیسا؟
16) نماز میں سورت سے پہلے بسم اللہ
17) نماز میں ایک آیت پڑھنا
18) نماز میں ترتیب کے خلاف قرآن پڑھنا
19) درمیان سے ایک چھوٹی سورت چھوڑنا
20) قعدہ اولیٰ بھول کر کھڑا ہو گیا
21) قعدہ اخیرہ میں جماعت میں شامل ہونا
22) عصر میں بلند آواز سے قراءت کرنا
23) مغرب سے کتنی دیر پہلے عصر پڑھ سکتے ہیں؟

جماعت

24) نوافل کی جماعت
25) شوہر اور بیوی کا نفل کی جماعت قائم کرنا
26) مسجد سے کتنی دور جماعت واجب؟

لقمہ

27) قعدہ اولیٰ چھوڑ کر سیدھا کھڑا ہو گیا تو لقمہ دینا

صف

جمعہ

امامت

قضا نمازیں

زکوۃ

قسم کا کفارہ

قربانی

عورتوں کے مسائل

65) مخصوص ایام میں روزہ
66) ناپاکی میں اسلامیات کی کتاب پکڑنا کیسا؟
67) عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے صحبت
68) شوہر کا نام ساتھ لکھنا
69) عورت کا کس سے پردہ ہے کس سے نہیں؟
70) دادی کے بھائی سے پردہ

وراثت

71) بیٹیوں کو وراثت سے محروم کرنا
72) باپ سے پہلے بیٹا فوت ہو جائے تو پوتے کا حصہ

نکاح و طلاق

73) کن کو نکاح میں جمع کرنا حرام
74) تو مجھ پر حرام ہے کہنا کیسا؟
75) باپ اور بیٹے کا بیوہ اور بیٹی کے ساتھ نکاح کرنا کیسا؟
76) نکاح کے بعد رخصتی سے پہلے بات چیت کرنے کا حکم

عدت

77) عدت طلاق و وفات کتنی
78) طلاق سے پہلے انتقال ہو جائے تو عدت کونسی؟
79) عدت میں شیمپو لگانا اور کنگا کرنا کیسا؟

کاروبار

تعریفات

حلال و حرام

94) کیا گانا گانا حرام ہے؟
95) مچھلی کب نہیں کھا سکتے؟

جدید مسائل

96) موبائل پر بے وضو قرآن پڑھنا
97) خریداری پوائنٹس
98) ڈراپ شپنگ(Drop Shipping) کا کام کرنا
99) ڈیبٹ کارڈ پر ڈسکاؤنٹ
100) غلطی سے کسی نمبر پر بیلنس بھیج دیا

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی (مفتی انس صاحب)
کے لئے لکھے گئے 100 شرعی مسائل

عقائد
و
معمولات

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلک واصحبک یاحبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

1

اللہ کو مصنف کہنا کیسا؟

سوال: کیا اللہ پاک کو مصنف اور قرآن کو تصنیف کہہ سکتے ہیں؟

User ID: علی رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ پاک کے لئے صرف انہی ناموں کا استعمال کرسکتے ہیں جو قرآن و حدیث میں آئے ہیں، اس کے علاوہ کوئی نام استعمال نہیں کرسکتے اور اگر اس کے معنی میں شان الہی میں کمی کا وہم بھی ہو تو ممانعت اور بڑھ جاتی ہے لہذا اللہ پاک کو مصنف نہیں کہہ سکتے کہ ایک تو یہ نام قرآن یا حدیث میں وارد نہیں ہوا دوسرا ہمارے عرف میں مصنف قلم سے لکھ کر یا کمپوزنگ کرکے کتاب تصنیف کرتا ہے اور یہ چیز اللہ پاک کی شان کے لائق نہیں، اسی طرح قرآن کو تصنیف بھی نہیں کہہ سکتے۔ شامی میں ہے: مجرد ایھام المعنی المحال کاف فی المنع معنی محال کا وہم منع کے لئے کافی ہے۔ (شامی، 5/253)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

30 رجب 1443ھ/4 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

2 قبلہ کی طرف پاؤں پھیلانا

سوال: قبلہ کی طرف پاؤں پھیلا کر سونا کیسا؟

User ID: لون اعجاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قبلہ کی طرف پاؤں پھیلا کر سونا منع ہے کیونکہ اس میں قبلہ کی بے ادبی ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: کعبہ معظمہ کی طرف پاؤں کر کے سونا بلکہ اس طرف پاؤں پھیلانا سونے میں ہو خواہ جاگنے میں لیٹے ہو خواہ بیٹھے میں ہر طرح ممنوع و بے ادبی ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 385، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1443ھ / 22 فروری 2022

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

3

ڈاکٹر کے ہاتھ میں شفا

سوال: کسی ڈاکٹر کے بارے میں کہنا کہ اس کے ہاتھ میں شفا ہے شرعا کیسا ہے؟

User ID: الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈاکٹر کے ہاتھ میں شفا ہے کہنا جائز ہے کیونکہ یہ مجازی نسبت ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جب یہ علاج کرتا ہے تو اللہ کی عطا سے مریض ٹھیک ہو جاتا ہے، کوئی مسلمان کسی ڈاکٹر کے لئے بغیر اللہ کی عطا کے شافی ہونے کا اعتقاد نہیں رکھتا۔ قرآن پاک میں عیسی علیہ السلام کا قول مذکور ہے: **وَ اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ ﴿ال عمران:49﴾** ترجمہ: اور میں پیدائشی اندھوں کو اور کوڑھ کے مریضوں کو شفا دیتا ہوں۔ اس کی تفسیر میں ہے: شِفا دینے، مشکلات دور کرنے وغیرہ کے الفاظ اللہ تعالٰی کے علاوہ کسی اور کیلئے استعمال کرنا شرک نہیں۔ (صراط الجنان، 1/482)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5ذو القعدہ 1443 5جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

4

وجد کی شرعی حیثیت

سوال: وجد میں دھمال کرنا اور تواجد کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

User ID: عبد اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت وجد میں دھمال (اوچھل کود) جائز بلکہ احادیث سے ثابت ہے اور اگر یہ کیفیت نہ ہو تو رقص کرنا حرام ہے۔ علامہ خیر الدین رملی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب حضور ﷺ نے حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ " تم سیرت وصورت میں میرے مشابہ ہو" تو ایک روایت کے مطابق آپ وجد میں دھمال کرنے لگے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکار نہ فرمایا اور اس حدیث کو صوفیاء کرام کے رقص پر دلیل بنایا گیا ہے جب وہ محفل ذکر میں لذت وجد سے دوچار ہوتے ہیں۔ (فتاوی خیریہ حصہ 2 ص 184)

اسی طرح تواجد کا معاملہ ہے۔ تواجد یہ ہے کہ وجد حقیقی تو نہ ہو مگر اہل حال کی پیروی کی نیت سے انہی جیسی حرکات کرنا اگر یہ ریاکاری سے پاک ہو تو محمود ہے۔ امام غزالی لکھتے ہیں: دوسری محمود جس کے ذریعے احوال شریفہ کے حصول واکتساب کی کوشش کی جائے کیونکہ احوال شریفہ کے حصول میں کسب کا دخل ہے اسی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے اس شخص کیلئے رونے جیسی صورت بنانے کا جسے قرات قرآن میں رونا نہ آئے۔ چنانچہ ان احوال کے شروع میں تکلف کیا جائے تو اس کے اواخر متحقق ہوتے ہیں۔ (احیاء العلوم)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

6 شعبان 1443ھ/10 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

5

عرفہ کی شرعی حیثیت

سوال: میت کو انتقال ہوئے ابھی چالیس دن نہیں گزرے تو کیا عرفہ کرنا چاہیے یا نہیں ؟

User ID: آفتاب عالم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

عرفہ کوئی شرعی اصطلاح نہیں نہ ہی یہ کرنا ضروری ہے، ہمارے ہاں جو عرفہ کا رواج چل پڑا ہے اس میں غلط نظریات اور طریقے عام ہوگئے ہیں مثلا میت کے انتقال کے بعد پہلے سال شعبان میں عرفہ ضروری ہے یا عرفہ میں فلاں فلاں کھانے بنانے ضروری ہیں وغیرہ ان کی کوئی شرعی حیثیت نہیں۔ اسلام نے ایصال ثواب کی ترغیب دی ہے یہ کسی بھی وقت کیا جاسکتا ہے اور کسی بھی نیک کام کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 شعبان 1443ھ/12 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

طهارت

6

بے وضو صلاۃ وسلام پڑھنا

سوال: کیا بے وضو صلاۃ وسلام پڑھ سکتے ہیں؟

User ID: عبد اللہ ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بے وضو صلاۃ وسلام پڑھنا جائز ہے مگر بہتر یہی ہے کہ باوضو پڑھا جائے۔ بہار شریعت میں ہے: درود شریف اور دعاؤں کے پڑھنے میں انھیں حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ وضو یا کلی کر کے پڑھیں۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 327، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

7 شعبان 1443ھ / 11 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

7

سوال: وضو، غسل، نماز، نماز جنازہ اور تیمم کے فرائض بیان کر دیں؟

User ID: اعزاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

(1) وضو کے چار فرائض ہیں: چہرہ دھونا، دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا، چوتھائی سر کا مسح کرنا، دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

(2) غسل کے تین فرائض ہیں: کلی کرنا، ناک میں پانی چڑھانا، پورے ظاہری جسم پر اس طرح پانی بہانا کہ کوئی حصہ خشک نہ رہے۔

(3) نماز کے سات فرائض ہیں: تکبیر تحریمہ، قیام، قراءت، رکوع، سجود، قعدہ اخیرہ، خروج بصنعہ

(4) نماز جنازہ کے دو رکن ہیں: چار بار تکبیر کہنا، قیام۔

(5) تیمم کے تین فرائض ہیں: نیت کرنا، سارے منہ پر ہاتھ پھیرنا، ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

8

ناپاک کارپیٹ

سوال: کارپیٹ پر بچے نے پیشاب کر دیا ہو اور سوکھنے کے بعد اس پر کپڑا پھیر دیں تو کیا کارپیٹ پاک ہو جائے گا؟

User ID: عائشہ رابعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کارپیٹ پر اگر ناپاکی لگ جائے تو کپڑے سے صاف کرنے سے وہ پاک نہیں ہو گا بلکہ اس کو باقاعدہ پاک کرنا پڑے گا۔پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کارپیٹ کو بہتے پانی مثلا نل یا پائپ کے جاری پانی وغیرہ میں رکھ دیں جب گمان غالب ہو جائے کہ پانی ناپاکی کو بہا کر لے گیا ہو گا تو کارپیٹ پاک ہو جائے گا۔ اگر بغیر پاک کیے کارپیٹ کے دوسرے پاک حصے پر نماز پڑھی یا سوکھنے کے بعد اسی حصے پر کپڑا یا مصلی بچھا کر نماز پڑھی تو ہو جائے گی۔ (ملخصا: بہار شریعت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

9

رات میں مکروہ وقت

سوال: کیا رات میں بھی کوئی مکروہ وقت ہوتا ہے جس میں سجدہ کرنا منع ہو؟

User ID: نواز قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مکروہ اوقات تین ہی ہیں۔ (1) سورج طلوع ہونے سے لے کر تقریبا بیس منٹ بعد تک (2) سورج غروب ہونے کے وقت سے تقریبا 20 منٹ پہلے کا وقت (3) نصف النہار شرعی سے لے کر سورج ڈھلنے تک

اس کے علاوہ پورے دن میں کوئی وقت مکروہ نہیں، عوام میں جو مشہور ہے کہ رات کو بارہ بجے مکروہ وقت ہوتا ہے یہ بالکل غلط ہے اس کی کوئی شرعی حیثیت نہیں، اس وقت میں نماز پڑھنا اور سجدہ کرنا بالکل جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

9 شعبان 1443ھ / 13 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلی آلک واصحبک یاحبیب اللہ

10

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نمازی کے آگے تصویر ہو تو نماز کا کیا حکم ہے؟

UserID: مہر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نمازی کے سامنے تصویر ہو تو نماز اس وقت مکروہ تحریمی ہوگی جب مندرجہ ذیل پانچ شرائط پائی جائیں، اگر ان میں سے ایک بھی کم ہو تو نماز مکروہ تحریمی نہیں بلکہ بعض صورتوں میں تنزیہی اور بعض صورتوں میں کوئی کراہت نہیں ہوگی (1) تصویر مکمل قد کی ہو (2) نقوش واضح ہوں (3) تصویر چھپی ہوئی نہ ہو (4) نمازی کے سامنے ہو (5) بطور تعظیم آویزاں ہو یا رکھی ہو۔ (ماخوذ از جد الممتار، فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

11

نماز میں پھونک مارنا

سوال: نماز میں پھونک مارنا کیسا؟

User ID: فرحان صفدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بہار شریعت میں ہے: پھونکنے میں اگر آواز پیدا نہ ہو تو وہ مثل سانس کے ہے مفسد نہیں، مگر قصدا کرنا مکروہ ہے اور اگر دو حروف پیدا ہوں جیسے اف، تف تو مفسد ہے۔(بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 608، مکتبہ المدینہ)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1443ھ/23 فروری 2022

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

12

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: کسی آدمی کے سامنے نماز پڑھنا کیسا؟

UserID:محمد عارف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بہار شریعت میں ہے: کسی شخص کے مونھ کے سامنے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔یوہیں دوسرے شخص کو مصلی (نماز پڑھنے والے) کی طرف مونھ کرنا بھی ناجائز و گناہ ہے، یعنی اگر مصلی کی جانب سے ہو تو کراہت مصلی پر ورنہ اس پر۔(بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 626، مکتبہ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

8فروری2022بمطابق6رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

13

تخت پر نماز پڑھنا

سوال: تخت پر نماز پڑھنا کیسا ؟

User ID بلال رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

ہر اس چیز پر نماز پڑھنا جائز ہے جو پاک ہو اور اس پر پیشانی جم جاتی ہو لہذا تخت پر نماز پڑھنا جائز ہے۔ بہار شریعت میں ہے: اگر پیشانی خوب نہ دبی تو نماز ہی نہ ہوئی اور ناک ہڈی تک نہ دبی تو مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہوئی۔

(بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 514)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 شعبان 1443ھ/12 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

14

تکبیر تحریمہ میں یااللہ کہاتو نماز کا حکم

سوال: اگرکسی نے نماز شروع کرنے سے پہلے اللہ اکبر کی جگہ یااللہ کہاتو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID:شعیب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

نماز میں تکبیر تحریمہ فرض ہے یعنی ایسے الفاظ جو خالص تعظیم الہی کے ہوں اس سے نماز شروع کی تو نماز شروع ہو جائے گی لیکن اس تکبیر تحریمہ میں لفظ اللہ اکبر کہنا واجب ہے، لہذا کسی نے اللہ اکبر کی جگہ تعظیم الہی کا کوئی اور کلمہ کہا تو نماز شروع تو ہو جائے گی مگر یہ تبدیلی ناجائز ہے، اگر جان کر ایسا کیا تو گناہ گار ہو گا اور نماز واجب الاعادہ ہو گی اور اگر بھول کر کیا تو آخر میں سجدہ سہو سے نماز درست ہو جائے گی۔ یااللہ یہ بھی تعظیم الہی کا لفظ ہے، اس سے نماز شروع ہو جائے گی مگر اوپر بیان کی گئی تفصیل کے مطابق سجدہ سہو یا دوبارہ پڑھنے کا حکم ہو گا۔ (ملخصا: عالمگیری، 1/68، بہار شریعت ح3)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

10ذوالقعدہ 1443 10جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

15

اللہ اکبر کو اللہ اکبار کہنا کیسا

سوال: نماز میں اللہ اکبر کو اللہ اکبار کہنا کیسا؟ اگر امام کہے تو مقتدی کی نماز کا کیا ہو گا؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قراءت یا اذکارِ نماز میں ایسی غلطی کرنا جس سے معنی بگڑ جائیں نماز کو فاسد کر دیتی ہے لہذا اللہ اکبر کو اللہ اکبار یا آللہ اکبر یا اللہ آکبر پڑھنا حرام ہے اور اگر ان کا معنی فاسدہ سمجھ کر کہا تو اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ اگر یہ غلطی تکبیر تحریمہ میں ہوئی تو نماز شروع ہی نہیں ہو گی اور تکبیرات انتقالات میں ہوئی تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ یہ احکام امام و مقتدی دونوں کے لئے ہیں۔ نماز کے علاوہ بھی اس انداز میں تکبیر پڑھنا جائز نہیں۔ (ملخصا: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 509)

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

7 ذو القعدہ 1443ھ 7 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ　　　وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

16

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نماز میں سورت پڑھنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے؟

UserID:امجد حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر سورت کے شروع سے پڑھ رہے ہیں تو بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے اور اگر شروع سے نہیں پڑھ رہے تو پھر بسم اللہ پڑھنا مستحب نہیں۔(ماخوذ از فتاوی رضویہ، جلد 6)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

12فروری2022 بمطابق10رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

17

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نماز میں مطلقاً ایک آیت پڑھنا فرض ہے یا سورہ فاتحہ کے علاوہ؟

UserID:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ ہر نماز کی ہر رکعت میں کم از کم ایک ایسی آیت پڑھنا فرض ہے جو دو کلمات چھ حروف پر مشتمل ہو۔ یہ ایک آیت پڑھنا مطلقا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

18 نماز میں خلاف ترتیب قرآن پڑھنا

سوال: نماز میں خلاف ترتیب قرآن پڑھا تو نماز ہو جائے گی؟

User ID: میاں سنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں جان بوجھ کر خلاف ترتیب قرآن پڑھنا ناجائز ہے لیکن خلاف ترتیب چاہے بھول کر پڑھے یا جان بوجھ کر نماز بہر حال ہو جائے گی اور سجدہ سہو بھی واجب نہیں ہو گا کیونکہ ترتیب سے پڑھنا قراءت کا واجب ہے نہ کہ نماز کا۔ (فتاوی امجدیہ، جلد 1، صفحہ 278، مکتبہ رضویہ)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذوالقعدہ 1443ھ/2جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

19

درمیان سے ایک چھوٹی سورت چھوڑنا

سوال: امام نے فرض کی پہلی رکعت میں سورہ لہب پڑھی اور دوسری میں جان کر سورہ فلق پڑھی تو کیا حکم ہے؟

User ID: اشتیاق احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پہلی رکعت میں کوئی سورت پڑھنے کے بعد دوسری میں ایک چھوٹی سورت درمیان سے چھوڑ کر پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے لیکن نماز ہو جائے گی۔ معلوم کی گئی صورت میں درمیان سے سورہ اخلاص جو کہ چھوٹی سورت ہے اس کو چھوڑا تو ایسا کرنا مکروہ ہے مگر نماز ہو گئی۔ درمختار میں ہے: ویکرہ الفصل بسورۃ قصیرۃ ترجمہ: درمیان سے ایک چھوٹی سورت کو چھوڑ دینا مکروہ ہے۔

(درمختار، جلد 2، کتاب الصلاۃ، فصل فی القراءۃ، صفحہ 330، دارالمعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

9 ذو القعدہ 1443ھ 9 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

20

قعدہ اولی بھول کر کھڑا ہو گیا

سوال: اگر کوئی قعدہ اولی بھول کر کھڑا ہونے لگا تو واپس آنے کی حد کیا ہے اور کس صورت میں سجدہ سہو ہو گا؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی شخص قعدہ اولی (تین یا چار رکعت والی نماز میں پہلی بار التحیات کے لئے بیٹھنا) بھول گیا تو اگر بیٹھنے کے قریب ہے یعنی جسم کا نیچے کا آدھا حصہ سیدھا نہیں ہوا تو بیٹھ جائے اور التحیات پڑھے اور نماز مکمل کرلے اس پر سجدہ سہو واجب نہیں، اگر کھڑے ہونے کے قریب ہے یعنی بدن کا نیچے کا آدھا حصہ سیدھا ہو گیا اور پیٹھ میں خم (جھکاؤ) ہے تو صحیح قول کے مطابق واپس لوٹے، التحیات پڑھے اور آخر میں سجدہ سہو کرے اور اگر سیدھا کھڑا ہو گیا تو اب واپس لوٹنا جائز نہیں آخر میں سجدہ سہو کرلے نماز درست ہو جائے گی۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد 8، صفحہ 181)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8ذو القعدہ 1443ھ 8 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

21

قعدہ اخیرہ میں جماعت میں شامل ہونا

سوال: ایک شخص نے جماعت میں شامل ہونے کے لئے تکبیر کہی اور امام نے سلام پھیر دیا تو کیا اسے جماعت ملی؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اس شخص کو جماعت نہ ملی کیونکہ اقتدا کی شرائط میں سے یہ ہے کہ مقتدی ارکان کی ادائیگی میں امام کے ساتھ شریک ہو اور معلوم کی گئی صورت میں اس نے امام کے ساتھ اس رکن (قعدہ اخیرہ) میں شرکت نہ کی لہذا اس کو جماعت نہ ملی نہ اس کی اپنی نماز شروع ہوئی، اسے دوبارہ نماز پڑھنی ہوگی۔ اگر امام کے سلام پھیرنے سے پہلے وہ قعدہ میں شامل ہو جاتا تو جماعت مل جاتی۔ (ملخصا: مختصر فتاوی اہلسنت، صفحہ 50، بہار شریعت، حصہ 3، شرائطِ اقتدا)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 ذوالقعدہ 1443ھ 8 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

22

عصر میں جہری قراءت

سوال: اگر امام بھول کر عصر میں بلند آواز سے قراءت کرلے تو کیا حکم ہے؟

User ID: سہیل زمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر امام بھول کر ظہر یا عصر کی نماز میں بلند قراءت کرلے تو آخر میں سجدہ سہو کرلینے سے نماز درست ہوجائے گی ہاں اگر آدھی سورۃ الفاتحہ پڑھنے سے پہلے یاد آجائے اور سورۃ الفاتحہ کا آہستہ آواز سے اعادہ کرلے تو سجدہ سہو ساقط ہوجائے گا اور نماز درست ہوجائے گی۔ (ملخصا بالترتیب: بہار شریعت / جد الممتار)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ / 7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

23

مغرب سے کتنی دیر پہلے عصر پڑھ سکتے ہیں

سوال: غروب آفتاب سے کتنے منٹ پہلے عصر پڑھ سکتے ہیں؟

User ID:خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پر مسجد کی جماعت واجب ہو اسے بلا عذر شرعی جماعت ترک کرنا جائز نہیں۔ کسی بھی وجہ سے اگر عصر کی نماز جماعت سے نہ پڑھ سکا تو لازم ہے مکروہ وقت سے پہلے پڑھ لے اگر بلا عذر شرعی مکروہ وقت میں پڑھی تو گناہ گار ہو گا۔ بہر حال اگر عصر کی نماز کی تکبیر وقت کے اندر کہہ لی تو اگرچہ سلام وقت کے بعد پھرے اس کی نماز ہو جائے گی کیونکہ فجر وجمعہ وعیدین کے علاوہ دیگر نمازوں میں تکبیر وقت میں ہونا ضروری ہے اگرچہ دوران نماز وقت ختم ہو جائے اس کی نماز درست ہو جائے گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جماعت

24

نوافل کی جماعت

سوال: نوافل کی جماعت کروانا کیسا؟

User ID: علی حسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نوافل کی جماعت اگر بغیر تداعی کے ہو تو بالاجماع جائز ہے اور اگر تداعی کے ساتھ ہو تو مکروہ تنزیہی ہے ناجائز اور گناہ نہیں۔ تداعی کا مطلب یہ ہے کہ اعلان وغیرہ کے ذریعے لوگوں کو جماعت کے لئے بلانا اور انہیں جمع کرنا، اگر امام کے علاوہ کم از کم چار مقتدی آ گئے تو یہ تداعی ہے ورنہ نہیں۔ ہمارے زمانے میں ویسے لوگ نوافل سے دور ہیں مگر جماعت کی وجہ سے کئی افراد پڑھ لیتے ہیں تو اگر وہ تہجد، اشراق، چاشت، صلاۃ التسبیح وغیرہ کی جماعت کرواتے ہیں تو انہیں منع نہ کیا جائے۔ تراویح، نماز کسوف واستسقاء کی جماعت بلا کراہت جائز ہے۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد 7)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

25

شوہر بیوی اور نفل کی جماعت

سوال: شوہر اور بیوی کا نفل نماز کی جماعت کا طریقہ کیا ہے اور قراءت آہستہ ہوگی یا بلند؟

User ID: عظمت علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دن کے نوافل ہوں تو قراءت آہستہ کرنا واجب ہے اور رات کے نوافل کی جماعت میں بلند قراءت ہوگی۔ اگر شوہر بیوی ہی ہیں تو بیوی پیچھے کھڑی ہوگی البتہ یہ یاد رہے کہ گھر میں بھی امام بننے کے لئے شوہر کا امامت کا اہل ہونا ضروری ہے نیز مسجد کی جماعت واجب ہو تو فرائض کی جماعت گھر پر نہیں کروا سکتا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

24 رجب 1443ھ/25 فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیك یارسول اللہ — وعلی آلك واصحبك یاحبیب اللہ

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

26

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: مسجد سے کتنی دور جماعت واجب ہے؟

UserID: خالد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مسجد گھر سے اتنی دور ہے کہ مسجد میں بغیر اسپکیر اذان دی جائے اور کسی قسم کا شور نہ ہو تو گھر تک اذان کی آواز آجائے تو جماعت اولی کے ساتھ نماز پڑھنا واجب ہے اور اگر گھر اتنا دور ہے کہ وہاں تک اس طرح اذان کی آواز نہیں پہنچتی تو مسجد جا کر جماعت سے پڑھنا واجب نہیں لیکن مسجد جا کر باجماعت پڑھنا افضل ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

لقمہ

بسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ　　وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Website: www.arqfacademy.com

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

27

قعدہ اولی چھوڑ کر سیدھا کھڑا ہو گیا تو لقمہ دینا

سوال: عصر کی نماز میں دوسری رکعت پر امام صاحب بیٹھنا بھول گئے اور سیدھے کھڑے ہو گئے اب لقمہ دینا کیسا؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی قعدہ اولی کرنا بھول جائے اور سیدھا کھڑا ہو جائے تو سجدہ سہو واجب ہو جاتا ہے اور اس کا واپس لوٹنا جائز نہیں ہوتا، اس صورت میں چونکہ لقمے کا محل باقی نہیں رہتا تو لقمہ دینا بھی جائز نہیں، لہذا اگر کسی نے لقمہ دیا تو اس کی نماز ٹوٹ جائے گی اور اگر امام نے اس کا لقمہ لیا تو امام و تمام مقتدیوں کی نماز بھی ٹوٹ جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: اور اگر امام پورا کھڑا ہو گیا تھا اس کے بعد مقتدی نے بتایا تو مقتدی کی نماز اسی وقت جاتی رہی، اور جب اس کے کہنے سے امام لوٹا تو اس کی بھی گئی اور سب کی گئی۔ (فتاوی رضویہ، جلد 8، صفحہ 214)

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

9 ذوالقعدہ 1443ھ 9 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

صف

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

28

صف مکمل ہونے کے بعد اکیلا نمازی

سوال: جماعت کے دوران دوسری صف میں اکیلا آدمی ہو تو اس کی نماز ہو جائے گی ؟

User ID: اصلاح الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر صف دونوں کونوں سے مکمل ہو چکی ہے تو بہتر یہ ہے کہ کسی کے آنے کا انتظار کرے، کوئی آجائے تو مل کر صف بنالیں، اگر رکوع تک کوئی نہ آئے اور رکعت فوت ہو جانے کا اندیشہ ہو تو اصل مسئلہ تو یہ ہے اگلی صف میں سے کسی کو کھینچ لے اور اس کے ساتھ کھڑا ہو جائے، یہاں یہ ضروری ہے کہ جس کو کھینچے وہ اس مسئلہ کو سمجھتا ہو اور اچھے اخلاق والا ہو لیکن ہمارے زمانہ میں عام لوگ شرعی مسائل کی معلومات نہیں رکھتے اس لئے بہتر یہ ہے کہ اکیلا ہی نماز شروع کر دے اس کی نماز ہو جائے گی اور گناہ گار بھی نہیں ہو گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــه

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 شعبان 1443ھ/12 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جمعه

29

نماز جمعہ کی شرائط

سوال: مسجد میں جمعہ کروانے کی کیا شرائط ہیں اور کم از کم کتنے نمازی ضروری ہیں؟

User ID: عامر حنیف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز جمعہ کے لئے مسجد ہونا شرط نہیں بلکہ جائے نماز یا میدان وغیرہ میں بھی جمعہ قائم ہو سکتا ہے البتہ نماز جمعہ کے لئے چند شرائط ضروری ہیں۔

(1) شہر یا فنائے شہر ہو (2) سلطان اسلام یا اس کا نائب جمعہ قائم کرے

(3) ظہر کے وقت میں ہو (4) خطبہ ہو

(5) امام کے علاوہ کم از کم تین مرد ہوں (6) اذن عام ہو (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

7 شعبان 1443ھ/11 مارچ 2022ء

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

30

تین جمعے چھوڑنا

سوال: جس کے تین جمعے چھوٹ جائیں تو اس کے لیے کیا حکم ہے؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بلا عذر شرعی جان کر ایک مرتبہ بھی نماز جمعہ کا ترک حرام ہے اور تین جمعے چھوڑنا اور سخت گناہ ہے مگر اس سے بندہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا جب تک جمعہ کی فرضیت کا انکار نہ کرے، احادیث میں ہے کہ جس نے مسلسل تین جمعے بلاوجہ چھوڑے اللہ اس کے دل پر مہر کر دے گا۔ (ابو داؤد، ابن ماجہ)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمہ اللہ علیہ اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں: مہر سے مراد غفلت کی مہر ہے۔۔ کیونکہ جمعہ کی فسق ہے۔ (مرآۃ المناجیح)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

31

ظہر اور جمعہ کی سنت قبلیہ چھوٹ جائے تو؟

سوال: اگر ظہر یا جمعہ کی سنت قبلیہ رہ جائے تو کس ترتیب سے ادا کریں؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ظہر کی سنت قبلیہ رہ جائے تو بہتر یہ ہے کہ فرضوں کے بعد والی سنتیں ادا کرنے کے بعد ان چار کو ادا کیا جائے، اسی طرح جمعہ کی سنت قبلیہ رہ جائے تو پہلے فرضوں کے بعد والی چار سنت مؤکدہ پڑھے پھر پہلے والی چار سنتیں پڑھے، یہی طریقہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہے۔ حدیث پاک میں ہے: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا فاتتہ الاربع قبل الظھر صلاھا بعد الرکعتین بعد الظھر ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اگر ظہر کی سنت قبلیہ کبھی رہ جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دو سنتوں کے بعد ادا فرماتے۔ (ابن ماجہ، حدیث 1158، جلد 1، صفحہ 366)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

امامت

32

عورت کی امامت

سوال: کیا عورت نماز تراویح میں قرآن سنا سکتی ہے اور نماز تسبیح پڑھا سکتی ہے؟

User ID: ردا علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کی اقتدا میں مرد کی تو نماز ہی نہیں ہو گی اور عورت کا عورتوں کا امام بننا مکروہ تحریمی اور ناجائز ہے چاہے فرض نماز کی جماعت ہو یا نفل کی لہذا عورت نہ تراویح کی جماعت کرواسکتی ہے نہ اس میں قرآن سنا سکتی ہے اور نہ ہی صلاۃ التسبیح پڑھا سکتی ہے۔ شامی میں ہے: ویکرہ تحریما جماعۃ النساء ولو التراویح یعنی عورتوں کی جماعت مکروہ تحریمی ہے اگرچہ تراویح کی ہو۔ (شامی، جلد 1، صفحہ 565، دار الفکر)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

33

امام سے پہلے سر اٹھانا کیسا

سوال: اگر مقتدی سجدے میں بھول کر امام سے پہلے سر اٹھالے تو کیا حکم ہے؟

User ID: حیدر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مقتدی امام سے پہلے سر اٹھالے تو واپس سجدہ میں لوٹنا واجب ہے، اگر نہ لوٹا تو گناہ گار ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: اگر مقتدی نے امام سے پہلے سر اٹھالیا تو مقتدی پر لوٹنا واجب ہے، نہ لوٹے گا تو کراہت تحریم کا مرتکب ہو گا، گناہ گار ہو گا۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 526، مکتبہ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1443ھ/23 فروری 2022

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

34

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: امام اگر محراب میں ہو تو نماز ہو جاتی ہے؟

سلیم:UserID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام کا محراب میں تنہا کھڑا ہونا مکروہ تنزیہی ہے اور اگر وہ باہر کھڑا ہو اور سجدہ محراب میں کرے یا وہ محراب میں تنہا نہ ہو بلکہ اس کے ساتھ کچھ مقتدی محراب میں ہوں تو اس میں کوئی کراہت نہیں۔اسی طرح اگر مسجد مقتدیوں کے لئے تنگ ہو تو بھی محراب میں تنہا کھڑا ہونا مکروہ نہیں۔(ماخوذ از فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

35

امام رکوع میں ہو تو

سوال: امام اگر رکوع میں ہو تو مقتدی تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھے گا یا نہیں؟

User ID: محمد انوار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام رکوع میں ہو تو نماز کے لیے آنے والا شخص کھڑے کھڑے تکبیر تحریمہ کہے، پھر اگر اسے امام کی عادت پتا ہو کہ وہ اتنی دیر رکوع میں رہیں گے کہ میں ثنا پڑھ کر رکوع میں شامل ہو جاؤں گا تو ہاتھ باندھ کر ثنا پڑھے پھر دوسری تکبیر کہ کر رکوع میں جائے اور اگر یہ گمان ہو کہ ثنا پڑھوں گا تو امام رکوع سے سر اٹھالیں گے تو تکبیر تحریمہ کے بعد ہاتھ نہ باندھے بلکہ دوسری تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں چلا جائے کیونکہ ہاتھ باندھنا اس قیام کی سنت ہے جس میں رک کر کچھ پڑھنا ہو اور اگر قیام میں ٹھہرنا اور پڑھنا نہیں اس میں سنت ہاتھ لٹکانا ہے۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد 7، صفحہ 234،235)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

قضا نمازیں

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

36

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: ظہر کی سنتیں پڑھنے کے بعد جماعت میں وقت ہو تو قضاء عمری پڑھ سکتے ہیں؟ فجر کی سنتوں کے بعد سجدہ تلاوت کر سکتے ہیں؟

UserID:سعید احمد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

(1) ظہر کی سنتیں پڑھنے کے بعد اگر جماعت میں وقت ہو تو قضاء عمری پڑھنا جائز ہے جبکہ کسی پر اظہار نہ کرے کہ گناہ کا اظہار بھی گناہ ہے۔

(2) فجر کی سنتوں کے بعد سجدہ تلاوت کرنا جائز ہے۔

(ماخوذ از فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

12 فروری 2022 بمطابق 10 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

37

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: جس پر صرف ایک نماز قضا ہو اور وہ مسجد آئے تو جماعت تیار ہو تو وہ جماعت میں شامل ہو گا یا پہلے قضا پڑھے گا؟

UserID: محمد عارف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس کے ذمہ چھ (6) سے کم نمازیں قضا ہوں وہ صاحب ترتیب کہلاتا ہے اور صاحب ترتیب کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ پہلے اپنی قضا نماز ادا کرے گا اور پھر وقتی نماز ادا کرے گا، اگر یاد ہوتے ہوئے بھی پہلے وقتی نماز پڑھی تو نہیں ہو گی ہاں اگر وقتی نماز قضا ہونے کا خوف ہو تو وقتی نماز پڑھ لے۔ صورت مسؤلہ میں وہ پہلے اپنی قضا ادا کرے گا پھر جماعت میں شامل ہو گا۔ (عامہ کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

38

تراویح چھوڑ کر قضا

سوال: اگر کسی پر قضا نمازیں بہت زیادہ ہوں تو کیا وہ تراویح چھوڑ کر قضائے عمری پڑھ سکتا ہے؟

User ID: مقبول حسین چشتی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تراویح پڑھنا سنت مؤکدہ ہے اور سنت مؤکدہ کو چھوڑنے کی عادت بنانا گناہ ہے لہذا تراویح کو چھوڑ نہیں سکتے البتہ نوافل اور سنت غیر مؤکدہ کی جگہ قضائے عمری پڑھ سکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

مسافر کی نماز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

39

گھر پہنچ کر قصر یا پوری

سوال: عشاء کی اذان سفر میں ہوئی اور پتا ہے گھر پہنچ جائیں گے تو قصر پڑھیں یا گھر پہنچ کر پوری پڑھیں؟

User ID: بلال ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قصر یا پوری نماز پڑھنے میں نماز کے آخری وقت کا اعتبار ہے لہذا نماز اگر شہر کی آبادی میں داخل ہونے سے پہلے پڑھی تو قصر پڑھیں گے اور اگر شہر کی آبادی میں داخل ہونے یا گھر پہنچنے پر پڑھی تو پوری پڑھیں گے بہر صورت اختیار ہے چاہے تو گھر پر پڑھے جبکہ قضا نہ ہونے کا یقین ہو یا سفر میں پڑھے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

28رجب 1443ھ/2 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

40 امام مسافر ہو تو کتنی پڑھائے؟

سوال: امام مسافر ہو تو وہ پوری نماز پڑھائے گا یا قصر؟

User ID: سردار مہتاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

امام مسافر ہو تو اس پر بھی دو رکعت ہی پڑھنا واجب ہے البتہ وہ اپنا مسافر ہونا پہلے مقتدیوں پر ظاہر کر دے تاکہ مقیم مقتدی دو رکعت کے بعد اپنی بقیہ نماز پڑھ لیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

30 رجب 1443ھ/4 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

41

مسافر بھول کر پوری نماز پڑھ لے

سوال: اگر مسافر بھول کر پوری نماز پڑھ لے تو اس کی نماز ہو جائے گی؟

User ID: بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی مسافر پر قصر یعنی چار رکعت والی فرض نماز کو دو کر کے پڑھنا واجب ہے، اگر بھول کر کسی نے چار پڑھ لیں تو نماز میں یاد آنے کی صورت میں اس پر سجدہ سہو واجب ہے، اس صورت میں اگر دوسری پر قعدہ کیا تھا تو دو فرض ہو گئے اور بعد والے دو نفل۔ اور اگر یاد نہ آیا یا یاد آنے کے باوجود سجدہ سہو نہ کیا یا یہ مسئلہ پتا نہیں تھا یا جان کر چار رکعتیں پڑھیں تو نماز واجب الاعادہ ہو گی یعنی دو رکعت دوبارہ پڑھنا واجب ہو گا، جان کر سجدہ سہو چھوڑنے اور قصدا پوری پڑھنے پر گناہ گار بھی ہو گا۔ (ماخوذا: رد المحتار، 2/734، البنایہ، 3/10، فتاوی رضویہ، 8/270)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

10 ذو القعدہ 1443، 10 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وتر

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

42

سوال: وتر کی تیسری رکعت میں تکبیر کہنا اور ہاتھ اٹھانا کیا ہے؟

User ID: مغل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وتر کی تیسری رکعت میں تکبیر قنوت کہنا واجب ہے اور کانوں تک ہاتھ اٹھانا سنت ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کفن

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

43

چھوٹی بچی کا کفن

سوال: چھوٹی بچی کو کتنا کفن دیا جائے؟

User ID فائق رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بچہ اگر مردہ پیدا ہوا یا اکثر حصہ باہر ہونے سے پہلے مر گیا تو اسے مسنون کفن نہیں دیا جائے گا بلکہ ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کردیں گے اور اگر زندہ پیدا ہوا یعنی اکثر حصہ باہر ہونے کے وقت زندہ تھا تو اس کو کفن دیا جائے گا۔ کفن دینے کے حوالے سے تفصیل یہ ہے کہ اگر بچہ قریب البلوغ ہو یعنی لڑکا کم از کم 12 سال اور لڑکی 9 سال کی ہو تو انہیں پورا مرد و عورت والا کفن دیا جائے گا اور اگر اس سے کم ہوں تو لڑکے کو ایک اور لڑکی کو دو کپڑوں میں کفن دینا جائز ہے، لڑکے کو دو اور لڑکی کو تین کپڑے دینا اچھا ہے اور سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ ان کو بھی مرد و عورت والا کفن دیا جائے۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، 100/ 9)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز جنازه

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

44

نماز جنازہ میں تیسری تکبیر پر سلام

سوال: اگر نماز جنازہ میں کسی نے تیسری تکبیر پر سلام پھیر دیا پھر یاد آتے ہی چوتھی تکبیر کہ کر سلام پھیرا تو کیا حکم ہے؟

User ID: ندیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے بھول کر تیسری تکبیر پر سلام پھیر دیا پھر فوراً چوتھی تکبیر کہہ کر سلام پھیرا تو اس کی نماز جنازہ ہو جائے گی۔ ھندیہ میں ہے: **ولو سلم الامام بعد الثالثہ ناسیا کبر الرابعہ ویسلم** ترجمہ: اور اگر امام نے بھول کر تیسری کے بعد سلام پھیر دیا تو چوتھی تکبیر کہے اور سلام پھیر دے۔ (عالمگیری، جلد1، صفحہ 181، دار الکتب)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

29رجب 1443ھ/3 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

45

غائبانہ نماز جنازہ

سوال: غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احناف کے نزدیک غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں کیونکہ نماز جنازہ کی ایک شرط یہ ہے کہ میت سامنے موجود بھی ہو اور چونکہ یہ شرط یہاں نہیں پائی جاتی لہذا نماز جنازہ بھی نہیں ہو سکتا۔ فتح القدیر میں ہے: و شرط صحتھا اسلام المیت و طھارتہ وضعہ امام المصلی فلھذا لا یجوز علی الغائب ترجمہ: نماز جنازہ کے صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ میت مسلمان ہو، طاہر ہو اور جنازہ نمازی کے آگے زمین پر رکھا ہو، اسی شرط کی وجہ سے غائب پر جنازہ جائز نہیں۔

(فتح القدیر، جلد 2، فصل فی الصلاۃ علی المصلی، سفحہ 120، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

46

نماز جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد

سوال: نماز جنازہ میں سلام پھیرنے سے پہلے ہاتھ چھوڑنے چاہیے یا بعد میں؟

User ID: محمد تنویر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ چھوڑ دینے چاہیے کیونکہ نماز میں قیام کی حالت میں ہاتھ باندھنا اس وقت سنت ہے جب قیام میں مسنون ذکر ہو اور اگر وہاں مسنون ذکر نہیں تو ہاتھ نہیں باندھے جائیں گے، نماز جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد کوئی مسنون ذکر نہیں لہذا ہاتھ باندھنا بھی سنت نہیں بلکہ ہاتھ لٹکانا سنت ہے۔

(مجمع الانہر، جلد1، صفحہ141)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7ذو القعدہ 1443، 7جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

مسجد و وقف

47

پرانی چٹائیوں کا کیا کیا جائے

سوال: مسجد کی قالین پرانی ہوگئی ہے اب نئی لانا چاہتے ہیں تو پرانی کا کیا جائے؟ کسی دوسری مسجد میں دے سکتے ہیں؟

User ID: غلام یسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد کے جو قالین قابل استعمال ہیں نہ ان کو بیچ سکتے ہیں نہ دوسری مسجد میں دے سکتے ہیں اور جو قابل استعمال نہیں ان کے حوالے سے دو صورتیں ہیں، اگر تو کسی نے ذاتی مال سے یہ چیزیں دی تھیں تو اس کو واپس کردیں وہ جو چاہے کرے، وہ نہ رہا ہو تو اس کے ورثا کو دے دیں اگر ورثا بھی نہ ہوں یا معلوم نہ ہوں تو شرعی فقیر کو صدقہ کردیں یا مسجد میں دے دیں، مالک یا فوت ہونے کی صورت میں تمام ورثا بالغ وموجود ہوں تو ان کی اجازت سے ان کو بیچ کر دوسرے قالین خرید سکتے ہیں یا دوسری مسجد میں دے سکتے ہیں۔ اور اگر یہ قالین مسجد کے چندے سے لئے گئے تھے تو متولی ان کو بیچ کر دوسرے قالین لے سکتا ہے مگر دوسری مسجد میں نہیں دے سکتا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

48

مسجد میں مچھر جلیبی جلانا؟

سوال: مسجد میں مچھر جلیبی جلانا اور مچھر اسپرے کرنا کیسا؟

User ID: عبد الہادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مچھر جلیبی عموما بدبودار ہوتی ہے اس کا مسجد میں جلانا جائز نہیں نہ ہی ایسی جگہ جلانا جائز ہے جہاں سے بدبو مسجد میں آئے البتہ اسپرے بدبودار نہ ہو تو کرنا جائز ہے اور اگر بدبودار ہو تو اس کی بھی ممانعت ہے کیونکہ مسجد کو ہر طرح کی بدبو سے بچانا ضروری ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: مسجد کو بو سے بچانا واجب ہے، ولہذا مسجد میں مٹی کا تیل جلانا حرام، مسجد میں دیا سلائی سلگانا حرام، حتی کہ حدیث میں ارشاد ہوا: مسجد میں کچا گوشت لے جانا جائز نہیں۔ حالانکہ کچے گوشت کی بو بہت خفیف ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 16، صفحہ 232)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

روزه

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

49

خون نکلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

سوال: میرے ایک دوست کو بواسیر کی بیماری ہے وہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ خون آنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

User ID: شعیب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بدن سے کسی چیز کے نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا لہذا کسی بیماری کے سبب بھی خون نکلے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26رجب المرجب 1443، 28فروری 2022

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

50

روزے میں مرہم لگانا

سوال: جسم میں درد ہو تو روزے کی حالت میں بام یا آئیوڈیکس لگا سکتے ہیں؟

User ID: زوہان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے کی حالت میں بام یا دوسرے مرہم لگانے میں حرج نہیں اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ جو چیز مسام (pore) کے ذریعے جسم میں جائے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا اگرچہ جسم میں حرارت یا ٹھنڈک محسوس ہو۔ شرح نقایہ میں ہے: لو وصل الی جوفہ من المسام لا یفسد ترجمہ: دوا یا غذا اگر مسامات کے ذریعے پہنچے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

(شرح النقایہ للملا علی قاری، جلد 1، کتاب الصوم، صفحہ 571، دار ارقم)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

3 رمضان 1443ھ / 5 اپریل 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

زکوٰۃ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

51

قرض دی ہوئی رقم پر زکوۃ

سوال: احمد نے زید کو بیس لاکھ روپے دئے اب کیا احمد ان بیس لاکھ کی زکوۃ دے گا؟

User ID: آصف حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احمد پر ان بیس لاکھ کی زکوۃ فرض ہے مگر ادائیگی فوراواجب نہیں بلکہ جب نصاب کا کم از کم خمس (پانچواں حصہ) اسے وصول ہو تو اس وصول شدہ کی ادائیگی فوراواجب ہو جائے گی مگر بہتر یہ ہے کہ بیس لاکھ کی زکوۃ ہر سال نکالتا رہے تاکہ ایک ساتھ سارے سالوں کی زکوۃ دینے میں آزمائش نہ ہو۔

وضاحت: اس مسئلہ کی آسان وضاحت یہ ہے کہ بیس لاکھ کی زکوۃ باقی اموال کی زکوۃ کے ساتھ دینا ضروری نہیں بلکہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی جو قیمت مارکیٹ میں ہے اس کا پانچواں حصہ اس قرض میں سے جب وصول ہو تو اس کی زکوۃ فورا دے اسی طرح جب کم از کم اتنی ملتی رہے دیتا رہے۔ مثلا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت اگر مارکیٹ میں 75000 ہے تو اس کا پانچواں حصہ ہوا 15000 تو جب اتنا یا اس سے زیادہ وصول ہو تو فورا جتنے سالوں کی زکوۃ باقی ہے وہ دے

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

52

لاکھ روپے پر زکوۃ

سوال: اگر کسی کے پاس لاکھ روپے ہوں اور سال بھی گزر گیا ہو تو اس پر زکوۃ ہو گی؟

User ID: زاہد سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کے پاس ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر کیش ہو اور سال بھی گزر جائے تو اس پر زکوۃ فرض ہوتی ہے جبکہ دیگر شرائط پائی جائیں اور ایک لاکھ روپے آج کل کے حساب سے ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت سے زیادہ ہیں لہذا اس پر زکوۃ فرض ہو گی البتہ یہ یاد رہے کہ جو پہلے سے صاحب نصاب ہے اس کے لئے اس رقم پر الگ سے سال گزرنا ضروری نہیں بلکہ اس کا پہلے والا نصاب کا سال جب مکمل ہو گا تو اس ایک لاکھ کو بھی شامل نصاب کر کے اس کی زکوۃ اسی وقت دینی ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29رجب 1443ھ/3 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

53

ایک تولہ سونا اور کچھ پیسے پر زکوۃ

سوال: ایک عورت کے پاس ایک تولہ سونا ہے اور ساتھ چند ہزار روپے ہیں تو کیا زکوۃ لازم ہو گی؟

User ID: امتیاز الحق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سونے کا اپنا نصاب اگرچہ ساڑھے سات تولہ ہے یعنی اگر کسی کے پاس صرف سونا ہے اور اموال زکوۃ میں سے کچھ نہیں تو اگر سونا ساڑھے سات تولہ سے کم ہو تو اس پر زکوۃ لازم نہیں ہوتی لیکن اگر یہ نصاب پورا نہ ہو مگر اموال زکوۃ میں سے کچھ بھی ہو تو اب دونوں کو ملا کر ان کی قیمت کو دیکھا جائے گا اگر یہ ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر ہو جاتے ہیں تو اس پر زکوۃ لازم ہو گی جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔ صورت مسئولہ میں ایک تولہ سونے کے ساتھ ایک ہزار روپے بھی ملائے جائیں تو یہ ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت سے زیادہ بنیں گے لہذا زکوۃ ہو گی جبکہ زکوۃ کی شرائط پائی جائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

54

ایک شرعی فقیر کو کتنی زکوۃ دے سکتے ہیں

سوال: ایک شرعی فقیر کو زکوۃ دینی ہو تو کتنی دے سکتے ہیں؟

User ID: وسیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مستحب یہ ہے کہ ایک شخص کو اتنی زکوۃ دی جائے کہ اس دن اسے کسی سے مانگنے کی حاجت نہ رہے اور یہ اس شخص کی حالت کے اعتبار سے ہو گا یعنی جس کے اہل وعیال اور ضروری اخراجات زیادہ ہیں اس کے لئے مقدار زیادہ ہو گی اور کم والے کے لئے کم لیکن بلاضرورت اتنی زکوۃ دینا کہ وہ خود صاحب نصاب ہو جائے یہ ناپسندیدہ ہے لیکن زکوۃ ادا ہو جائے گی اور کوئی ضرورت ہو مثلاوہ مقروض ہے تو اتنا دینا کہ قرض نکال کر نصاب سے کم بچے تو اس میں کراہت نہیں۔

(ملخصا: عالمگیری 188/1، شامی 355/3، بہار شریعت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذو القعدہ 1443ھ/2جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

55

حج کے لئے جمع شدہ رقم پر زکوۃ

سوال: حج یا عمرہ کے لئے رقم جمع تھی اور کرونا وائرس کی وجہ سے نہ جا سکے تو کیا اس پر زکوہ دینی ہو گی؟

User ID: دنیائے فانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حج یا عمرہ کے لئے رقم جمع کی ہوئی ہو تو اگر وہ نصاب کو پہنچتی ہو تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: روپیہ کہیں جمع ہو کسی کے پاس امانت ہو مطلقا اس پر زکوۃ واجب ہے۔ (فتوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 141، رضا فاؤنڈیشن)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

7 شعبان 1443ھ/11 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

قسم کا کفارہ

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ　　وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: قسم کا کفارہ ادا کرنے کے لیے کیا ایک ہی مسکین کو دس صدقہ فطر دے سکتے ہیں؟

UserID:مدنی پھول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک ہی مسکین کو قسم کا کفارہ دینا چاہیں تو ضروری ہے کہ دس دن تک ایک ایک صدقہ فطر دیں اگر ایک مسکین کو ایک ساتھ دیا تو کفارہ ادا نہیں ہوگا۔ چنانچہ بہار شریعت میں ہے: "اگر ایک ہی دن میں ایک مسکین کو سب دیدیا۔۔۔ تو صرف اس ایک دن کا ادا ہوا۔ (بہار شریعت، جلد2، حصہ 8، صفحہ216، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

6 فروری 2022 بمطابق 4 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com　Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ　Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

قربانی

57

قربانی کس پر واجب ہے؟

سوال: قربانی کس پر واجب ہے؟

user id: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہر اس بالغ مقیم مسلمان مرد وعورت پر قربانی واجب ہے جو مالک نصاب ہو اور اس پر اتنا قرض نہ ہو کہ اس قرض کو مائنس کرے تو نصاب باقی نہ رہے۔ جس کے پاس ساڑھے سات تولہ سونا یا ساڑھے باون تولہ چاندی یا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر رقم (ملکی / غیر ملکی کرنسی / پرائز بانڈ) ہو یا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر مال تجارت (جو چیز بیچنے کی نیت سے خریدی ہو) یا اتنی ہی مالیت کا حاجت اصلیہ (ضروریات زندگی جنکی عموما انسان کو ضرورت ہوتی ہے اور انکے بغیر گزارا کرنے میں دشواری ہوتی ہے) سے زائد سامان ہو۔ یاد رہے ان چیزوں میں سے بعض ہیں یا سب تھوڑا تھوڑا ہے اور وہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر پہنچ جائے تو بھی صاحب نصاب ہے۔ عید الاضحی کے دنوں (10 ذوالحجہ کی صبح صادق سے 12 ذوالحجہ کے غروب آفتاب سے پہلے تک) میں جو اس مال کا مالک ہوگا اس پر بھی قربانی واجب ہے۔ (ملخصا: عالمگیری، بدائع الصنائع، ھدایہ، وغیرھم)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 ذوالقعدہ 1443ھ 3 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

58

ذوالحجہ میں ناخن

سوال: ذوالحجہ میں قربانی تک ناخن وغیرہ نہیں کاٹے جاتے اگر کوئی کاٹ لے تو کیا گناہ گار ہو گا؟

User ID: افتخار اعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص قربانی کا ارداہ رکھتا ہے وہ ذوالحجہ کا چاند نظر آنے سے قربانی کرنے تک ناخن اور بال نہ کاٹے نہ کٹوائے تاکہ حاجیوں سے مشابہت ہو جائے اور یہ حکم حدیث پاک میں دیا گیا ہے مگر یہ حکم وجوبی نہیں یعنی ایسا کرنا بہتر اور ثواب کا کام ہے ضروری نہیں، اگر کسی نے ناخن یا بال کاٹے یا کٹوائے تو وہ گناہ گار نہیں ہو گا نہ ہی قربانی پر فرق پڑے گا۔ اگر ناف سے نیچے اور بغل کے بال اور ناخن کو کاٹے ہوئے چالیس دن ہو گئے ہیں تو اس پر واجب ہے کہ کاٹ لے اگرچہ ذوالحجہ کا مہینہ ہو کیونکہ چالیس دن سے زیادہ ان کو بڑھانا ناجائز و گناہ ہے۔ جو قربانی نہ کر سکے اگر وہ بھی ذوالحجہ کے پہلے دس دن بال و ناخن کاٹنے سے رکا رہے اور بعد عید حجامت کروائے تو قربانی کا ثواب پائے گا۔ (ملخصا: ترمذی، نسائی، مرآۃ، فتاوی رضویہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

8ذوالقعدہ 1443ھ 8جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

59

ادھار لے کر قربانی کرنا

سوال: کیا کوئی مالک نصاب شخص ادھار لے کر قربانی کر سکتا ہے اگر اس کے پاس اس وقت رقم نہ ہو؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

جس پر قربانی واجب ہے اگر اس کے پاس جانور خریدنے کے لئے کیش نہیں تو یا کسی سے قرض لے یا اپنا کچھ سامان بیچ کر قربانی کرے کیش کا نہ ہونا قربانی نہ کرنے کا عذر نہیں۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: جس پر قربانی ہے اور اس وقت نقد اس کے پاس نہیں وہ چاہے قرض لے کر کرے یا اپنا کچھ مال بیچے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 370)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 ذو القعدہ 1443ھ 3 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

60

جانور کے دانت ٹوٹ جائیں تو قربانی

سوال: اگر جانور کے دانت ٹوٹ گئے ہوں تو کیا اس کی قربانی ہو جائے گی؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر جانور کے اتنے دانت سلامت ہوں جن سے وہ خود چارہ چر سکے تو اس کی قربانی جائز ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ جانور میں اتنا عیب بھی نہ ہو، اگر اتنے دانت سلامت نہیں تو قربانی نہیں ہوگی۔ فتاوی قاضی خان میں ہے: ان بقی لھا من الاسنان قدر ما تعتلف جاز والا فلا

ترجمہ: اگر اتنے دانت ہوں جن سے چارہ کھا سکے، تو اس کی قربانی جائز ہے، ورنہ جائز نہیں۔
(فتاوی قاضی خان، ج3، ص240)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8ذو القعدہ 1443ھ 8جون 2022ء

Fiqhi Masail Group
فقہی گروپ کے مختصر جوابات
نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔
ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

61

عورت کا جانور ذبح کرنا

سوال: کیا عورت جانور ذبح کر سکتی ہے؟

User ID: تبریز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلمان عورت اگر ذبح کرنا جانتی ہے تو اس کا ذبیحہ حلال ہے البتہ ذبح کرتے وقت بے پردگی نہ ہو اس کا خاص خیال رکھا جائے۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عورت کا ذبیحہ جائز ہے جبکہ ذبح کرنا جانتی ہو اور شرائط حلت مجتمع ہو۔

(فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 251)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3ذوالقعدہ 1443ھ 3جون 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

62

مرغی کو بغیر بسم اللہ پڑھے ذبح کرنا

سوال: اگر کوئی جان بوجھ کر بغیر بسم اللہ پڑھے مرغی ذبح کرے تو کیا حکم ہے؟

User ID: قادر بخش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر جان بوجھ کر بسم اللہ پڑھے بغیر مرغی ذبح کی تو وہ مردار ہو گئی اس کا کھانا حرام ہے۔ ھدایہ میں ہے: **و ان ترك الذابح التسمية عمدا فالذبيحة ميتة لا تؤكل** ترجمہ: اور اگر ذبح کرنے والے نے جان بوجھ کر بسم اللہ نہ پڑھی تو ذبیحہ مردار ہو گیا اس کو نہیں کھایا جائے گا۔ (الھدایہ، جلد4، کتاب الذبائح، صفحہ 433)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 رجب 1443ھ/3 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

عورتوں کے مسائل

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

63

ALRAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: نقلی پلکیں اور نقلی ناخن لگانے کا کیا حکم ہے؟

UserID: بنت حوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

انسان اور خنزیز کے بالوں سے بنی پلکوں کے علاوہ زینت کے لئے آرٹیفیشل پلکیں لگانا جائز ہے اسی طرح آرٹیفیشل ناخن لگانا بھی جائز ہے لیکن اس میں یہ احتیاط کرنی ہوگی کہ کوئی بڑے ناخن دیکھ کر بدگمان نہ ہو، نیز وضو اور غسل کے لئے ان پلکوں اور ناخنوں کا اتارنا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

فقہی مسائل گروپ

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ　　　وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

64

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: کیا عورت حالت احرام میں پاؤں میں جرابیں پہن سکتی ہے؟

UserID:عبد الرحمن عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت حالت احرام میں جرابیں پہن سکتی ہے، جرابیں پہننے کی ممانعت مرد کے لئے ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "عورت کو چند باتیں جائز ہیں:۔۔۔۔۔ دستانے، موزے، سلے کپڑے پہننا۔۔۔الخ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 5، صفحہ 1083، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

8فروری2022 بمطابق6رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com　Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ　Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

65

مخصوص ایام میں روزہ

سوال: کیا عورت حالت حیض میں روزہ رکھ سکتی ہے؟

User ID: الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حیض و نفاس کی حالت میں عورت کو روزہ رکھنا حرام ہے، رمضان کے بعد ان روزوں کی قضا کرے گی۔ ترمذی میں ہے: عن عائشه قالت كنا نحيض على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم نطهر فيامرنا بقضاء الصيام۔۔۔ لا نعلم بينهم اختلافا ان الحائض تقضي الصيام ترجمہ: بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، فرماتی ہیں ہم حضور ﷺ کے زمانے میں حالت حیض میں ہوتیں پھر پاک ہونے پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں رمضان کے روزے قضا کرنے کا حکم ارشاد فرماتے۔۔۔ ہم اس معاملے میں اہل علم کے درمیان کوئی اختلاف نہیں جانتے کہ حائضہ رمضان کے روزے قضا کرے گی۔ (ترمذی، ابواب الصیام)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 رمضان 1443ھ/5 اپریل 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

66

ناپاکی میں اسلامیات کی کتاب پکڑنا

سوال: ایام مخصوصہ میں اسلامیات کی کتاب پکڑنا کیسا؟

User ID: محمد اویس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسلامیات کی کتابوں میں عموما قرآن کی آیات کم اور دیگر اسباق وغیرہ زیادہ ہوتے ہیں لہذا اس کا حکم قرآن پاک کے علاوہ دیگر دینی کتابوں والا ہوگا اور ان کا حکم یہ ہے کہ ناپاکی میں ان کتابوں کا چھونا مکروہ وناپسندیدہ ہے مگر گناہ نہیں لیکن اس میں بھی یہ خیال رکھنا ہوگا کہ جس جگہ آیت قرآنی یا اس کا ترجمہ ہو اس کو نہ چھوئے اسی طرح اس کے بالکل پیچھے والے ورق کی پشت کو بھی ہاتھ نہ لگے کہ یہ دونوں باتیں حرام ہیں۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، جلد 4، صفحہ 366)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

7ذو القعدہ 1443ھ/ 7جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

67

عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے صحبت

سوال: اگر ایام مخصوصہ عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے بند ہو جائیں تو صحبت جائز ہے؟

User ID: بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے ہی اگر خون بند ہو جائے تو اگرچہ غسل کرلے صحبت جائز نہیں جب تک عادت کے دن پورے نہ ہو جائیں۔ بہار شریعت میں ہے: عادت کے دن پورے ہونے سے پہلے ہی ختم ہو گیا تو اگرچہ غُسل کرلے جماع ناجائز ہے تاوقتیکہ عادت کے دن پورے نہ ہولیں، جیسے کسی کی عادت چھ ۶ دن کی تھی اور اس مرتبہ پانچ ہی روز آیا تو اسے حکم ہے کہ نہا کر نماز شروع کردے مگر جِماع کے لیے ایک دن اور انتظار کرنا واجب ہے۔

(بہار شریعت، 1/383)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7ذوالقعدہ 1443 7جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

68

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: کیا عورت شادی کے بعد اپنے نام کے ساتھ شوہر کا نام لکھ سکتی ہے؟

UserID:احمد رضا بٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت شادی کے بعد اپنے نام کے ساتھ شوہر کا نام لگا سکتی ہے اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ پہچان کے لئے ہوتا ہے نہ کہ نسب بیان کرنے کے لئے۔ جن روایات کی وجہ سے بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں ان روایات سے مراد نسب کی تبدیلی ہے جو کہ حرام ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

8 فروری 2022 بمطابق 6 رجب 1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy

ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

69

عورت کا کس سے پردہ ہے اور کس سے نہیں

سوال: عورت کا کس کس سے پردہ ہے اور کس سے نہیں؟

User ID: زوہیب عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا ہر اجنبی بالغ مرد سے پردہ ہے اور شرعا اجنبی سے مراد وہ ہے جو محرم نہ ہو جیسے دیور، جیٹھ، چچازاد، ماموں زاد، پھوپی زاد، خالہ زاد، بہنوئی وغیرہ۔ ایسے محارم جن سے نسبی رشتہ ہے ان سے پردہ نہ کرنا واجب ہے جیسے والد، دادا، نانا، چچا، ماموں، بھائی، بیٹا، پوتا، بھانجا، بھتیجا وغیرہ۔ ایسے محارم جن سے نسبی رشتہ نہیں بلکہ دودھ یا سسرال کا رشتہ ہے ان سے پردہ کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے جیسے سسر، داماد، رضاعی بھائی، رضاعی والد وغیرہ، لیکن بہتر یہ ہے کہ اگر یہ رشتہ دار جوان ہوں تو پردہ کرے اور اگر فتنے کا اندیشہ ہو تو پردہ کرنا واجب ہے یعنی حالت اور مصلحت کا اعتبار ہوگا۔ (ملخصا: فتاوی رضویہ، 22/240، پردے کے بارے میں سوال جواب، 44 تا 47)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5 ذوالقعدہ 1443ھ 5 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

70

دادی کے بھائی سے پردہ

سوال: کیا دادی کا بھائی نامحرم ہے اس سے پردہ ہو گا؟

User ID:عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دادی کا بھائی محرم ہوتا ہے اس سے پردہ نہیں کیونکہ دادی کے بھائی کے لئے دادی کی نواسیاں، پوتیاں بھتیجیوں بھانجیوں کے حکم میں ہیں اور بھتیجی وبھانجی محرم ہیں تو جس طرح ان سے پردہ نہیں ان کی اولاد سے بھی پردہ نہیں۔ قرآن پاک میں ہے: وَ بَنٰتُ الْاَخِ وَ بَنٰتُ الْاُخْتِ ﴿النساء:23﴾ ترجمہ: اور بھتیجیاں اور بھانجیاں (حرام ہو گئیں)

اس کی تفسیر میں ہے: بھتیجی بھانجی، اس میں بھانجیاں، بھتیجیاں اور ان کی اولاد بھی داخل ہے۔ (صراط الجنان، 2/172)

بہار شریعت میں ہے: بھتیجی، بھانجی سے بھائی، بہن کی اولادیں مراد ہیں، ان کی پوتیاں، نواسیاں بھی اسی میں شمار ہیں۔ (بہار شریعت، 2/22)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3ذو القعدہ 1443ھ 3جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

وراثت

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

71

بیٹیوں کو وراثت سے محروم کرنا

سوال: وراثت سے بیٹیوں کو محروم کرنا کیسا کیا اس پر کوئی وعید ہے؟

User ID: توقیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نہ صرف بیٹیوں کو بلکہ وراثت میں جس کا بھی حصہ بنتا ہو اگرچہ چند روپے ہی کیوں نہ ہوں اس کو وراثت سے محروم کرنا حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔ میراث کے احکام کی تفصیلات بیان کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ یُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ یُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِیْهَا ۪ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ﴿النساء:14﴾ ترجمہ یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرے تو اللہ اسے جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی (تمام) حدوں سے گزر جائے تو اللہ اسے آگ میں داخل کرے گا جس میں (وہ) ہمیشہ رہے گا اور اس کے لئے رسوا کن عذاب ہے۔

حدیث میں ہے: جو شخص اپنے وارث کی میراث کاٹے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جنت سے اس کی میراث کو کاٹ دے گا۔ (مشکوۃ، کتاب الفرائض، حدیث 3078)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

6 شعبان 1443ھ/10 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

72

باپ سے پہلے بیٹا فوت ہو جائے تو پوتے کا حصہ

سوال: اگر باپ سے پہلے بیٹا فوت ہو جائے اور باپ کے اور بھی بیٹے ہوں تو کیا پوتے کو وراثت سے حصہ ملے گا؟

User ID: انصر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

باپ سے پہلے بیٹا فوت ہو جائے اور اس کے اور بیٹے اس کی وفات کے بعد موجود ہوں تو پوتے کو اپنے دادا کی وراثت سے حصہ نہیں ملے گا کیونکہ وارث ہونے کے لئے شرط ہے کہ موت کے وقت وہ وارث زندہ ہو، چونکہ بیٹا پہلے فوت ہو گیا لہذا وہ تو وارث نہ بن سکا اب دادا کی وفات پر چونکہ اس کے بیٹے موجود ہیں تو وہی وارث بنیں گے کیونکہ وہ پوتے کے مقابلے میں زیادہ قریب ہیں لہذا پوتے کو حصہ نہیں ملے گا۔ اگر دادا کی وفات کے وقت ان کا کوئی بیٹا حیات نہ ہو تو پوتا وارث بنتا ہے۔

نوٹ: مزید تفصیل کے لئے دار الافتاء اہلسنت تشریف لائیں۔ (ملخصا: سراجی وغیرہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

10 ذوالقعدہ 1443 10 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

نکاح و طلاق

73

کن کو نکاح میں جمع کرنا حرام؟

سوال: ایک وقت میں کن دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے؟

User ID: عبد الرؤوف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے یعنی ایک نکاح میں ہو تو دوسری سے نکاح نہیں ہو سکتا جب تک پہلی کی وفات نہ ہو جائے یا طلاق کے بعد عدت ختم نہ ہو جائے۔ قرآن پاک میں ہے: وَ اَنْ تَجْمَعُوْا بَیْنَ الْاُخْتَیْنِ ترجمہ: اور دو بہنیں اکٹھی کرنا (حرام ہے)۔ (النسآء: 23) اسی طرح ایسی دو عورتیں کہ ان میں سے ایک کو مرد فرض کریں تو دوسری کا نکاح اس سے حرام ہو جیسے پھوپی بھتیجی کہ پھوپی کو مرد فرض کریں تو یہ بھتیجی کے لئے چچا ہوا اور چچا بھتیجی کا نکاح حرام ہے اور بھتیجی کو مرد فرض کریں تو پھوپی کے لئے بھتیجا اور ان کا نکاح بھی حرام، اسی طرح خالہ بھانجی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

30 رجب 1443ھ / 4 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ
وعلی آلک واصحبک یاحبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

74

تو مجھ پر حرام ہے

سوال: اگر کوئی اپنی بیوی کو یہ کہے کہ تو مجھ پر حرام ہے تو کیا طلاق واقع ہو جائے گی؟

User ID: غلام رسول رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تو مجھ پر حرام ہے کہنے سے ایک طلاق بائن واقع ہو جائے گی مگر اس میں نیت کا اعتبار نہیں، بغیر نیت ہی طلاق واقع ہو گی کیونکہ یہ جملہ طلاق کے لئے معروف ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ردالمحتار میں ہے: متاخرین نے کہا "تو مجھ پر حرام ہے" کہنے میں طلاق بائنہ ہو گی، عرف کی وجہ سے نیت کے بغیر واقع ہو گی۔ (فتاوی رضویہ، جلد 12، صفحہ 560)

نوٹ: یہ جواب معلومات کے لئے ہے اپنے ذاتی مسئلہ کے لئے دار الافتاء اہلسنت تشریف لائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7ذوالقعدہ 1443ھ 7جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

75

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: ایک بیوہ ہے اور اس کی بیٹی بھی ہے ایک شخص اس بیوہ سے نکاح کرنا چاہتا ہے اور اپنے بیٹے کا نکاح اس بیوہ کی بیٹی سے کروانا چاہتا ہے کیا یہ جائز ہے؟

UserID:بابل خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد کا اس بیوہ سے نکاح کرنا اور اپنے بیٹے کا نکاح اس عورت کی اس بیٹی سے کروانا جو دوسرے شوہر سے ہے جائز ہے۔ بہار شریعت میں ہے: کسی نے ایک عورت سے نکاح کیا اور اس کے لڑکے نے عورت کی لڑکی سے کیا، جو دوسرے شوہر سے ہے تو حرج نہیں۔ (بہار شریعت، جلد2، حصہ 7، صفحہ26، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــه

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

9فروری2022 بمطابق 7رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

76

سوال: نکاح ہو گیا ہو مگر رخصتی نہ ہوئی ہو تو کیا آپس میں باتیں کر سکتے ہیں اور تصویر کھینچوا سکتے ہیں اور ساتھ گھومنے جا سکتے ہیں؟

User ID: برہان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

رخصتی سے پہلے ان کاموں سے بچنا مناسب ہے کیونکہ ہمارے معاشرے میں بعض جگہ اس کو معیوب سمجھا جاتا ہے لیکن اگر ایسا کیا بھی تو گناہ نہیں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

عدت

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

77

سوال: عدت طلاق اور وفات کتنی ہے؟

User ID: سمیع الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

(1) عورت حاملہ ہو تو اس کی عدت وضع حمل ہے چاہے عدت وفات کی ہو یا طلاق کی۔ (الطلاق:4)

(2) حاملہ نہ ہو تو اگر حیض آتا ہے تو عدت طلاق تین حیض ہے۔ (البقرہ:228)

(3) اگر حیض نہیں آتا چاہے عمر 55 سال یا زائد ہونے کی وجہ سے یا نابالغہ ہونے کی وجہ سے یا عمر کے اعتبار سے بالغ ہونے کی صورت میں حیض نہ آیا ہو تو عدت طلاق تین مہینے ہے۔ (الطلاق:4)

(4) غیر حاملہ کی عدت وفات 4 مہینے 10 دن ہے چاہے جوان ہو یا بوڑھی بالغہ ہو یا نابالغہ رخصتی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔ (البقرہ:234)

(5) اگر انتقال پہلی تاریخ کو ہوا ہو تو چاند کے حساب سے 4 مہینے 10 دن ورنہ 130 دن پورے کرنے ہونگے۔

نوٹ: مزید احکام یا اپنے ذاتی مسئلہ کے لئے مفتیان کرام سے رابطہ فرمائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

78

طلاق سے پہلے انتقال تو عدت کونسی؟

سوال: عورت اپنے شوہر کے ساتھ نہیں رہتی اور نہ اس نے طلاق دی پھر شوہر کا انتقال ہو گیا تو کیا عورت عدت کرے گی اور شوہر کی وراثت میں حصہ ہو گا؟

User ID: عاصم ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر شوہر نے بیوی کو طلاق نہیں دی تھی اور بیوی شوہر کے انتقال تک شوہر کے نکاح میں تھی تو شوہر کے انتقال پر بیوی عدت بھی گزارے گی اور شوہر کی وراثت سے حصہ بھی پائے گی اگرچہ شوہر کے ساتھ نہ رہتی ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28رجب1443ھ/2مارچ2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

79

عدت میں شیمپو لگانا اور کنگھا کرنا کیسا

سوال: کیا عدت میں عورت خوشبو والا شیمپو لگا سکتی ہے اور کیا اپنے بالوں میں کنگھا کر سکتی ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

موت اور طلاق بائن کی عدت میں عورت پر سوگ لازم ہے اور سوگ میں شیمپو کا استعمال ممنوع ہے کیونکہ سوگ میں خوشبو کا استعمال ناجائز ہے اور خوشبو نہ بھی تو بھی شیمپو چونکہ بالوں کو ملائم کرتا ہے لہذا اس کی بھی اجازت نہیں۔

(ملخصا: زینت کے شرعی احکام، صفحہ 150، مجلس افتاء دعوت اسلامی)

سوگ میں بالوں کو کنگھی بھی نہیں کر سکتی لیکن سر میں درد ہو یا بال الجھ جائیں تو کنگھا کر سکتی ہے مگر کنگھے کے موٹے دندانوں والی طرف سے کنگھا کرے جس سے صرف بال سلجھا لے زینت کی نیت نہ ہو۔ (فتاوی رضویہ، 13/331)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

2 ذو القعدہ 1443ھ / 2 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کارو بار

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

80

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: قسطوں کا کاروبار کرنا کیسا؟

خلافت خلافت:UserID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

فی نفسہ قسطوں کا کاروبار جائز ہے یعنی چیز کیش میں سستی اور ادھار میں مہنگی بیچی جائے جبکہ مدت اور قسطیں مقرر ہوں لیکن فی زمانہ قسطوں کے کام میں ناجائز شرطیں رکھی جاتی ہیں مثلاً قسط لیٹ ہونے پر جرمانہ کی صورت میں اضافی رقم لینا، فلاں مدت میں قسطیں ادا نہ کیں تو رقم کا ضبط ہو جانا وغیرہ۔ اگر اس طرح کی کوئی ناجائز شرط رکھی تو یہ کام ناجائز ہو جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

7فروری2022بمطابق5رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

81

دو طرفہ کمیشن

سوال: کیا دو طرفہ کمیشن لینا جائز ہے؟

User ID: سید اویس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر کسی جگہ دو طرفہ کمیشن (بروکری) لینے کا عرف ہو اور بروکر دونوں طرف سے محنت کرے، بھاگ دوڑ اور کوشش دونوں کے لئے ہو اور سودے کے وقت وہ کسی ایک کی نمائندگی نہ کرے یعنی کسی ایک کی طرف سے بھی خود عقد نہ کرے اور کمیشن طے ہو تو دونوں طرف سے اتنا کمیشن لینا جس کا عرف ہو جائز ہے۔ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: **ولو سعی الدلال بینھما وباع المالك بنفسه یضاف إلی العرف إن کانت الدلالة علی البائع فعلیه وإن کانت علی المشتری فعلیه وإن کانت علیھما فعلیھما** ترجمہ: اور اگر بروکر بائع اور مشتری دونوں کے لیے کوشش کرائے، اور بائع خود سے عقد بیع کرے تو معاملہ عرف کی طرف پھیرا جائے گا، اگر اس صورت میں بروکری صرف بائع پر ہوتی ہے، تو اسی پر ہوگی اور اگر بروکری مشتری پر ہوتی ہے، تو اس پر ہوگی اور اگر بائع اور مشتری دونوں پر ہوتی ہے، تو دونوں پر ہوگی۔ (تنقیح الفتاوی الحامدیۃ، ج1، ص445)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

8 ذو القعدہ 1443 ھ 8 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

82

آدھا آدھا نفع

سوال: ہم دو دوست موبائل بیلنس کا کام شروع کرنا چاہتے ہیں میرے پاس ستر ہزار اور دوست کے پاس تیس ہزار ہیں تو کیا ہم نفع آدھا آدھا طے کر سکتے ہیں؟

User ID: ریحان انصاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آپ دونوں کا آدھا آدھا نفع طے کرنا جائز ہے لیکن یاد رہے نقصان راس المال کے مطابق ہونا ضروری ہے کیونکہ شراکت میں اگرچہ شریکوں کی انویسمنٹ کم زیادہ ہو برابر نفع لینا جائز ہے لیکن نقصان ان کی انویسمنٹ کے تناسب کے لحاظ سے ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: نفع میں کم و بیش کے ساتھ بھی شرکت ہو سکتی ہے مثلاً ایک کی ایک تہائی اور دوسرے کی دو تہائیاں اور نقصان جو کچھ ہو گا وہ راس المال کے حساب سے ہو گا اسکے خلاف شرط کرنا باطل ہے۔

(بہار شریعت، جلد 2، صفحہ 491، مکتبہ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

6 شعبان 1443ھ / 10 مارچ 2022ء

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

83

بیعانہ ضبط کرنے کا حکم

سوال: سودا کرتے وقت ایڈوانس رقم دی جاتی ہے اور وقت پر بقیہ پے مینٹ نہ کرنے پر وہ رقم ضبط ہو جاتی ہے اسی طرح مالک سودے سے پھر جائے تو ڈبل رقم مانگی جاتی ہے اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

User ID: ثاقب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سودا ختم ہونے پر بیعانہ ضبط کرنا حرام ہے اسی طرح چیز کا مالک اگر سودے سے پھر جائے تو اس سے دگنے (ڈبل) بیعانہ کا مطالبہ کرنا بھی ناجائز ہے۔ بیعانہ ضبط کرنے کے حوالے سے اعلی حضرت لکھتے ہیں: بیع نہ ہونے کی حالت میں بیعانہ ضبط کر لینا جیسا کہ جاہلوں میں رواج ہے ظلم صریح ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 17، صفحہ 94، رضا فاؤنڈیشن)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

28 رجب 1443ھ/2 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

تعریفات

84

صدقہ واجبہ کی تعریف

سوال: صدقہ واجبہ سے کیا مراد ہے؟

User ID: ابوالفرح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

صدقہ واجبہ سے مراد وہ صدقہ ہے جس کی ادائیگی شریعت کی طرف سے لازم قرار دی گئی ہے اور یہ غنی کو نہیں دیا جا سکتا جیسے زکوۃ، صدقہ فطر، قسم وغیرہ کے کفارے وغیرہ۔ بدائع الصنائع میں ہے: لا یجوز صرف جمیع الصدقات المفروضه والواجبه الیه کالعشور و الکفارات والنذور و صدقه الفطر ترجمہ: تمام فرض اور واجب صدقات غنی کو دینا جائز نہیں جیسے عشر، کفارات، منت اور صدقہ فطر کی رقم۔ (بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 47، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــه

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

85

عالم کی تعریف

سوال: اعلیٰ حضرت نے عالم کی کیا تعریف بیان کی ہے؟

User ID: ابوالفرح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عقائد سے پورے طور پر آگاہ ہو اور مُستقِل ہو اور اپنی ضَروریات کو کتاب سے نکال سکے بِغیر کسی کی مدد کے۔ علم کتابوں کے مُطالَعَہ سے اور عُلَماء سے سُن سُن کر بھی حاصِل ہو تا ہے۔

(تلخیص از احکامِ شریعت حصّہ ۲ ص ۲۳۱)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ/7 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

حلال و حرام

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

86

ڈارک براؤن کلر لگانا کیسا؟

سوال: سر اور داڑھی کے بالوں میں ڈارک براؤن کلر لگانا کیسا؟

User ID: حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈارک براؤن کلر چونکہ کالے جیسا ہی ہوتا ہے بلکہ لگانے کے بعد کچھ دنوں تک کالا ہی نظر آتا ہے اس لئے اس کے لگانے کی اجازت نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28رجب 1443ھ/2 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

87

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: کون سے سلام کا جواب دینا واجب ہے؟

UserID:حمزہ قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سلام تحیت یعنی جس کے آنے کا بنیادی مقصد ملاقات وزیارت ہو اس کے سلام کا جواب دینا واجب ہے، اس کے علاوہ کسی سلام کا جواب واجب نہیں البتہ کوئی شرعی رکاوٹ نہ ہو تو ہر سلام کا جواب دینا چاہیے کیونکہ اس کا ثواب بہت ہے۔ اسی طرح لکھے ہوئے سلام کا جواب بھی اسی صورت میں واجب ہو گا جب اس میں تحیت کا معنی پایا جائے جیسے حال احوال پوچھنے، تعلقات رکھنے بڑھانے کے لئے میسج، خط یا تحریر بھیجی ہو اور کوئی مقصد نہ ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فرازعطاری مدنی

12فروری2022بمطابق10رجب1443

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
ناظرہ قرآن بمعہ تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

88

سوال: کیا قومی بچت میں پیسے رکھ کر نفع حاصل کرنا جائز ہے؟

User ID: اقبال صدیقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

قومی بچت میں پیسے رکھ کر اس سے نفع حاصل کرنا خالص سود ہے کیونکہ ہمارے پیسے ان کے پاس قرض ہوتے ہیں اور نفع قرض کی وجہ سے ملتا ہے اور جو نفع قرض کے بدلے ملے وہ بحکم حدیث سود ہے۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: كل قرض جر منفعة فهو ربا یعنی ہر وہ قرض جو نفع لے کر آئے وہ سود ہے۔ (کنز العمال)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 رجب 1443ھ/18 فروری 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

89

سودی قرض والے کا ایصال ثواب

سوال: جو شخص بینک سے سودی قرض لیتا ہو اگر وہ کسی کو ایصال ثواب کرے تو ثواب پہنچے گا؟

User ID: غلام یسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اجازت شرعی کے بغیر سودی قرض لینا حرام اور گناہ کبیرہ ہے لیکن اس سے بندہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا جب تک سود کو حلال نہ سمجھے لہذا اگر کوئی سودی قرض لیتا ہے تو اگرچہ گناہ گار ہے مگر نیکی کا ثواب ایصال کرے تو وہ پہنچے گا۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

26 رجب المرجب 1443، 28 فروری 2022

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

90

منگیتر سے باتیں کرنا

سوال: منگنی کے بعد لڑکا لڑکی ایس ایم ایس پر بات کرسکتے ہیں؟

User ID: امان اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

منگنی ہونے سے لڑکا لڑکی محرم نہیں ہوجاتے وہ پہلے کی طرح اجنبی و نامحرم ہی رہتے ہیں لہذا ان کو آپس میں بات چیت کرنے کی اجازت نہیں چاہے ایس ایم ایس پر ہو یا اس کے علاوہ۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

91

سونے کے پانی والی انگوٹھی

سوال: اگر کسی نے چاندی کی جائز انگوٹھی پر سونے کا پانی چڑھایا تو وہ انگوٹھی پہننا جائز ہے؟

User ID: عارف حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر چاندی کی انگوٹھی پر سونے کا پانی چڑھایا تو اسے پہننا جائز ہے جبکہ وہ چاندی کی انگوٹھی ساڑھے چار ماشہ سے کم ہو اور اس میں ایک نگ بھی ہو مگر لوگوں کے سامنے ایسی انگوٹھی پہننے سے بچے تاکہ لوگ بدگمانی میں مبتلا نہ ہوں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: سونے یا چاندی کا پانی وجہ ممانعت نہیں ہاں اگر وہ شے فی نفسہ ممنوع ہو تو دوسری بات ہے جیسے سونے کا ملمع کی ہوئی تانبے کی انگوٹھی۔ (فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ 129)

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

24 رجب 1443ھ / 25 فروری 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

92

گلے میں چین پہننا کیسا؟

سوال: کیا گلے میں چین پہننا جائز ہے؟

User ID: سارہ فاطمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد کا کسی دھات کی چین پہننا ناجائز ہے البتہ عورت سونے چاندی کے ساتھ ساتھ دیگر دھاتوں جیسے پیتل، تانبہ وغیرہ کی چین جو عورتوں کے زیور کے طرز پر ہوتی ہیں پہن سکتی ہے کیونکہ فی زمانہ عورتوں کا اس میں ابتلا بہت زیادہ ہے یعنی عام وخاص سب خواتین پہن رہی ہوتی ہیں اس لئے علماء نے اس کی اجازت دی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1443ھ/22 فروری 2022

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

93

وعظ اور نعت کی اجرت لینا

سوال: ربیع الاول میں محافل ہوتی ہیں تو مولوی صاحب اور نعت خواں پیسے لیتے ہیں تو یہ جائز ہے؟

User ID: کاشی قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بیان کی اجرت لینا جائز ہے اور نعت خوانی کی اجرت لینا حرام ہے البتہ نعت خواں وقت کا اجارہ کرلیں مثلا میں اتنے بجے سے اتنے بجے تک آپ کا اجیر ہوں اس کے اتنے پیسے لوں گا اب صاحب محفل اسے نعت پڑھنے کا کام دے دیں تو یہ وقت کی اجرت ہوگی جو کہ جائز ہے اور ضرورت کی بنا پر یہ حیلہ کرنے کی علماء نے اجازت دی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

28 رجب 1443ھ/2 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

94

کیا گانا گانا حرام ہے؟

سوال: کیا گانا گانا حرام ہے؟

User ID: آدمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گانا گانا اور سننا دونوں ہی حرام ہیں اور اگر ان میں اسلام سے خارج کرنے والے الفاظ ہوں تو اس کو تائید کے ساتھ پڑھنا، سننا یا گانا اسلام سے خارج کردے گا۔ حدیث پاک میں ہے: اس اُمّت میں زمین میں دھنسا، مَسخ ہونا اور آسمان سے پتھر برسنا ہوگا مسلمانوں میں سے ایک شخص نے عرض کی: یارسولَ اللہ! صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم، یہ کب ہوگا؟ ارشاد فرمایا "جب گانے والیوں اور موسیقی کے آلات کا ظہور ہوگا اور شرابوں کو (سرِعام) پیا جائے گا۔

(ترمذی، کتاب الفتن، حدیث 2219)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

6شعبان 1443ھ/10 مارچ 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

95

مچھلی کب نہیں کھا سکتے؟

سوال: مچھلی کس موسم میں نہیں کھا سکتے؟

User ID: فرخ شان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مچھلی خواہ کوئی حلال چیز روزے کے علاوہ کسی وقت یا موسم میں بھی کھانا ممنوع نہیں۔ اللہ پاک فرماتا ہے: وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ترجمہ: اور کھاؤ اور پیو اور حد سے نہ بڑھ۔ اس کے تحت صراط الجنان میں ہے: اسراف یہ ہے کہ سیر ہو چکنے کے بعد بھی کھاتے رہو یا حرام کی پرواہ نہ کرو اور یہ بھی اسراف ہے کہ جو چیز اللہ تعالیٰ نے حرام نہیں کی اس کو حرام کرلو۔ آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ کھانے اور پینے کی تمام چیزیں حلال ہیں سوائے اُن کے جن پر شریعت میں دلیلِ حرمت قائم ہو کیونکہ یہ قاعدہ مقررہ مُسَلَّمَہ ہے کہ تمام اشیاء میں اصل اباحت ہے مگر جس پر شارع نے ممانعت فرمائی ہو اور اس کی حرمت دلیلِ مستقل سے ثابت ہو۔ (صراط الجنان)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 شعبان 1443ھ / 7 مارچ 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

جدید مسائل

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

96

موبائل پر بے وضو قرآن پڑھنا

سوال: موبائل پر قرآن پڑھنے کے لئے وضو ضروری ہے؟

User ID: جان صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

موبائل پر قرآن پڑھنے کے لئے وضو ضروری نہیں نہ ہی اسکرین کو ٹچ کرنے کے لئے وضو ضروری ہے لیکن بہتر یہی ہے کہ موبائل پر بھی باوضو تلاوت کی جائے بالخصوص اسکرین پر قرآن ہو تو باوضو ٹچ کرنا بہتر ہے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 رجب المرجب 1443ھ/28 فروری 2022

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

سوال: بعض اسٹورز پر خریداری کرنے پر پوائنٹس ملتے ہیں اور جتنے پوائنٹس ہوتے ہیں اتنے کی خریداری اس اسٹور سے کرسکتے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟

User ID: از: سید شیراز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خریداری پر ملنے والے پوائنٹس سے خریداری کرنا بالکل جائز ہے کیونکہ یہ اسٹور والوں کی طرف سے تحفہ ہے، نہ اس میں اپنے مال کو خطرے میں ڈالنا پایا جارہا ہے کہ جوئے کی صورت بنے نہ ہی قرض پر مشروط نفع ہے کہ سود کہلائے۔ (ماخوذ از کتب فقہ)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

98

Drop shipping کا کام کرنا کیسا

سوال: کیا drop shipping کا کام کرسکتے ہیں؟

User ID: عدیل ہزاروی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈراپ شپنگ Drop Shipping میں عموما چیز انسان کی ملکیت میں نہیں ہوتی اور وہ اسے آگے بیچ جارہا ہوتا ہے اور جو چیز آدمی کی ملکیت میں نہ ہو اس کو بیچنا جائز نہیں کیونکہ حدیث پاک میں اس سے منع کیا گیا ہے لہذا یہ کام کرنا جائز نہیں۔ حدیث پاک میں ہے: لا تبع ما لیس عندک ترجمہ: اس چیز کو نہ بیچ جس کا تو مالک نہیں۔ (ترمذی)

اس کا درست طریقہ یہ ہے کہ اپنے کسٹمر سے سودا فائنل نہ کیا جائے بلکہ اس کو چیز پسند آجائے تو یوں کہے کہ جب یہ چیز آپ کے پاس پہنچے گی اس وقت ہمارا سودا ڈن ہو گا اور یہ ریٹ ہو گا اور اس میں کیش آن ڈیلوری والا طریقہ اختیار کیا جائے۔ خود یہ شخص یا تو خود وہ چیز آگے سے خرید لے یا کسی نمائندے کے ذریعے خرید کر ڈیلوری کا وکیل بنادے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

10 ذو القعدہ 1443، 10 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

99

ڈیبٹ کارڈ پر ڈسکاؤنٹ

سوال: ڈیبٹ کارڈ پر ملنے والا ڈسکاؤنٹ جائز ہے یا سود ہے؟

User ID: افلاطون جٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈیبٹ کارڈ پر ملنے والا نفع یا تو بیچنے والے کی طرف سے ہوتا ہے یا بینک کی طرف سے، دونوں ہی صورتیں جائز ہیں اور یہ سود نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ پہلی صورت یعنی بیچنے والے کی طرف سے ڈسکاؤنٹ یہ اس چیز کی قیمت میں کمی کرنا ہے اور یہ شرعا جائز ہے کیونکہ اس کو اختیار ہے وہ اپنی چیز جتنی قیمت میں بیچے اور بینک کی طرف سے ملنے والا ڈسکاؤنٹ چونکہ مشروط نہیں ہوتا یعنی اکاؤنٹ کھلواتے وقت ڈیبٹ کارڈ پر نفع کی شرط نہیں رکھی جاتی نہ ہی اس پر عرف ہے لہذا یہ سود کی تعریف میں نہیں آتا اور یہ ڈسکاؤنٹ لینا بالکل جائز ہے۔ (ملخصا: فتاوی اہلسنت، دار الافتاء اہلسنت دعوت اسلامی)

نوٹ: اس پر تفصیلی فتوی دار الافتاء اہلسنت کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

10ذو القعدہ 1443ھ 10جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

100

غلطی سے کسی نمبر پر پیکیج

سوال: اگر میرے نمبر پر کوئی غلطی سے پیکیج کروادے اور اس کا پتا بھی نہ ہو کہ کون ہے تو کیا کریں؟

User ID: ہادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر کوئی غلطی سے کسی کے نمبر پر پیکیج کروادے یا بیلنس بھیج دے تو پہلے کوشش کی جائے کہ اس شخص کا پتا چل جائے اور اتنی رقم اس کو واپس کردی جائے لیکن عموما بھیجنے والے کا پتا نہیں چل پاتا تو ایسی صورت میں اگر خود شرعی فقیر ہے تو استعمال کرلے ورنہ بیلنس یا پیکیج کی رقم شرعی فقیر کو صدقہ کردے اب اس بیلنس یا پیکیج کو استعمال کرسکتا ہے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30رجب 1443ھ/4مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

100

شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ دوم)



مصنف

ابو بنتین محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی



نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری دامت برکاتہم العالیہ

(دارالافتاء اہلسنت لاہور)

ماشاء اللہ مولانا فراز مدنی صاحب نے مختصر جوابات کی دوسری فائل 100 سوال کے جوابات پر مشتمل تیار کی ہے، جس میں ہر مسئلہ کو اس کے باب کے تحت ذکر کیا ہے تاکہ عام و خواص اس سے استفادہ کر سکیں۔ الحمدللہ ان کی تحریر اور وقت میں بہت برکت ہے کہ بہت جلد اچھا جواب لکھ لیتے ہیں، اللہ کریم یہ مختصر جوابات ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔۔ آمین۔

جواب نمبر 101 لکھا

13 جون بمطابق 13 ذو القعدہ

جواب نمبر 200 لکھا

26 جولائی بمطابق 26 ذو الحجہ

حصہ اول حاصل کرنے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں

03333231223

یا اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کریں

https://archive.org/details/20220614_20220614_1837/

ای میل: farazattari26@gmail.com

فیس بک: fb.com/farazattarimadani

فہرست

عقائد و معمولات

طهارت

اذان

نماز

13) نماز کا سجدہ بھول گیا
14) رکعات کی تعداد میں شک ہو گیا
15) تیزاب والے کپڑوں میں نماز
16) بیٹھ کر رکوع کرنے کا صحیح طریقہ
17) ایک رکعت میں تین سجدے
18) لنگی میں نماز
19) سنتوں میں قیام فرض ہے یا نہیں
20) سنتوں کی آخری دو رکعتوں میں سورت ملانا

جمعہ

21) جائے نماز میں جمعہ

مسافر کی نماز

22) نماز کا وقت ختم ہونے سے پہلے اپنے شہر میں پہنچ گیا
23) حالت سفر میں قضا ہونے والی نماز

جماعت

24) امام کے ساتھ چوتھی رکعت میں شامل ہوا
25) جمعہ میں آہستہ آواز میں قراءت کرنا
26) اشارے سے نماز پڑھنے والا امام

27) اپنی نماز پڑھنے کے بعد جماعت کھڑی ہو گئی

28) امام پر غسل فرض ہو

29) نابینا کی امامت

لقمہ

30) امام پانچویں کیلئے کھڑا ہو جائے تو

31) ایک سورت چھوڑ کر پڑھنے پر لقمہ دینا

نمازِ جنازہ

32) خودکشی کرنے والے اور چور کی نمازِ جنازہ

آیت سجدہ

33) طالب علم کا ایک ہی آیت سجدہ کو کئی بار پڑھنا

وقف

34) مسجد کی کھجوریں پک جائیں تو کیا کریں

زکوٰۃ

35) دوران سال نصاب میں کمی واقع ہو گئی

حج و عمرہ

36) کیا حج بدل کے لیے حاجی ہونا ضروری ہے

37) طواف کے دوران اگر وضو ٹوٹ جائے

نکاح وطلاق

قسم

قربانی

54) حاجی پر کتنی قربانیاں واجب ہیں؟

55) اپنی قربانی کے وقت سامنے موجود ہونا

56) بڑے جانور میں پانچ حصے

57) پچھلے سالوں کی قربانی نہ کی

58) بیوی کی طرف سے قربانی

59) مسافر پر قربانی

60) جانور کے سینگ کاٹ دیے

61) قربانی کا گوشت سارا خود رکھنا

62) جانور کو قبلہ رخ کرنا

63) گاؤں میں قربانی کا وقت

64) بیرون ملک سے قربانی

65) بڑے جانور میں سات سے کم حصے

66) میت کی طرف سے قربانی کی تو گوشت کھانا

67) قربانی کے جانور کا خون

68) قربانی میں دم کا حصہ

خواتین کے مسائل

69) عورت کا علماء کی وڈیوز دیکھنا

حلال و حرام

87) قرض لوٹاتے وقت زیادہ پیسے دینا

کاروبار/جدید مسائل

88) مِلک شیک کا کام کرنا

89) کرنسی کا ریٹ بڑھنے پر بیچنا

90) ٹاپ مارنا کیسا

91) سگریٹ بیچنا

92) گٹکا کھانا اور بیچنا

93) اسمگلنگ کا مال خریدنا

94) یوٹیوب کے سبسکرائبر بیچنا

95) نیٹ روک مارکیٹنگ

96) فاریکس ٹریڈنگ

97) ایفیلیٹ مارکیٹینگ

98) ادھار لیکر رقم ٹرانسفر کرنے پر زیادہ دینا

99) ڈیٹا ٹرانسفر

100) ہئیر ٹرانسپلانٹ

عقائد
و
معمولات

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

1

اللہ ہی لکھتا ہے اور مٹاتا ہے کہنا کیسا

سوال: ایک شخص کہتا ہے اللہ ہی لکھتا ہے اور وہی اس کو مٹاتا ہے، یہ کہنا کیسا؟

User ID:عامر رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ دراصل قرآن کی آیت ہے، اللہ پاک فرماتا ہے: یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ ۖۚ وَ عِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ترجمہ: اللہ جو چاہتا ہے مٹادیتا ہے اور برقرار رکھتا ہے اور اصل لکھا ہوا اسی کے پاس ہے۔ (الرعد:39) اس کی تفسیر میں ہے: حضرت سعید بن جبیر اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہما اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جن احکام کو چاہتا ہے منسوخ فرماتا ہے اور جنہیں چاہتا ہے باقی رکھتا ہے۔ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ کا ایک قول یہ بھی ہے کہ بندوں کے گناہوں میں سے اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے مغفرت فرما کر مٹادیتا ہے اور جو چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے۔ اس میں اور بھی اقوال ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ آیت میں مذکور اُمُّ الکتاب سے مراد اللہ تعالیٰ کا علم ہے جو کہ ازل سے ہی ہر چیز کا اِحاطہ کئے ہوئے ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اُمُّ الکتاب سے لوحِ محفوظ مراد ہے جس میں تمام کائنات اور عالَم میں ہونے والے جملہ حوادِث وواقعات اور تمام اَشیا لکھی ہوئی ہیں اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ (صراط الجنان، جلد 5، صفحہ 136)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13 ذوالقعدہ 1443ھ 13 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

2

دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان

سوال: ہمارے دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں کہنا کیسا؟ user id: سید اکرم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلم شریف کی حدیث پاک میں ہے: ان قلوب بنی آدم کلھا بین إصبعین من أصابع الرحمن کقلب واحد، یصرفہ حیث یشاء ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم مصرف القلوب، صرف قلوبنا علی طاعتک ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب لوگوں کے دل اللہ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہیں ایک دل کی طرح جیسے چاہتا ہے انہیں پھیرتا ہے پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے اللہ اے دلوں کے پھیرنے والے ہمارے دل اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے۔

(مسلم، کتاب القدر، 2654)

شرح: یہ عبارت متشابہات میں سے ہے کیونکہ رب تعالیٰ انگلیوں، ہاتھوں وغیرہ اعضاء سے پاک ہے، مقصد یہ ہے کہ تمام کے دل اللہ کے قبضہ میں ہیں کہ نہایت آسانی سے پھیر دیتا ہے، جیسے کہا جاتا ہے تمہارا کام میری انگلیوں میں ہے، یا میں سوالات کا جواب چٹکیوں سے دے سکتا ہوں۔ (مرآۃ، 85/1)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443، 17 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

3

اللہ پاک کو حاضر ناظر کہنا

سوال: اللہ پاک حاضر وناظر ہے کہنا کیسا؟

User ID: محمد طیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اللہ پاک کو حاضر وناظر کہنا جائز نہیں کیونکہ یہ الفاظ اللہ پاک کے لئے شریعت میں وارد نہیں ہوئے اور ان کا لغوی معنی اللہ پاک کی شایان شان نہیں، اس کی جگہ سمیع وبصیر کا استعمال کیا جائے کہ یہ الفاظ شریعت میں وارد ہیں اور یہ اللہ پاک کی صفات یعنی اس کا ہر چیز کو دیکھنا اور سننا کو کما حقہ بیان کرتے ہیں۔ وقار الفتاوی میں ہے: حاضر وناظر کے جو معنی لغت میں ہیں، ان معانی کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی ذات پر ان الفاظ کا بولنا جائز نہیں ہے۔ حاضر کا معنی عربی لغت کی معروف ومعتبر کتب المنجد اور مختار الصحاح وغیرہ میں یہ لکھے ہیں: نزدیکی، صحن، حاضر ہونے کی جگہ، جو چیز کھلم کھلا بے حجاب آنکھوں کے سامنے ہو، اسے حاضر کہتے ہیں اور ناظر کے معنی مختار الصحاح میں آنکھ کے ڈھیلے کی سیاہی، جبکہ نظر کے معنی کسی امر میں تفکر وتدبر کرنا، کسی چیز کا اندازہ کرنا اور آنکھ سے کسی چیز میں تامل کرنا لکھے ہیں۔ ان دونوں لفظوں کے لغوی معنی کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کو پاک سمجھنا واجب ہے۔ بغیر تاویل ان الفاظ کو اللہ تعالیٰ پر نہیں بولا جا سکتا۔ اسی لیے اسماء حسنی میں حاضر وناظر بطور اسم یا صفت شامل نہیں ہیں۔ قرآن وحدیث میں یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کے لیے آئے ہیں اور نہ ہی صحابہ کرام اور تابعین یا ائمہ مجتہدین نے یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال کیے ہیں۔

(وقار الفتاوی، جلد1، صفحہ66، مطبوعہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذو الحجہ 1443/ 2جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

4

عامل سے تقدیر کے متعلق سوالات

سوال: عامل سے تقدیر کے متعلق سوالات کرنا کیسا؟

User ID: اعجاز قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر عامل سے اس اعتقاد کے ساتھ سوال کرتا ہے کہ یہ جو بتائے گا حق و سچ ہے تو دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا اور اگر اعتقاد کے ساتھ نہ ہو لیکن اس کے بتائے پر رغبت رکھتا ہو تو حرام ہے اور اگر ہنسی مذاق کے طور پر ہو تو مکروہ وناپسندیدہ ہے البتہ کوئی اہل علم ہو اور اس کو عاجز کرنے کے لئے سوال کرے تو حرج نہیں۔ (ماخوذا: فتاوی رضویہ، جلد 21، 155)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

18 ذوالحجہ 1443/18 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

طهارت

5

ناپاک کپڑوں میں نماز

سوال: اگر کسی نے بھول کر خون والے ناپاک کپڑوں میں نماز پڑھ لی بعد میں پتا چلا تو کیا حکم ہے؟

User ID: نقشبندی رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خون نجاست غلیظہ ہے اور نجاست غلیظہ کا حکم یہ ہے کہ اگر ناپاکی درھم سے زیادہ ہو تو قضا کی نیت سے اس نماز کو دوبارہ پڑھنا فرض ہو گا کیونکہ وہ نماز نہ ہوئی اور اگر درھم کے برابر ناپاکی ہو تو نماز ہو گئی مگر اس نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے اور درھم سے کم ہو تو نماز ہو گئی، دوبارہ پڑھنا ضروری نہیں مگر دہرانا بہتر ہے۔ (ماخوذا: بہار شریعت، 1/389)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذو القعدہ 1443ھ 26 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

6

چڑیا کی بیٹ

سوال: گھر میں چڑیوں کے لئے پانی رکھا ہے وہاں چڑیاں بیٹ کر دیتی ہیں تو کٹورے کو دھوتے ہوئے چھینٹے کپڑوں پر لگتے ہیں تو کیا کپڑے ناپاک ہو جائیں گے؟

User ID: ارمان رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اونچا اڑنے والے حلال پرندوں کی بیٹ پاک ہوتی ہے یعنی کپڑوں پر لگ جائے تو کپڑے ناپاک نہیں ہوں گے اور چڑیا بھی حلال پرندہ ہے لہذا اس کٹورے سے پانی کے چھینٹے اڑ کر کپڑوں پر لگنے سے کپڑے ناپاک نہیں ہوں گے۔ بحر الرائق میں ہے: فما یؤکل لحمہ کالحمام و العصفور۔۔ انہ طاھر ترجمہ: اور جن پرندوں کا گوشت کھانا حلال ہے جیسے کبوتر اور چڑیا ان کی بیٹ پاک ہے۔ (بحر الرائق، جلد 1، صفحہ 400)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30 ذو القعدہ 1443 30 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

7

غسل کرنے کے بعد دوبارہ منی خارج ہو

سوال: منی خارج ہونے کے بعد غسل کر لیتے ہیں پھر دوبارہ کچھ خارج ہوتی ہے تو کیا دوبارہ غسل کرنا ہو گا؟

User ID: راحیل احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر غسل کرنے سے پہلے پیشاب کر لی یا چالیس قدم چل لئے یا سو گئے پھر غسل کیا، اب اگر بلا شہوت منی خارج ہوئی تو یہ پہلے والے کی بقیہ نہیں جو اپنے محل سے شہوت کے ساتھ جدا ہوئی تھی لہذا دوبارہ غسل فرض نہیں اور اگر ان میں سے کچھ نہ کیا اور غسل کے بعد منی خارج ہوئی تو وہ پہلے والے کی بقیہ ہے لہذا دوبارہ غسل کرنا ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: اگر منی کچھ نکلی اور قبل پیشاب کرنے یا سونے یا چالیس قدم چلنے کے نہالیا اور نماز پڑھ لی اب بقیہ منی خارج ہوئی تو غسل کرے کہ یہ اسی منی کا حصہ ہے جو اپنے محل سے شہوت کے ساتھ جدا ہوئی تھی اور پہلے جو نماز پڑھی تھی ہو گئی اس کے اعادہ کی حاجت نہیں اور اگر چالیس قدم چلنے یا پیشاب کرنے یا سونے کے بعد غسل کیا پھر منی بلا شہوت نکلی تو غسل ضروری نہیں اور یہ پہلی کا بقیہ نہیں کہی جائے گی۔

(بہار شریعت، حصہ 2، صفحہ 321)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

25 ذو الحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

8

پول (Pool) میں وضو غسل

سوال: کیا swimming pool میں وضو غسل کرسکتے ہیں؟

User ID: عاصم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سوئمنگ پول میں موجود پانی کی بالائی سطح اگر دہ در دہ یعنی اس کی کل پیمائش سو ہاتھ (225 فٹ) ہے تو یہ پانی جاری پانی کے حکم میں ہے اور اس میں وضو و غسل کرنے سے وضو و غسل ہو جائے گا جبکہ نجاست سے رنگ، بو یا مزہ نہ بدلے۔ اگر اس مقدار سے کم سوئمنگ پول ہے اور اس میں نجاست پڑنے یا مستعمل ہونے کا یقین نہیں تو وضو و غسل جائز ہے مگر دہ در دہ سے کم پول میں وضو کرنے سے بچنا چاہیے کہ اس کے مستعمل ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

25 ذو الحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

اذان

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

9

بے وضو اذان

سوال: ہمارے امام صاحب استنجا کر کے اذان دیتے ہیں وضو بعد میں کرتے ہیں ان کا ایسا کرنا کیسا؟

User ID: الطاف اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بے وضو اذان دینا ناپسندیدہ ہے لیکن اگر کسی نے دی تو اذان درست ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: بے وضو کی اذان صحیح ہے، مگر بے وضو اذان کہنا مکروہ ہے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 466)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 ذو القعدہ 1443 29 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز

10

نماز شروع کرنے کے بعد وقت ختم ہو گیا

سوال: میں نے مجبوری کی وجہ سے عصر کی نماز کی تکبیر وقت ختم ہونے سے ایک منٹ پہلے کہی اور سلام وقت ختم ہونے پر پھیرا، کیا نماز ہو گئی؟

User ID:جواد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آپ کی نماز ہو گئی کیونکہ نماز فجر، جمعہ اور عیدین کے علاوہ باقی نمازوں میں وقت کے اندر سلام پھرنا ضروری نہیں یعنی اگر تکبیر تحریمہ وقت کے اندر کہی اور دوران نماز وقت ختم ہو گیا تو بھی نماز ادا ہو جائے گی البتہ فجر، جمعہ و عیدین کی نمازوں میں تکبیر تحریمہ کے ساتھ ساتھ سلام بھی وقت کے اندر پھرنا ضروری ہے، ان نمازوں میں اگر دوران نماز وقت ختم ہو گیا تو نماز نہیں ہو گی، دوبارہ ادا کرنی پڑے گی۔ (ماخوذ از: بہار شریعت، صفحہ 701)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443ھ 14 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

11

فجر کی نماز کے دوران سورج طلوع ہو گیا

سوال: فجر میں آنکھ دیر سے کھلی اب اگر نماز کے دوران سورج نکل آیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: بنت اشرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فجر کی نماز کے دوران اگر سورج نکل آئے تو نماز ٹوٹ جائے گی کیونکہ فجر کی نماز کا کم از کم ایک سلام وقت کے اندر پھرنا ضروری ہے یعنی اگر ایک طرف السلام کہنے کے بعد سورج نکل آیا تو نماز ہو جائے گی اور اگر اس سے پہلے سورج نکل آیا تو نماز نہیں ہوگی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: نمازِ فجر میں اگر قعدہ سے پہلے آفتاب نکل آیا یعنی ہنوز اتنی دیر جس میں التحیات پڑھ لی جائے نہ بیٹھنے پایا کہ سُورج کی کرن چمکی تو بالاتفاق جاتی رہی اور اگر تحریمہ نماز سے باہر آنے کے بعد نکلا تو بالاتفاق ہو گئی مثلاً جب تک پہلی بار لفظ السلام کہا تھا سورج نہ نکلا تھا السلام کہتے ہی فوراً چمک آیا کہ علیکم ورحمۃ اللہ سورج نکلنے میں کہا تو نماز صحیح ہو گئی۔۔۔الخ

(فتاوی رضویہ، جلد 5، صفحہ 314)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14ذوالقعدہ 141443جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

12

دن کے نوافل میں جہری قراءت

سوال: منزل یاد کرنے کے لئے دن میں اکیلے نوافل پڑھتے ہوئے بلند آواز سے قراءت کرسکتے ہیں؟

User ID: حافظ محسن رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دن کے نوافل میں آہستہ قراءت کرنا امام و منفرد دونوں ہی پر واجب ہے لہذا منزل یاد کرنے کے لئے بھی دن میں نوافل پڑھیں تو قراءت آہستہ کرنی ہوگی۔ بہار شریعت میں ہے: دن کے نوافل میں آہستہ پڑھنا واجب ہے اور رات کے نوافل میں اختیار ہے اگر تنہا پڑھے اور جماعت سے رات کے نفل پڑھے، تو جہر واجب ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 545)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26ذوالقعدہ 1443ھ 26جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

13

نماز کا سجدہ بھول گیا

سوال: اگر کسی نے نماز میں ایک سجدہ کیا اور دوسرا بھول گیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: اسرار احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی کسی رکعت کا سجدہ بھول جائے تو جب یاد آئے وہ سجدہ کرلے اور پھر وہیں سے نماز جاری رکھے اور آخر میں سجدہ سہو کرلے اور اگر نماز کے بعد یاد آئے تو جب تک نماز توڑنے والا عمل نہ کیا ہو سجدہ کرلے پھر سجدہ سہو کرکے نماز مکمل کرے۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذو القعدہ 1443 26 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

14

رکعت کی تعداد میں شک ہوا تو

سوال: ظہر کی فرض نماز پڑھتے ہوئے چوتھی یا پانچویں ہونے کا شک ہوا تو کیا کرنا چاہیے؟

User ID: انیقہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں اگر رکعتوں کی تعداد میں شک واقع ہو تو قاعدہ یہ ہے کہ اگر بالغ ہونے کے بعد یہ پہلی بار نہیں ہوا تو پہلے تحری کرے یعنی غور وفکر کرے، جس پر دل جم جائے اس پر عمل کرے مثلاً گمان غالب ہو گیا کہ یہ چوتھی ہے تو اسی پر عمل کرے، اور اگر پانچویں کا گمان غالب ہو تو جب تک اس رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو اواپس آئے، قعدہ نہ کیا ہو تو قعدہ کرے اور سجدہ سہو کر کے نماز مکمل کرے مگر غور و فکر کرنے میں تین تسبیح کی مقدار خاموش نہ رہے ورنہ سجدہ سہو واجب ہو جائے گا، اگر گمان غالب نہیں ہوتا تو کم والی کو اختیار کرے یعنی مثلاً چار یا پانچ میں شک ہوا تو اس کو چوتھی گمان کرے اور رکعت پوری کر لے اور آخر میں سجدہ سہو کر کے نماز مکمل کر لے۔

نوٹ: اگر دوسری اور تیسری یا تیسری اور چوتھی میں شک ہوا تو کم والی کو اختیار کرنے کی صورت میں تیسری اور چوتھی دونوں میں قعدہ کرنا لازم ہے اور آخر میں سجدہ سہو کرے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

1 ذوالحجہ 1443ھ 11 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

15

تیزاب والے کپڑے

سوال: میں فیکٹری میں کام کرتا ہوں وہاں بلیچ اور تیزاب کا استعمال زیادہ ہے اور بعض اوقات وہ کپڑوں پر لگ جاتا ہے تو اس میں نماز ہو جائے گی؟

User ID: عثمان نذیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تیزاب اور بلیچ ناپاک نہیں ہوتے، اگر کپڑوں پر لگ جائیں تو کپڑے ناپاک نہیں ہوں گے اور اس میں نماز بھی ہو جائے گی البتہ ان کے لگے ہونے کی حالت میں نماز پڑھنا ناپسندیدہ ہے اور اگر ان میں بدبو ہو تو مسجد کا داخلہ ناجائز ہو گا اور اس میں نماز پڑھنا بھی ممنوع۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذوالحجہ 1443/ 2جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

16

بیٹھ کر رکوع کرنے کا صحیح طریقہ

سوال: بیٹھ کر نماز پڑھنے میں رکوع کی حد کیا ہے؟

User ID: شیخ شابان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فتاوی رضویہ میں ہے: رکوع میں قدر واجب تو اسی قدر ہے کہ سر جھکائے اور پیٹھ کو قدرے خم دے مگر بیٹھ کر نماز پڑھے تو اسکا درجہ کمال و طریقہ اعتدال یہ ہے کہ پیشانی جھک کر گھٹنوں کے مقابل آجائے اس قدر کے لئے سرین اٹھانے کی حاجت نہیں تو قدر اعتدال سے جس قدر زائد ہو گا وُہ عبث و بیجا میں داخل ہو جائے گا۔ (فتاوی رضویہ، جلد 6، صفحہ 157)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو الحجہ 1443/14 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

17

ایک رکعت میں تین سجدے

سوال: اگر کسی رکعت میں غلطی سے تین سجدے ہو گئے تو کیا حکم ہے؟

User ID: بنت حوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ایک رکعت میں دو ہی سجدے کرنا واجب ہے، اگر بھول کر تین کیے تو یہ ترک واجب ہے اور واجب بھول کر ترک ہو تو سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جاتی ہے لہذا جس نے بھول کر تین سجدے کئے اس پر سجدہ سہو لازم تھا، سجدہ سہو کیا تو نماز درست ہو گئی ورنہ اس نماز کا اعادہ کرنا واجب ہے۔ بہار شریعت میں در مختار کے حوالے سے ہے: ایک رکعت میں تین سجدے کیے۔۔۔ تو سجدہ سہو کرے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 520)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذوالحجہ 1443/17 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

18

لنگی میں نماز

سوال: کیا لنگی میں نماز ہو جاتی ہے؟

User ID: محمد عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

لنگی میں اگر ستر عورت ہو جائے اور بے پردگی نہ ہوتی ہو تو اس میں نماز درست ہے لیکن اس میں بے احتیاطی کی جاتی ہے جس سے ستر عورت نہیں ہو پاتا یا دوران نماز ظاہر ہو جاتا ہے یا لنگی اتنی باریک ہوتی ہے کہ ستر چمکتا ہے لہذا یہ صورتیں ہوں تو نماز نہیں ہو گی۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

25 ذو الحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

19

سنتوں میں قیام

سوال: کیا سنتوں میں قیام فرض نہیں؟

User ID: یاسر سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سنت فجر کے علاوہ اور سنتوں میں قیام فرض نہیں مگر بلا عذر شرعی بیٹھ کر پڑھنا خلاف افضل ہے۔حاشیہ طحطاوی میں ہے: یجوز النفل انما عبر بہ لیشمل السنن المؤکدۃ وغیرھا فتصح اذا صلاھا قاعدا مع القدرۃ علی القیام۔۔۔و اجمعوا علی ان رکعتی الفجر من غیرعذر قاعدا لاتجوز ترجمہ: قیام پر قادر ہونے کے باجود بیٹھ کر نوافل ادا کرنا جائز ہے، نوافل سے اس لئے تعبیر کیا تاکہ نوافل و سنتیں سب شامل ہو جائیں اور اس پر اجماع ہے کہ فجر کی سنتیں بلا عذر بیٹھ کر پڑھیں تو نماز نہ ہوئی۔ (طحطاوی،1/402)

بہار شریعت میں ہے: (نفل) کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے۔ (حصہ 4، صفحہ 670)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

24ذو الحجہ 1443/24جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

20

سنتوں کی آخری دو رکعتوں میں سورت ملانا

سوال: جماعت میں شامل ہونے کے لئے جلدی میں سنتوں کی آخری دو رکعتوں میں سورت نہیں ملائی تو کیا حکم ہے؟

User ID: امتیاز احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ ہر نماز کی ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ پڑھنا اور ساتھ سورت ملانا یا ایک بڑی آیت جو تین چھوٹی آیات کے برابر ہو یا تین آیتیں پڑھنا واجب ہے، چونکہ سنتوں کی تمام ہی رکعتوں میں سورت ملانا یا مذکورہ بالا مقدار میں قراءت کرنا واجب ہے اور صورت مسئولہ میں یہ واجب جان کر چھوڑا گیا ہے لہذا نماز واجب الاعادہ ہو گی۔ (ماخوذ از: کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو الحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

جمعه

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

21

جائے نماز میں جمعہ

سوال: کیا جائے نماز میں جمعہ پڑھنا جائز ہے؟

User ID: رضوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر جمعہ قائم کرنے کی تمام شرائط پائی جاتی ہیں تو جائے نماز میں بھی جمعہ کی نماز ادا کی جا سکتی ہے کیونکہ نماز جمعہ قائم کرنے کے لئے مسجد ہونا شرط نہیں بلکہ اس کی شرائط یہ ہیں۔ شہر یا فنائے شہر ہو، جمعہ پڑھانے والا جمعہ پڑھانے کا اہل ہو، وقت ظہر ہو، خطبہ ہو، امام کے علاوہ کم از کم تین مرد ہوں، اذن عام ہو۔ (ماخوذ از: کتب فقہ)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذو الحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

مسافر کی نماز

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

22 نماز کا وقت ختم ہونے سے پہلے اپنے شہر میں

سوال: اگر سفر میں نماز کا وقت ہو جائے لیکن وقت ختم ہونے سے پہلے اپنے شہر آجائے تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر حالت سفر میں نماز کا وقت شروع ہو جائے اور کسی نے نماز نہ پڑھی ہو اور وقت ختم ہونے سے پہلے وہ اپنے شہر کی آبادی میں داخل ہو جائے تو اب پوری نماز پڑھے گا کیونکہ قصر یا پوری پڑھنے میں آخری وقت کا اعتبار ہوتا ہے یعنی نماز نہ پڑھی ہو اور نماز کے آخری وقت میں کوئی مسافر ہو گیا تو اب قصر پڑھے گا اور آخری وقت میں کوئی مقیم ہو گیا تو پوری پڑھے گا۔ بہار شریعت میں ہے: قصر اور پوری پڑھنے میں آخر وقت کا اعتبار ہے جبکہ پڑھ نہ چکا ہو، فرض کرو کسی نے نماز نہ پڑھی تھی اور وقت اتنا باقی رہ گیا ہے کہ اللہ اکبر کہہ لے اب مسافر ہو گیا تو قصر کرے اور مسافر تھا اس وقت اقامت کی نیت کی تو چار پڑھے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 750)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

24 ذوالقعدہ 1443ھ 24 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group
فقہی گروپ کے مختصر جوابات
نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔
ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

23

حالت سفر میں قضا ہونے والی نماز

سوال: اگر سفر میں نماز قضا ہو جائے تو اپنے شہر میں قصر ہی قضا کریں گے یا پوری؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو نماز جس حالت میں قضا ہوئی وہ بعد میں بھی اسی طرح پڑھی جائے گی یعنی حالت سفر میں قضا ہونے والی قصر نماز مقیم ہونے کے بعد بھی دو پڑھی جائے گی اور حالت اقامت میں قضا ہونے والی نماز سفر میں بھی پوری پڑھنی ہو گی۔ نماز کے احکام میں ہے: حالت اقامت میں ہونے والی قضا نمازیں سفر میں بھی پوری پڑھنی ہوں گی اور سفر میں قضا ہونے والی قصر نمازیں مقیم ہونے کے بعد بھی قصر ہی پڑھی جائیں گی۔ (نماز کے احکام، مسافر کی نماز، صفحہ 318)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو القعدہ 1443ھ 24 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جماعت

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

24

امام کے ساتھ چوتھی رکعت میں شامل ہوا

سوال: جو شخص امام کے ساتھ چوتھی رکعت میں شامل ہوا وہ اپنی باقی نماز کیسے پڑھے گا؟

User ID: محمد طیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص جماعت میں چوتھی رکعت میں شامل ہوا تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد جب کھڑا ہو گا تو تعداد کے اعتبار سے وہ اس کی دوسری رکعت ہوگی اور قراءت کے اعتبار سے پہلی یعنی پہلی رکعت میں جو کچھ پڑھا جاتا ہے وہ سب پڑھے گا جیسے ثنا، تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ اور سورت، پھر رکوع و سجود کے بعد قعدہ میں تشہد پڑھے گا، پھر تعداد کے اعتبار سے تیسری کے لئے کھڑا ہو گا جو کہ قراءت کے اعتبار سے دوسری ہوگی، تو اس میں بھی قراءت کرے گا یعنی سورہ فاتحہ اور سورت پڑھے گا اور رکوع و سجود کر کے بغیر قعدہ کئے تعداد کے اعتبار سے چوتھی کے لئے کھڑا ہو گا، اس میں سورہ فاتحہ پڑھے کہ مستحب ہے یا تین بار سبحان اللہ پڑھ لے اور رکوع و سجود و تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443ھ 17 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

25

جمعہ میں سری قراءت

سوال: اگر امام نے جمعہ کی نماز میں آہستہ قراءت کی اور اسے رکوع میں یاد آیا اور اس نے واپس لوٹ کر بلند آواز سے قراءت کی اور سجدہ سہو نہیں کیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: غلام مصطفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام اگر جہری نماز میں ایک آیت جس سے نماز کا فرض ادا ہوتا ہے آہستہ پڑھ چکا تو سجدہ سہو واجب ہو گیا، اگر آدھی سے زیادہ سورۃ الفاتحہ پڑھنے سے پہلے وہ بلند آواز سے اعادہ کرلے تو سجدہ سہو ساقط ہو جاتا ہے، آدھی سے زیادہ پڑھ چکا تو اب اعادہ کی بھی اجازت نہیں اگر اب اعادہ کیا تو نماز واجب الاعادہ ہو گی۔ معلوم کی گئی صورت میں امام رکوع میں جانے کے بعد بھول کر واپس قیام کی طرف آیا تو سجدہ سہو کافی ہوتا لیکن اس صورت میں سجدہ سہو نہ کرنے کے سبب یا جان کر یا مسئلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے واپس لوٹا تو اس کا واپس لوٹنا جائز نہ تھا، یہ نماز مکروہ تحریمی اور واجب الاعادہ ہوئی لیکن چونکہ جمعہ کے لئے جماعت شرط ہے لہذا اب امام و مقتدیوں پر ظہر کی چار رکعت اعادہ کی نیت سے پڑھنا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

4 ذو الحجہ 1443/4 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

26

اشارے سے نماز پڑھنے والا امام

سوال: اگر کوئی رکوع وسجود پر قادر نہ ہو اور وہ اشارے سے نماز پڑھنا ہو اور امامت کا اہل ہو تو کیا امامت کر سکتا ہے؟

User ID: ثاقب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اشارے سے نماز پڑھنے والا صرف اپنے جیسوں یعنی اشارے سے پڑھنے والوں ہی کی امامت کر سکتا ہے چاہے امام بیٹھ کر اشارہ کرے یا کھڑے ہو کر لیکن اگر امام لیٹ کر اشارہ کرتا ہو اور مقتدی کھڑے یا بیٹھے ہوئے اشارہ کرتے ہوں تو اقتدا درست نہیں ہو گی۔ درمختار میں ہے: وموم بمثلہ الا ان یومی الامام مضطجعا و المؤتم قاعدا او قائما ھو المختار ترجمہ: اشارے سے پڑھنے والا اپنے جیسوں کی امامت کر سکتا ہے مگر یہ کہ امام لیٹ کر اشارہ کرے اور مقتدی بیٹھے یا کھڑے (تو اقتدا درست نہیں) یہی مختار قول ہے۔ (درمختار مع شامی، جلد 2، صفحہ 408، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذوالحجہ 1443/14 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

27

اپنی نماز پڑھنے کے بعد جماعت کھڑی ہوگئی

سوال: ایک شخص نماز کے لئے آیا اور سمجھا کے جماعت ہو گئی اس نے نماز پڑھ لی بعد میں جماعت کھڑی ہوئی تو کیا وہ نماز میں شامل ہو سکتا ہے؟

User ID: احمد فریدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ظہر یا عشاء کی نماز ہو تو نفل کی نیت سے جماعت میں شامل ہو جائے، فجر و عصر و مغرب میں شامل نہ ہو کیونکہ فجر میں دو سنت کے علاوہ کوئی نفل جائز نہیں اور عصر میں اس لئے کہ عصر کے فرض کے بعد نفل ناجائز ہے اور مغرب میں اس لئے کہ تین رکعت نفل نہیں ہوتی۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

18 ذو الحجہ 1443/18 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

28

امام پر غسل فرض ہو

سوال: امام پر رات میں غسل فرض ہوا اور صبح اٹھا تو اتنا ٹائم نہیں تھا کہ غسل کرکے نماز پڑھائے تو کیا حکم ہے؟

User ID: سید آحل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی پر غسل فرض ہو اور نماز کا وقت اتنا تنگ ہو کہ غسل کرے گا تو وقت نکل جائے گا تو اس کے لئے حکم ہے کہ وہ تیمم کرکے نماز پڑھے اور غیر مکروہ وقت میں اس نماز کا اعادہ کرے لہذا امام پر لازم ہے کہ وہ تیمم کرے اپنی نماز ادا کرے اس صورت میں امامت نہیں کرواسکتا۔

(ماخوذ از: در مختار، فتاوی رضویہ، بہار شریعت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

29

نابینا کی امامت

سوال: کیانابینا امامت کرواسکتاہے؟

User ID: طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر نابینا امامت کا اہل ہو اور وہاں اس سے زیادہ یا برابر نماز و طہارت کے مسائل جاننے والا اور صحیح قراءت کرنے والا کوئی موجود نہ ہو تو نابینا کی امامت بغیر کسی کراہت کے جائز ہے اور اگر وہاں کوئی اور ایسا ہو جو امامت کا اہل بھی ہو اور وہ نابینا سے زیادہ یا اس کے برابر طہارت و نماز کے مسائل جانتا ہو تو ایسے فرد کی موجودگی میں نابینا کی امامت مکروہ تنزیہی ہے یعنی جائز ہے مگر بہتر ہے کہ وہ دوسرا شخص امامت کروائے اور اگر نابینا امامت کا اہل ہی نہیں یعنی امامت کی کوئی شرط اس میں نہیں پائی جاتی تو اس کی امامت جائز نہیں۔ (ماخوذا: فتاوی رضویہ، جلد 6، صفحہ 416)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

23ذوالحجہ 1443/23جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

لقمہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

30

امام پانچویں کے لئے کھڑا ہو جائے تو لقمہ

سوال: چار رکعت والی نماز میں امام نے قعدہ اخیرہ نہیں کیا اور پانچویں کے لئے کھڑا ہو گیا تو لقمہ دے سکتے ہیں؟

User ID: عابد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

امام اگر قعدہ اخیرہ بھول کر کھڑا ہو جائے تو اس کو لقمہ دینا جائز ہے۔ مراقی الفلاح میں ہے: وان قام الامام قبل القعود الاخیر ساهیا انتظره و سبح لیتنبه امامه ترجمہ: اور اگر امام قعدہ اخیرہ بھول کر کھڑا ہو گیا تو مقتدی انتظار کرے اور امام کو تنبیہ کرنے کے لئے لقمہ دے۔

(المراقی مع الطحطاوی، صفحہ 310)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443 17 جون 2022ء

31

ایک سورت چھوڑ کر پڑھنے پر لقمہ دینا

سوال: امام نے وتر کی دوسری رکعت میں سورۃ قریش پڑھی اور تیسری میں سورۃ الکوثر پڑھی کسی نے لقمہ دیا تو امام نے سورۃ الکافرون پڑھنا شروع کر دی تو کیا حکم ہے؟

User ID: رنگ رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سورۃ قریش کے بعد سورۃ الکوثر پڑھنے میں کوئی حرج نہیں بلکہ یہاں درمیان میں سورۃ الماعون ہے، تیسری رکعت میں اس کو پڑھنے سے تیسری رکعت کی قراءت دوسری سے طویل ہو جاتی تو یہاں ویسے بھی اولی یہی تھا کہ سورۃ الکوثر پڑھی جاتی اور یہاں لقمہ دینے کا کوئی محل نہیں تھا لہذا جس نے لقمہ دیا اس کی نماز ٹوٹ گئی اور امام نے لقمہ لیا تو اس کی اور تمام مقتدیوں کی نماز ٹوٹ گئی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذو الحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نمازِ جنازہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

32

خودکشی کرنے والے اور چور کی نمازِ جنازہ

سوال: خودکشی کرنے والے اور چور کی نماز جنازہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

User ID: مزمل اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خودکشی اگرچہ حرام ہے لیکن جس طرح دوسرے مسلمانوں کی نماز جنازہ پڑھنا فرض کفایہ ہے اسی طرح خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ بھی فرض کفایہ ہے، اسی طرح چور اگر دوران چوری نہ مارا گیا تو اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی۔

فتاوی افریقہ میں ہے: فتوی اسی پر ہے کہ اس (خودکشی کرنے والے) کے جنازے کی نماز پڑھی جائے گی۔ (صفحہ 40)

بہار شریعت میں ہے: ڈاکو کہ ڈاکہ میں مارا گیا نہ اُن کو غسل دیا جائے نہ اُن کی نماز پڑھی جائے، مگر جبکہ بادشاہِ اسلام نے اُن پر قابو پایا اور قتل کیا تو نماز و غسل ہے یا وہ نہ پکڑے گئے نہ مارے گئے بلکہ ویسے ہی مرے تو بھی غسل و نماز ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 4، صفحہ 827)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443ھ 14 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

آیت سجدہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

33

طالب علم کا آیت سجدہ پڑھنا

سوال: مدارس میں بچے آیت سجدہ کو بار بار پڑھتے ہیں اور استاد سنتے ہیں تو کتنے سجدے واجب ہونگے ؟

User ID:عامر رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک ہی مجلس میں سجدہ کی ایک ہی آیت کو بار بار پڑھنے یا سننے سے ایک ہی سجدہ واجب ہوتا ہے اگرچہ مختلف لوگوں سے سنا جائے، لہذا طلبا اگر ایک ہی آیت کو بار بار پڑھیں اور استاد اور دیگر طلبا سنیں تو پڑھنے اور سننے والوں پر ایک ہی سجدہ واجب ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: ایک مجلس میں سجدہ کی ایک آیت کو بار بار پڑھا یا سنا تو ایک ہی سجدہ واجب ہوگا، اگرچہ چند شخصوں سے سنا ہو۔ یوہیں اگر آیت پڑھی اور وہی آیت دوسرے سے سنی جب بھی ایک ہی سجدہ واجب ہوگا۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 735)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 ذو القعدہ 1443ھ 29 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وقف

34

مسجد کی کھجوریں پک جائیں تو کیا کریں

سوال: مسجد کی کھجوریں اگر پک جائیں تو کیا حکم ہے؟

User ID: حافظ آصف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

جس درخت کی وہ کھجوریں ہیں اگر وہ درخت مسجد کی آمدنی کے لئے لگایا گیا ہے یا لگانے والے کی نیت معلوم نہیں تو اس کو بیچ کر اس کی رقم مسجد کے کاموں میں خرچ کی جائے گی۔ در مختار میں ہے: و الا فتباع لمصالح المسجد ترجمہ: اگر وہ درخت مسجد کے لئے لگائے گئے ہیں تو اس کو مسجد کے کاموں کے لئے بیچا جائے گا۔ اس کے تحت شامی میں ہے: وان لم یغرسها للسبیل بان غرسها اولم یعلم غرضه ترجمہ: اگر وہ عام لوگوں کے لئے نہیں لگایا گیا یعنی مسجد کے لئے لگایا ہے یا لگانے والے کی غرض معلوم نہیں (تو یہی حکم ہے کہ بیچ کر مسجد کے کاموں میں لگائے)۔ (4/432)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 ذو الحجہ 1443/5 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

زکوٰۃ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

35

نصاب میں کمی واقع ہوگئی

سوال: ایک شخص محرم میں صاحب نصاب ہوا اور رمضان میں مال ختم ہوگیا اور پھر صفر میں صاحب نصاب ہوا تو سال کب سے شمار ہوگا؟

User ID: محمد اسد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر سال کے دوران کبھی بھی مال بالکل ختم ہوگیا تو اب جب صاحب نصاب ہوگا اسی وقت سے نصاب کا سال شروع ہوگا اور اگر دوران سال نصاب میں کمی واقع ہوئی مگر سال کے اختتام پر صاحب نصاب تھا تو پہلے کے مطابق ہی سال کے اختتام پر زکوۃ ادا کرے گا جب کہ شرائط پائی جائیں۔ معلوم کی گئی صورت میں رمضان میں مال بالکل ختم ہوگیا اور صفر میں صاحب نصاب ہوا تو اب صفر سے ہی سال شروع ہوگا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

15ذو الحجہ 15/1443 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

حج وعمره

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

36

حج بدل کے لئے حاجی ہونا ضروری ہے؟

سوال: حج بدل کرنے کے لئے اپنا حج کیا ہونا ضروری ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

کسی کی طرف سے حج بدل کرنے کے لئے پہلے سے حج کیا ہوا ہونا ضروری نہیں البتہ بہتر یہ ہے کہ حج بدل کے لئے ایسا شخص بھیجا جائے جو خود فرض حج کر چکا ہو اور افضل یہ ہے کہ ایسا شخص ہو جو حج کے طریقے اور اس کے افعال سے واقف ہو، لیکن ایسا نہ بھی ہو تو بھی حج بدل ہو جائے گا البتہ کسی پر حج فرض ہو اور وہ فرض کی ادائیگی نہ کرے اور حج بدل کے لئے چلا جائے تو یہ مکروہ تحریمی ہے لیکن حج بدل بہر حال ہو جائے گا۔ (ملخصا: بہار شریعت، حصہ 6، صفحہ 1204)

ارشاد الساری میں ہے: ولا یشترط لجواز الاحجاج ان یکون الحاج المامور قد حج عن نفسه فیجوز حج الصرورة الا ان الافضل ان یکون قد حج عن نفسه ترجمہ: جس سے حج بدل کروانا ہے اس کا حج کیا ہوا ہونا شرط نہیں لہذا ایسے شخص سے حج بدل کروانا جائز ہے مگر افضل یہ ہے کہ ایسے سے حج بدل کروائے جس نے حج کیا ہوا ہو۔ (ارشاد الساری، 637)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

9 ذو القعدہ 1443ھ 9 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

37

طواف کے دوران وضوٹوٹ جائے تو

سوال: طواف کرتے ہوئے اگر وضوٹوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

طواف کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نجاست حکمیہ سے پاک ہو یعنی اس پر غسل فرض نہ ہو اور وہ باوضو ہو لہذا دوران طواف اگر کسی کا وضوٹوٹ جائے تو اس پر لازم ہے کہ وہ دوبارہ وضو کرے، اگر چار چکر باوضو کر چکا تھا تو باقی چکر اب لگالے اور اگر چار چکر نہیں ہوئے تھے تو بہتر یہ ہے کہ نئے سرے سے طواف کرے لیکن اگر اس صورت میں بھی کسی نے وہیں سے باقی چکر پورے کئے تو بھی حرج نہیں طواف ہو جائے گا۔ (ماخوذا: شامی، 3/582)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

21 ذوالقعدہ 1443ھ 21 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

38

حج کے لئے جانے والا قصر پڑھے یا پوری

سوال: جو شخص حج کے لئے مکہ گیا ہے وہ نماز پوری پڑھے گا یا قصر کرے گا؟

User ID: مرزا اسحاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حج کے لئے مکہ میں آنے والا شخص اگر مقیم ہو یعنی کم از کم پندرہ دن مکہ میں مستقل رہنے کی نیت ہو اور اس دوران نہ شہر سے باہر نکلنے کا پہلے سے ارادہ ہو نہ ہی ان ایام میں منی جانے کی تاریخیں ہوں تو ایسا شخص مکہ میں بھی اور منی، عرفات مزدلفہ پھر واپس مکہ میں آکر بھی پوری نماز پڑھے گا اور اگر حاجی مسافر ہو یعنی کم از کم پندرہ دن مستقل رہنے کی نیت نہ ہو بلکہ اس دوران یا تو مدینے شریف جانے کا پہلے سے جدول ہو جیسا کہ بعض حاجیوں کو بھیج دیا جاتا ہے یا پھر ان پندرہ دنوں میں منی جانا طے ہو تو ایسا شخص مکہ، منی، عرفات، مزدلفہ اور پھر واپس مکہ میں آکر بھی قصر نماز پڑھے گا البتہ واپس مکہ آنے کے بعد کم از کم پندرہ دن رہنے کی نیت ہو تو اب مقیم ہو جائے گا اور اب پوری نمازیں پڑھے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

20 ذو القعدہ 1443 / 20 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

39

طواف کے چکر میں شک واقع ہونا

سوال: طواف کے چکر میں اگر شک واقع ہو جائے تو کیا کریں؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کو فرض طواف مثلا طواف زیارہ یا طواف عمرہ یا واجب طواف مثلا طواف وداع میں شک واقع ہوا تو دوبارہ سات چکر شروع سے کرے لیکن اگر کوئی ایک عادل شخص بتادے کہ اتنے چکر آپ نے کئے ہیں تو اس کے کہنے پر عمل کر لینا بہتر ہے اور اگر دو عادل شخص تعداد بتائیں تو ان کے قول پر لازمی عمل کرے، اور اگر طواف نفلی ہو تو غالب گمان پر عمل کرے۔ بہار شریعت میں ہے: طواف کے پھیروں میں شک واقع ہوا کہ کتنے ہوئے تو اگر طواف فرض یا واجب ہے تو اب سے سات پھیرے کرے اور اگر کسی ایک عادل شخص نے بتادیا کہ اتنے پھیرے ہوئے تو اُس کے قول پر عمل کرلینا بہتر ہے اور دو عادل نے بتایا تو ان کے کہے پر ضرور عمل کرے اور اگر طواف فرض یا واجب نہیں ہے تو غالب گمان پر عمل کرے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1100)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

21 ذو القعدہ 1443ھ 21 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group
فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

40

حالت احرام میں عینک لگانا

سوال: حالت احرام میں نظر اور دھوپ کا عینک لگانا کیسا؟

User ID: آصف ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں نظر اور دھوپ کا عینک (sun glasses) لگانا جائز ہے

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذو القعدہ 1443 ھ 26 جون 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

41

چوری چھپے حج کرنا

سوال: اگر کوئی عرب میں کام کرتا ہو اور وہاں حج کی فیس ادا کیے بغیر چوری سے حج کرے تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: اکرام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عرب میں کام کرنے والے بیرونی ممالک سے آئے ہوئے افراد کے لئے مختلف قوانین ہیں اور ان کی خلاف ورزی پر پکڑ دھکڑ بھی ہوتی ہے لہذا وہاں قانون کی خلاف ورزی کرنا یا بغیر فیس کے حج کرنا شرعا جائز نہیں کہ اپنے آپ کو ذلت پر پیش کرنا ہے اور اپنے آپ کو ذلت پر پیش کرنا جائز نہیں البتہ کسی نے اس طرح حج کیا تو حج ہو جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

28 ذو القعدہ 1443ھ 28 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

42

مسجد عائشہ سے عمرہ

سوال: کیا مسجد عائشہ سے عمرہ کرنا جائز ہے؟

User ID: حسان شیخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مکی کو عمرہ کا احرام باندھنے کے لئے حدود حرم سے باہر آنا ضروری ہے اور مسجد عائشہ حدود حرم سے باہر ہے لہذا مکی کو مسجد عائشہ سے عمرہ کا احرام باندھنا نہ صرف جائز بلکہ احناف کے نزدیک افضل ہے کیونکہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ عنھا کو تنعیم (مسجد عائشہ) سے عمرہ کا احرام باندھنے کا حکم دیا تھا۔ ھدایہ میں ہے: الا ان التنعیم افضل لورود الاثر بہ ترجمہ: مگر روایات کے وارد ہونے کی وجہ سے تنعیم سے عمرہ کا احرام باندھنا افضل ہے۔ تبیین میں ہے: والتنعیم افضل لامرہ علیہ الصلاۃ والسلام باحرام منہ ترجمہ: تنعیم افضل ہے کیونکہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں سے احرام باندھنے کا حکم دیا۔

(ھدایہ، 254، تبیین الحقائق، 4/248)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26 ذو القعدہ 1443 26 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

43

گیارہویں کی رمی وقت سے پہلے

سوال: اگر کسی نے گیارہویں کی رمی گیارہ کو فجر کے بعد ہی کرلی تو کیا حکم ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گیارہ اور بارہ ذوالحجہ کی رمی کا وقت ظہر کا وقت شروع ہونے سے لے کر اگلے دن صبح صادق تک ہے البتہ بلا عذر غروب آفتاب کے بعد مکروہ ہے۔ معلوم کی گئی صورت میں گیارہ کی رمی وقت شروع ہونے سے پہلے کی گئی تو وہ رمی نہ ہوئی لہذا لازم تھا کہ گیارہ کی رمی کے وقت میں اس رمی کو دوبارہ کیا جاتا، وقت کے اندر کرنے کی صورت میں کوئی کفارہ لازم نہ تھا، اگر وقت میں رمی نہ کی اور بالکل ترک کردی تو حکم یہ ہے کہ کہ تیرہ کی غروب سے پہلے اس رمی کی قضا بھی کرے اور دم بھی دے اور اگر ایام رمی گزر گئے اور رمی کی قضا نہ کی تو اب صرف دم واجب رہے گا اور توبہ بہر صورت کرنی ہوگی۔ مفتی علی اصغر صاحب نقل کرتے ہیں: اگر کسی دن کی رمی بالکل ہی نہ کی تو جب تک ایام رمی باقی ہیں رمی کی قضا کرے گا تیرہ تاریخ کو غروب سے پہلے تک رمی کے آخری دن کا وقت ہے۔ قضا کے ساتھ ساتھ دم بھی واجب ہوگا۔ یاد رہے کہ یہ قضا کفارے سمیت واجب ہے یعنی 13 تاریخ کا سورج غروب ہونے تک کفارہ اور قضا دونوں واجب ہیں البتہ اس کے بعد صرف کفارہ واجب رہے گا قضا ساقط ہو جائے گی۔

(27 واجبات حج اور تفصیلی احکام، صفحہ 107)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13 ذوالحجہ 1443/13 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

44

حرم سے باہر جانے کے بعد واپسی پر احرام

سوال: اگر کوئی زیارات کے لئے حرم سے باہر جائے تو کیا واپسی پر احرام ضروری ہے؟

User ID: آصف ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی شخص حرم سے باہر حل میں جائے اور میقات سے باہر نہ ہو تو واپس حرم میں آنے کے لئے احرام ضروری نہیں لیکن اگر کوئی میقات سے باہر ہو جائے تو واپس حرم آنے کے لئے اسے حالت احرام میں ہونا ضروری ہے۔ بہار شریعت میں ہے: مکہ والے اگر کسی کام سے بیرونِ حرم جائیں تو انھیں واپسی کے لیے احرام کی حاجت نہیں اور میقات سے باہر جائیں تو اب بغیر احرام واپس آنا انھیں جائز نہیں۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 6، صفحہ 1068)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

18 ذو الحجہ 1443/18 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نکاح وطلاق

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

45

آن لائن نکاح

سوال: آن لائن، فون، واٹس ایپ اسکائپ وغیرہ پر نکاح کیوں نہیں ہو سکتا؟ وجہ بتائیں۔

User ID: محمد اکمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللھم ھدایة الحق والصواب

نکاح کرنے والوں یا ان کے وکیلوں اور گواہوں کا ایک ہی مجلس میں ہونا ضروری ہے اور فون وغیرہ پر نکاح کرنے کی صورت میں عاقدین یعنی ایجاب و قبول کرنے والے ایک مجلس میں نہیں ہوتے، اس شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے نکاح نہیں ہوتا۔

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

15 ذو الحجہ 1443/15 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

46

سیدزادی کا غیر سید سے نکاح

سوال: کیا سیدزادی کا غیر سید سے نکاح ہو سکتا ہے؟

User ID: امین شاہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سید زادی اور اس کا ولی یعنی والد اگر وہ نہیں تو دادا (وہ بھی نہ ہو تو ولی کی تفصیل کتب فقہ میں ہے) اگر غیر سید سے نکاح کرنے پر راضی ہیں اور یہ رضامندی نکاح سے پہلے ہے تو سیدزادی کا نکاح غیر سید سے جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں غیر سید پٹھان اور سیدہ کے نکاح حوالے سے ہے: سائل مظہر کہ لڑکی جوان ہے اور اس کا باپ زندہ، دونوں کو معلوم ہے کہ یہ پٹھان ہے اور دونوں اس عقد پر راضی ہیں، باپ خود اس کے سامان میں ہے، جب صورت یہ ہے تو اس نکاح کے جواز میں اصلا شبہہ نہیں۔ (جلد 11، صفحہ 704)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

25 ذو الحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

47

طلاق دینے کا طریقہ

سوال: طلاق دینے کا شرعی واخلاقی طریقہ بتادیں؟ **User ID: ثاقب محمود**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی اجازت کے بغیر طلاق دینا جائز نہیں، اگر کوئی شرعی وجہ ہو مثلا عورت فاسقہ ایذا دینے والی ہو تو اس صورت میں طلاق دینا جائز ہے۔ طلاق دینے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ بیوی کو ایسے طہر (مخصوص ایام گزرنے کے بعد پاکی کا زمانہ) میں ایک طلاق رجعی دے جس میں اس کے ساتھ صحبت نہ کی ہو پھر اس کو چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کی عدت گزر جائے۔ امام محمد لکھتے ہیں: اذا اراد الرجل ان یطلق امراتہ للسنۃ ترکھا حتی تحیض و تطھر من حیضھا ثم یطلقھا ﴿تطلیقۃ﴾ من غیر جماع ثم یترکھا حتی تنقضی عدتھا ترجمہ: جب شوہر اپنی بیوی کو سنت طلاق دینے کا ارادہ کرے تو اسے چھوڑ دے یہاں تک کہ وہ حیض سے پاک ہو جائے اور اس میں جماع کئے بغیر اسے ایک طلاق دے پھر چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کی عدت ختم ہو جائے (کتاب الاثار، کتاب الطلاق، جلد 2، صفحہ 485)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 ذوالقعدہ 1443ھ 16 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

48 ماں باپ کے کہنے پر طلاق

سوال: کیا ماں باپ کے کہنے پر طلاق دے سکتے ہیں؟

User ID: شمیر رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت اگر فاسقہ ہو کہ والدین وشوہر کو ایذا دیتی ہو اور والدین طلاق دینے کا کہیں تو مرد پر طلاق دینا واجب ہے اور فاسقہ نہ ہو مگر والدین کہیں تو طلاق دینا واجب نہیں مگر مستحب پھر بھی ہے، ایسی صورت میں بہتر ہے کہ فریقین کو سمجھا کر صلح کروادی جائے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: بلکہ بعض صورتوں میں واجب ہوتی ہے، جیسے اس کو اس کے ماں باپ کو طلاق دینے کا حکم دیں اور نہ دینے میں ان کی ایذا و ناراضی ہو واجب ہے کہ طلاق دے دے اگرچہ عورت کا کچھ قصور نہ ہو۔

(فتاوی رضویہ، 12/332)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443ھ 17 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

49

طلاق کے بعد اولاد کس کے پاس

سوال: طلاق کے بعد اولاد کس کے پاس رہے گی؟

User ID: محمد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

طلاق کی وجہ سے مرد و عورت میں جدائی ہو جائے تو لڑکا سات سال تک اور لڑکی نو سال تک ماں کے پاس رہے گی جبکہ ماں کی اخلاقی حالت درست ہو لیکن اس دوران اگر ماں نے ایسے شخص سے نکاح کر لیا جو بچوں کا نسبی محرم نہیں تو ماں کا حق پرورش ساقط ہو جائے گا اور پھر حق پرورش نانی کو حاصل ہو گا، نانی نہ ہو یا پرورش کرنے کی اہل نہ ہو تو نانی کی ماں کو ملے گا، وہ نہ ہو تو دادی کو، دادای نہ ہو تو پردادی یہ نہ ہوں تو پھر سگی بہن پھر اخیافی بہن پھر سگی بہن کی بیٹی پھر اخیافی بہن کی بیٹی پھر بچے کی خالہ کو ملے گا۔ (اس کی مزید تفصیل کتب فقہ میں ہے)۔ لڑکا سات سال کے بعد بالغ ہونے تک اور لڑکی جب تک کنواری ہے باپ کے پاس رہے گی۔ (ماخوذاز در مختار مع رد المحتار 274،273،272/5، عالمگیری 565/1، قاضی خان 367/1)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

16 ذو القعدہ 1443ھ 16 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

50

بیوی کے پہلے شوہر کی اولاد سے حرمت

سوال: بیوہ سے شادی ہوئی اب اس کی وہ بیٹیاں جو سابقہ شوہر سے ہیں ان سے نکاح کس صورت میں حرام ہو گا؟

User ID:عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بیوی سے صحبت کرلی یا اس سے خلوت صحیحہ ہو گئی تو اس کی لڑکیاں جو سابقہ شوہر سے ہیں وہ مرد پر حرام ہو جائیں گی اور اگر ایسا نہ ہوا تو حرمت کا رشتہ قائم نہیں ہو گا۔ قرآن پاک میں ہے:وَ رَبَآىٕبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآىٕكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ٘-فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ ترجمہ: اور تمہاری بیویوں کی وہ بیٹیاں جو تمہاری گود میں ہیں (جو اُن بیویوں سے ہوں) جن سے تم ہم بستری کرچکے ہو پھر اگر تم نے ان (بیویوں) سے ہم بستری نہ کی ہو تو ان کی بیٹیوں سے نکاح کرنے میں تم پر کوئی حرج نہیں ۔(النساء:23)اس کی تفسیر میں ہے:جن بیویوں سے صحبت کرلی ہو ان کی دوسرے شوہر سے جو بیٹی ہو اس سے نکاح حرام ہے اگرچہ وہ شوہر کی پرورش میں نہ ہو کیونکہ پرورش کی قید اتفاقی ہے مگر یہ سوتیلی لڑکی صرف شوہر کیلئے حرام ہے، شوہر کی اولاد کے لئے حلال اور شوہر کیلئے بھی جب حرام ہے جبکہ بیوی سے صحبت کرلی ہو اور اگر بغیر صحبت طلاق دی یا وہ فوت ہو گئی تو اس کی بیٹی حلال ہے۔ (صراط الجنان، جلد 2، صفحہ 172)

بہار شریعت میں ہے:اور خلوتِ صحیحہ بھی وطی ہی کے حکم میں ہے یعنی اگر خلوتِ صحیحہ عورت کے ساتھ ہو گئی، اس کی لڑکی حرام ہو گئی اگرچہ وطی نہ کی ہو۔(1/23)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

9 ذو القعدہ 1443ھ 9 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

51

شوہر لاپتہ ہو جائے

سوال: عورت کا شوہر لاپتہ ہو جائے تو وہ کتنا انتظار کرے گی اور کیا دوسرا نکاح کر سکتی ہے؟

User ID: جاوید احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

فی زمانہ فقہاء احناف نے امام مالک کے قول پر فتوی دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا کہ اگر کسی عورت کا شوہر مفقود (لاپتہ) ہو جائے کہ اس کی موت وحیات کا کچھ پتا نہ چلتا ہو تو وہ قاضی (فی زمانہ شہر کے سب سے بڑے مفتی) کے پاس شوہر کی گمشدگی کا دعوی کرے گی، قاضی یا مفتی اس عورت کو چار سال انتظار کرنے کا کہے گا جس میں وہ اس دعوے کی تصدیق یا تکذیب کے لئے تحقیق و تفتیش کرے گا، موت وحیات کچھ معلوم نہ ہونے کی صورت میں عورت چار سال بعد قاضی یا مفتی سے رجوع کرے گی اور قاضی یا مفتی شوہر کی موت کا حکم جاری کرے گا پھر عورت عدت وفات گزار کر کسی اور سے نکاح کر سکے گی۔

(ماخوذ از: مجلس شرعی کے فیصلے، صفحہ 231)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 ذو القعدہ 1443ھ 29 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

52

میسج پر طلاق

سوال: اگر کسی نے میسج پر اپنی بیوی کو یوں کہا کہ میں مسمی فلاں بن فلاں اپنی زوجہ فلانہ بنت فلاں کو طلاق دیتا ہوں تو کیا حکم ہے؟

User ID: قاری علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے میسج پر اپنی بیوی کو یوں طلاق دی کہ میں فلاں بن فلاں اپنی زوجہ فلانہ بنت فلاں کو طلاق دیتا ہوں تو یہ طلاق واقع ہوجائے گی۔

نوٹ: اس کے علاوہ کوئی صورت ہو تو دار الافتاء اہلسنت سے رابطہ فرمائیں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 ذو الحجہ 1443/5 جولائی 2022ء

قسم

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

53

پان نہ کھانے کی قسم

سوال: ایک شخص نے قسم کھائی کہ پان نہیں کھائے گا پھر اس نے کہا میری مراد تمبا کو والا پان تھا میٹھا نہیں اور اس نے میٹھا پان کھالیا تو کیا اس کی قسم ٹوٹ گئی؟

User ID: غلام رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس شخص کی قسم ٹوٹ گئی کیونکہ قسم میں الفاظ کا اعتبار ہے اغراض کا نہیں، اس جملے سے یہی سمجھا جاتا ہے کہ کسی قسم کا پان نہیں کھائے گا لہذا میٹھا پان کھانے سے اس کی قسم ٹوٹ جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: قسم میں الفاظ کا لحاظ ہوگا اس کا لحاظ نہ ہوگا کہ اس قسم سے غرض کیا ہے۔

(بہار شریعت، جلد2، صفحہ 319)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17ذوالحجہ 1443/17جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

قربانی

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

54

حاجی پر کتنی قربانیاں واجب ہیں

سوال: جو حج پر گیا ہے وہ کتنی قربانیاں کرے گا؟ کیا عید کی قربانی بھی اس پر واجب ہے؟

User ID: خان احسن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حج قران اور تمتع کرنے والے پر حج کے شکرانے میں قربانی کرنا واجب ہوتا ہے یہ قربانی بقر عید کی قربانی کے علاوہ ہے، بقر عید کی قربانی واجب ہونے نہ ہونے میں قاعدہ یہ ہے کہ اگر حاجی مقیم ہو یعنی حاجی کی نیت مکہ میں کم از کم 15 دن رہنے کی ہو اور اس دوران منی جانا طے نہ ہو تو منی میں اور منی سے واپس مکہ میں آکر بھی مقیم رہے گا لہذا صاحب نصاب ہونے کی صورت میں اس پر قربانی واجب ہوگی اور اگر حاجی مسافر ہے یعنی مکے میں اس کی نیت پورے پندرہ دن رہنے کی نہیں ہے بلکہ اس دوران منی جانا بھی طے ہے تو مکہ اور منی میں اور منی سے واپسی پر مکہ میں یہ مسافر ہی شمار ہوگا اور مسافر پر بقر عید کی قربانی واجب نہیں، البتہ حاجی اگر منی سے واپسی پر مکے میں کم از کم 15 دن رہنے کی نیت سے آئے گا یا 12 ذوالحجہ کے غروب آفتاب سے پہلے پہلے اپنے ملک میں آکر مقیم ہو گیا تو صاحب نصاب ہونے کی صورت میں اس پر بھی قربانی واجب ہو جائے گی۔ (ماخوذ از لباب المناسک، 368، البحر الرائق، 606/2، در مختار، 729/2، عالمگیری، 5/360)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13 ذوالقعدہ 1443 13 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

55

اپنی قربانی کے وقت سامنے موجود ہونا

سوال: کیا جانور ذبح ہوتے وقت اپنی قربانی کے پاس موجود ہونا ضروری ہے؟

User ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے وقت جانور کے پاس ہونا بہتر ہے مگر ضروری نہیں، اگر کوئی موجود نہ بھی ہو تو قربانی ہو جائے گی۔ عالمگیری میں ہے: وان کان لایحسنہ فالافضل ان یستعین بغیرہ ولکن ینبغی ان یشھدھا بنفسہ ترجمہ: اگر خود اچھی طرح ذبح کرنا نہیں جانتا تو افضل یہ ہے کہ کسی اور سے مدد لے لیکن اس صورت میں بہتر یہ ہے کہ وہاں پر خود موجود رہے۔ (عالمگیری، جلد 5، کتاب الاضحیہ، صفحہ 380)

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذوالقعدہ 1443ھ 14 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

56

بڑے جانور میں پانچ حصے

سوال: اگر بڑے جانور میں سات کی جگہ پانچ حصے رکھے جائیں تو قربانی ہو جائے گی؟

User ID: جنید طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے بڑے جانور میں زیادہ سے زیادہ سات حصے رکھے جاسکتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ سات سے زیادہ نہ ہوں کیونکہ اس صورت میں حصہ ساتویں حصے سے کم ہو جائے گا اور اگر حصہ ساتویں حصہ سے کم یعنی کم از کم ایک حصہ کامل نہ ہو تو قربانی نہیں ہوتی، ہاں اگر سات سے کم افراد ہوں تو اس میں حرج نہیں کیونکہ ہر فرد کا ایک کامل حصہ تو ضرور ہو گا لہذا اس سے قربانی پر اثر نہیں پڑے گا۔

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

4ذو الحجہ 1443/ 4جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

57

پچھلے سالوں کی قربانی نہ کی ہو تو

سوال: اگر کسی نے پچھلے سالوں میں قربانی نہ کی ہو تو اب کر سکتا ہے؟

User ID: حشیم رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی واجب ہونے کے باوجود اگر کسی نے قربانی نہ کی تو گناہ گار ہوا لہذا توبہ کرے لیکن اب سابقہ سالوں کی قربانیوں کے بدلے میں جانور قربان نہیں کر سکتا بلکہ اب اس پر لازم ہے کہ ہر قربانی کے بدلے ایک متوسط بکری (جس میں قربانی کی شرائط پائی جائیں) یا اس کی قیمت صدقہ کرے۔ فتاوی فقیہ ملت میں ہے: جتنے سال کی قربانیاں قضا ہوئی ہیں ان کی ادا کی صورت یہ ہے کہ ہر سال کے عوض ایک اوسط درجہ کا بکرا یا اس کی قیمت صدقہ کرے۔ (2/248)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443ھ 17 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

58

بیوی کی طرف سے قربانی

سوال: کیا شوہر اپنے پیسوں سے بیوی کے لئے قربانی کا جانور خرید سکتا ہے جبکہ وہ خود بھی صاحب نصاب ہے؟

User ID: ابوذر الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بیوی کی طرف سے شوہر کو صراحۃ یا دلالۃ قربانی کرنے کی اجازت ہے تو شوہر اس کی طرف سے قربانی کر سکتا ہے، صراحۃ کا مطلب یہ ہے کہ بیوی نے شوہر کو کہا ہو کہ میری طرف سے قربانی کر دیں اور دلالۃ کا مطلب یہ ہے کہ ہر سال شوہر ہی کرتا ہے اور بیوی کو بھی معلوم ہے تو یہ بھی اجازت سمجھی جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: قربانی وصدقہ فطر عبادت ہے اور عبادت میں نیت شرط ہے تو بلا اجازت ناممکن ہے۔ ہاں اجازت کے لئے صراحۃ ہونا ضروری نہیں دلالت کافی ہے۔ مثلاً زید اس کے عیال میں ہے اس کا کھانا پہننا سب اس کے پاس سے ہوتا ہے۔ یا یہ اس کا وکیل مطلق ہے۔ اس کے کاروبار کیا کرتا ہے۔ ان صورتوں میں ادا ہو جائے گی۔ (فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 453)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443ھ 17 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

59

مسافر پر قربانی

سوال: مسافر ایام قربانی گزرنے کے بعد اگر اپنے شہر میں آئے تو کیا اب قربانی یا کوئی صدقہ کرے گا؟

User ID: وقار احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسافر پر مطلقا قربانی واجب نہیں نہ ایام قربانی میں نہ قربانی کے دن گزرنے کے بعد لہذا ایام قربانی کے بعد جب مسافر اپنے شہر آئے گا تو اس پر نہ جانور قربان کرنا واجب ہے نہ کوئی رقم صدقہ کرنا ہاں اگر ایام قربانی میں ہی مسافر مقیم ہو جائے تو اب شرائط پائی جانے کی صورت میں اس پر قربانی واجب ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

27 ذو القعدہ 1443ھ 27 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

60

جانور کے سینگ کاٹ دیے

سوال: اگر جانور کے سینگ کاٹ کر اوپر سے رگڑ دیے گئے ہوں تو اس کی قربانی کا کیا حکم ہے؟

User ID: سیف اللہ رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر جانور کے سینگ جڑ سے نہ کاٹے گئے ہوں تو اس کی قربانی ہو جائے گی اور اگر جڑ سے کاٹ دیے گئے ہوں مگر اس کا زخم بھر گیا ہو تو بھی اس کی قربانی ہو جائے گی اور اگر جڑ سے کاٹے مگر زخم نہ بھرا ہو تو اس کی قربانی نہیں ہو گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: سینگ ٹوٹنا اس وقت قربانی سے مانع ہوتا ہے کہ جبکہ سر کے اندر جڑ تک ٹوٹے اگر اوپر کا حصہ ٹوٹ جائے تو مانع نہیں۔۔۔ اور اگر ایسا ہی ٹوٹا تھا کہ مانع ہوتا، مگر اب زخم بھر گیا، عیب جاتا رہا تو حرج نہیں۔ (فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 460)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30 ذوالقعدہ 1443 / 30 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

61

قربانی کا گوشت سارا خود رکھنا

سوال: قربانی کے گوشت کے تین حصے کرنا ضروری ہیں یا سارا خود رکھ سکتے ہیں؟

User ID: مدثر اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے گوشت کے تین حصے کرنا مستحب ہے یعنی کریں تو ثواب اور نہ کریں تو کچھ گناہ نہیں، قربانی کا گوشت سارا خود بھی رکھ سکتے ہیں اور سارا صدقہ بھی کر سکتے ہیں اور سب سے بہتر تین حصے کرنا ہے جس میں سے ایک حصہ رشتے داروں کے لئے، ایک غریبوں کے لئے اور ایک اپنے لئے رکھے۔ عالمگیری میں ہے: و یستحب ان یاکل من اضحیتہ ویطعم منھا غیرہ والافضل ان یتصدق بالثلث ویتخذ الثلث ضیافۃ لاقاربہ و اصدقائہ و یدخر الثلث ۔۔۔ ولو تصدق بالکل جاز ولوحبس الکل لنفسہ جاز (5/300)

ترجمہ: مستحب یہ ہے کہ اپنی قربانی سے خود بھی کھائے اور دوسروں کو بھی کھلائے اور افضل یہ ہے کہ ایک حصہ صدقہ کرے ایک حصہ مہمانوں اور دوستوں کی مہمانی کے لئے رکھے اور ایک حصہ اپنے لئے رکھ لے اور اگر سارا صدقہ کر دیا تو بھی جائز ہے اور سارا رکھ لیا تو بھی جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

1 ذو الحجہ 1443ھ 2022 جولائی

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

62

جانور کو قبلہ رخ کرنا

سوال: ذبح کرتے وقت جانور کا قبلہ رخ ہونا ضروری ہے؟

User ID: افتخار اعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

جانور کو ذبح کرتے وقت سنت یہ ہے کہ ذبح کرنے والا اور جانور دونوں ہی قبلہ رخ ہوں اور اس کا ترک مکروہ ہے لیکن اگر کسی نے جان کر یا بھولے سے کسی اور رخ پر جانور کو لٹا کر ذبح کیا تب بھی قربانی ہو جائے گی البتہ جان کر ایسا کرنا ناپسندیدہ ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: سنت یہ چلی آرہی کہ ذبح کرنے والا اور جانور دونوں قبلہ رو ہوں، ہمارے علاقہ (پاک وہند) میں قبلہ مغرب میں ہے اس لئے سر ذبیحہ جنوب کی طرف ہونا چاہئے تا کہ جانور بائیں پہلوں لیٹا ہو اور اس کی پیٹھ مشرق کی طرف ہو تا کہ اس کا منہ قبلہ کی طرف ہو جائے، اور ذبح کرنے والا اپنا دایاں پاؤں جانور کی گردن کے دائیں حصہ پر رکھے اور ذبح کرے اور خود اپنا یا جانور کا منہ قبلہ کی طرف کرنا ترک کیا تو مکروہ ہے۔ (20/216)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30 ذو القعدہ 1443 30 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

63

گاؤں میں قربانی کا وقت

سوال: گاؤں میں قربانی کا وقت کب شروع ہوتا ہے؟

User ID: رونق رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گاؤں میں چونکہ نماز عید مشروع نہیں لہذا وہاں صبح صادق طلوع ہوتے ہی یعنی جیسے ہی فجر کا وقت شروع ہو قربانی کرنا جائز ہے مگر افضل یہ ہے کہ سورج نکلنے کے بعد کی جائے۔ بہار شریعت میں ہے: شہر میں قربانی کی جائے تو شرط یہ ہے کہ نماز ہو چکے لہذا نماز عید سے پہلے شہر میں قربانی نہیں ہو سکتی اور دیہات میں چونکہ نماز عید نہیں ہے یہاں طلوع فجر کے بعد سے ہی قربانی ہو سکتی ہے اور دیہات میں بہتر یہ ہے کہ بعد طلوع آفتاب قربانی کی جائے اور شہر میں بہتر یہ ہے کہ عید کا خطبہ ہو چکنے کے بعد قربانی کی جائے۔ (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 337)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

1 ذو الحجہ 1443ھ 1 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

64

بیرون ملک سے قربانی

سوال: ایک شخص جو یورپ میں رہتا ہے وہ پاکستان میں قربانی کروانا چاہتا ہے مگر یورپ کے کچھ ممالک میں پاکستان سے چھ سات گھنٹے بعد دس ذوالحجہ کی صبح صادق ہو گی تو اب قربانی کا کیا حکم ہے؟

User ID: عادل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے درست ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وکیل و مؤکل دونوں کے مقام پر قربانی کا وقت ہو یعنی ایسا بھی نہیں ہو سکتا کہ دونوں میں سے کسی ایک مقام پر ابھی قربانی کا وقت شروع نہ ہوا ہو اور نہ ہی ایسا ہو سکتا ہے کہ دونوں میں سے ایک مقام پر قربانی کا وقت گزر چکا ہو، لہذا پاکستان میں قربانی کرنے والے پر لازم ہے کہ جس جگہ مؤکل ہے وہاں بھی قربانی کا وقت شروع ہونے کے بعد قربانی کرے البتہ مؤکل کا نماز عید پڑھ لینا ضروری نہیں اگر وکیل شہر میں ہے اور وہاں کسی مقام پر نماز عید کی ادائیگی ہو چکی ہے تو قربانی درست ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

4ذو الحجہ 1443/4 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

65

بڑے جانور میں پانچ حصے

سوال: کیا بڑے جانور کی قربانی میں پانچ حصے ہو سکتے ہیں یا سات ہی ضروری ہیں؟

User ID: ملک عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بڑے جانور مثلا گائے، اونٹ وغیرہ میں زیادہ سے زیادہ سات افراد کی طرف سے قربانی ہو سکتی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ سات سے زیادہ لوگ اس میں شریک نہیں ہو سکتے کیونکہ اس صورت میں کسی کا حصہ مکمل ایک حصہ سے کم ہو جائے گا جبکہ قربانی میں کم از کم ایک حصہ مکمل ہونا ضروری ہے، لیکن سات سے کم افراد اس میں شریک ہونا چاہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس صورت میں ایک حصہ تو مکمل ہی رہے گا، ایک سے حصہ بڑھ جائے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ (ملخصا: رد المحتار، ج9، صفحہ 524)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443ھ 14 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

66

میت کی طرف سے قربانی کی تو گوشت

سوال: اگر کسی نے میت کی طرف سے قربانی کی تو گوشت صدقہ کرنا ہو گا یا خود بھی کھا سکتا ہے؟ User ID: آدم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر میت کی طرف سے قربانی میت کے کہنے پر میت کے مال سے کی یعنی میت نے قربانی کی وصیت کی تھی تو اس کو صدقہ کرنا ضروری ہے، خود اس میں سے نہیں کھا سکتا، اور اگر میت کے کہے بغیر اپنے مال سے کر دی تو اس میں سے خود بھی کھا سکتا ہے۔ فتاوی قاضی خان میں ہے: ولو ضحی عن میت من مال نفسه بغیر امر المیت جاز، وله ان یتناول منه ولا یلزمه ان یتصدق به لانها لم تصر ملکا للمیت بل الذبح حصل علی ملکه۔ وان ضحی عن میت من مال المیت بامر المیت یلزمه التصدق بلحمه ولا یتناول منه لان الاضحیة تقع عن المیت

ترجمہ: اگر کسی نے میت کی طرف سے قربانی اپنے مال سے بغیر میت کے کہے کر دی تو جائز ہے اور اس کے لئے اس میں سے کھانا بھی جائز ہے اور اس کو صدقہ کرنا ضروری نہیں اس لئے کہ یہ میت کی ملکیت نہیں بلکہ قربانی کرنے والے کی ملکیت ہوئی اور اگر میت کی طرف سے قربانی میت کے مال سے میت کے کہنے پر کی تو گوشت کو صدقہ کرنا ضروری ہے اور اس میں سے خود نہیں کھا سکتا اس لئے کہ یہ میت کی طرف سے واقع ہوئی۔ (3/239)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

4 ذو الحجہ 1443/4 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

67

قربانی کے جانور کا خون

سوال: قربانی کے جانور کا خون گھر کے دروازے پر ڈالنا کیسا؟

User ID: نعمان شاہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جانور چاہے قربانی کا ہو یا اس کے علاوہ، بوقت ذبح نکلا ہوا خون نجاست غلیظہ ہے اور اس خون کو گھر کے دروازوں پر لگانا پاک چیز کو ناپاک کرنا ہے جو کہ حرام ہے اور اس عمل کی شرعا کوئی حقیقت نہیں بلکہ یہ جہالت اور علم دین سے دوری کے باعث ہے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو الحجہ 1443/14 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

68

قربانی میں دم کا حصہ

سوال: کیا قربانی کے بڑے جانور میں ایک حصہ دم کا بھی ہو سکتا ہے؟

User ID: محمد فرقان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس جانور میں سات حصے رکھے جاسکتے ہیں اس میں بنیادی شرط یہ ہے کہ سب کی نیت تقرب کی ہو البتہ تقرب کا ایک ہی قسم سے ہونا ضروری نہیں لہذا قربانی کے جانور میں دم کا حصہ بھی شامل کیا جا سکتا ہے البتہ اس میں دم کا حصہ ہو تو قربانی حدود حرم میں ہونا ضروری ہے۔ بہار شریعت میں ہے: قربانی کے سب شرکا کی نیت تقرب ہو اس کا یہ مطلب ہے کہ کسی کا ارادہ گوشت نہ ہو اور یہ ضرور نہیں کہ وہ تقرب ایک ہی قسم کا ہو مثلاً سب قربانی ہی کرنا چاہتے ہیں بلکہ اگر مختلف قسم کے تقرب ہوں وہ تقرب سب پر واجب ہو یا کسی پر واجب ہو اور کسی پر واجب نہ ہو ہر صورت میں قربانی جائز ہے مثلاً دم احصار اور احرام میں شکار کرنے کی جزا اور سر منڈانے کی وجہ سے دم واجب ہوا ہو اور تمتع و قران کا دم کہ ان سب کے ساتھ قربانی کی شرکت ہو سکتی ہے۔(3/343)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

19 ذو الحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

خواتین کے
مسائل

69

عورت کا علماء کی ویڈیو دیکھنا

سوال: کیا عورت مرد علماء کرام کی ویڈیو دیکھ سکتی ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر علماء کی ویڈیوز دیکھنے سے عورت کو بری خواہش پیدا نہیں ہوتی تو دیکھ سکتی ہے کیونکہ عورت کا مرد اجنبی کو دیکھنے کا حکم وہی ہے جو مرد کا مرد کو دیکھنے کا ہے یعنی ناف کے نیچے سے لے کر گھٹنوں کے نیچے تک نہیں سکتی، باقی بدن کو شہوت نہ ہونے کی صورت میں دیکھ سکتی ہے، البتہ عورت کو شہوت کا گمان بھی ہو تو دیکھنا ممنوع ہو گا۔

(ماخوذا: عالمگیری، 5/327)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 ذو القعدہ 1443ھ 29 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

70

مانع حیض ادویات

سوال: عورت کا دوران حج یا رمضان میں مانع حیض ادویات استعمال کرنا کیسا؟

User ID: محمد طیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا مانع حیض ادویات استعمال کرنا شرعا جائز ہے مگر طبی اعتبار سے نقصان دہ ہو سکتا ہے اس لئے کسی ماہر ڈاکٹر سے مشورہ کرنے کے بعد استعمال کی جائیں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذو الحجہ 2/1443 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

71

بچہ دانی کا آپریشن

سوال: بچہ دانی کا آپریشن کروانا کیسا؟

User ID: شیر زمان خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آپریشن کے ذریعے بچہ دانی نکلوا دینا حرام ہے کہ یہ عضو کو ضائع کرنا اور مثلہ ہے جو کہ حرام ہے۔حدیث پاک میں ہے **ولا تمثلوا** ترجمہ: اور مثلہ نہ کرو۔ (مسلم،1731)

الموسوعہ الفقہیہ الکویتیہ میں ہے: لا یجوز للمراۃ تغییر شئی من خلقتھا التی خلقھا اللہ علیھا بزیادۃ او نقص ترجمہ: عورت کے لئے جائز نہیں کہ جس خلقت پر اسے اللہ پاک نے پیدا فرمایا ہے اس میں کمی یا زیادتی کے ساتھ تبدیلی کرے۔ (11/274)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13ذوالحجہ 1443/13 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

72

دو سال تک دودھ پلانا

سوال: کیا بچے کو دو سال تک دودھ پلانا ضروری ہے اگر کسی مجبوری کی بنا پر پہلے چھڑوا دے تو کیا حکم ہے؟

User ID: وقاص

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت بچے کو زیادہ سے زیادہ ہجری سن کے حساب سے دو سال تک دودھ پلا سکتی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ دو سال سے زیادہ نہیں پلا سکتی، کمی کی جانب کوئی حد نہیں، اگر کسی وجہ سے پہلے چھڑوا دیا تو بھی جائز ہے مگر ایسی صورت میں بچے کی غذا کا مناسب انتظام کیا جانا چاہیے تاکہ اس کی صحت پر اثر نہ پڑے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو الحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

73

لڑکا گود لینا

سوال: اگر لڑکا گود لیا تو کیا وہ عورت کے لئے محرم ہو گا؟

User ID: بنت عباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر لڑکا گود لیا تو اس کے بالغ ہونے کے بعد گود لینے والی عورت سے اس کا پردہ ہو گا اس لئے عورت کو چاہیے کہ دو سال کے اندر اندر یا تو اپنا یا اپنی بیٹی یا بہن یا والدہ یا بھتیجی یا بھانجی کا دودھ اس لڑکے کو پلوا دے تاکہ اس عورت کے ساتھ اس کا دودھ کا رشتہ قائم ہو جائے اور پردہ کرنا ضروری نہ رہے، ڈھائی سال تک بھی دودھ پلایا تو دودھ کا رشتہ قائم ہو جائے گا مگر دو سال کے بعد عورت کا پلانا ناجائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 ذو الحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

حلال و حرام

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

74

الکوحل والا پرفیوم

سوال: الکوحل والا پرفیوم اور عطر استعمال کر سکتے ہیں؟

User ID: شیراز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

آج کے دور میں کئی خارجی استعمال والی چیزوں میں الکوحل ہوتا ہے اور اس سے بچنا تقریبا ناممکن ہے اور عوام و خواص سب ہی ان چیزوں کو استعمال کرتے ہیں لہذا ہمارے زمانے کے کئی فقہاء نے خارجی استعمال کی چیزوں میں الکوحل کی اجازت دی ہے اور کھانے پینے کی چیزوں میں یہ اجازت دواؤں کے ساتھ خاص ہے، پرفیوم، باڈی اسپرے اور عطر کا استعمال بھی خارجی ہے لہذا اس کا استعمال بھی جائز ہے اور اسے لگا کر نماز بھی ہو جائے گی البتہ ضرورت نہ ہو تو اس سے بچنا ہی بہتر ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

14 ذو القعدہ 1443 14 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

75

نادرا میں نوکری کرنا کیسا

سوال: نادرا میں نوکری کرنا کیسا ہے کیونکہ وہاں ہر وقت تصویر کشی ہوتی ہے؟

User ID: لیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

شناختی کارڈ کے لئے تصویر بنوانا شدید ضرورت وحاجت کی وجہ سے جائز ہے اور اس کے لئے تصویر لینا بھی اسی ضرورت کے تحت جائز ہے لہذا وہاں نوکری کرنا جائز ہے جبکہ ممانعت کی اور کوئی وجہ نہ ہو۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443 / 17 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

76

جاندار کی تصویر والا لباس

سوال: کیا نماز کے علاوہ جاندار کی تصویر والا لباس پہننا جائز ہے؟

User ID: علی رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز کے علاوہ بھی جاندار کی تصویر والا لباس پہننا ناجائز ہے۔ فتاوی شامی میں ہے: تکرہ التصاویر علی الثوب صلی فیہ اولا و ھذہ الکراھۃ تحریمیۃ ترجمہ: کپڑے پر جاندار کی تصویر کا ہونا مکروہ ہے چاہے اس میں نماز پڑھے یا نہ پڑھے اور یہ مکروہ تحریمی ہے۔ (شامی، جلد 2، صفحہ 502)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17ذو القعدہ 1443ھ 17 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

77

گھوڑی کا دودھ

سوال: گھوڑی کے دودھ کا کیا حکم ہے؟

User ID: حافظ شاش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

گھوڑی کا دودھ پینا ناجائز اور گناہ ہے۔ بہار شریعت میں ہے: حرام جانوروں کا دودھ نجس ہے، البتہ گھوڑی کا دودھ پاک ہے مگر کھانا جائز نہیں۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 393)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

21 ذوالقعدہ 1443ھ 21 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

78

حلال اور حرام جانور کی پہچان

سوال: ہمیں کیسے پتا چلے کہ کون سا جانور حلال ہے اور کونسا حرام؟

User ID: سید طارق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فتاوی نوریہ میں ہے: "درندے یعنی زمینی جانور دو قسم کے ہیں: خون والے، بے خون۔ وہ تمام جانور جن میں دم مسفوح نہیں، حرام ہیں جیسے حشرات الارض، بچھو، سانپ، کیڑے مکوڑے وغیرہ۔ ایسے تمام جانور جن میں بہنے والا خون ہو ان میں سے درندے یعنی کیلے سے شکار کرنے والے جانور مثلاً شیر، چیتا، کتا وغیرہ حرام ہیں، ان کے علاوہ سب حلال ہیں۔ (اونٹ اگرچہ کیلے والا جانور ہے مگر وہ شکار نہیں کرتا، لہذا اس حکم حرمت میں داخل نہیں)۔ بھیمۃ الانعام یعنی بے زبان مویشی جن کی حرمت شریعت میں وارد نہیں سب حلال ہیں مثلاً اونٹ، گائے، بھیڑ، بکری وغیرہ۔

(فتاوی نوریہ، جلد 3، کتاب الذبائح، صفحہ 381، دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

5 ذو الحجہ 1443/5 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

79

قبر پر عطر لگانا

سوال: قبروں پر عطر لگانا کیسا؟

User ID: محمد طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قبروں پر عطر لگانا جائز نہیں کہ یہ اسراف اور مال کو ضائع کرنا ہے البتہ تلاوت قرآن کی تعظیم یا لوگوں کو راحت پہنچانا مقصود ہو تو اچھی معیاری خوشبو لوگوں کو لگانے کے لئے دی جا سکتی ہے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

13 ذو الحجہ 1443/13 جولائی 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

80

فحش کہانیاں پڑھنا سننا

سوال: فحش کہانیاں پڑھنا کیسا؟

User ID: محمد سخاوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

دین اسلام کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ حرام کی طرف لے جانے والے کاموں کو بھی ممنوع قرار دیا ہے، جس طرح زنا حرام ہے اسی طرح اس کے دواعی یعنی اس کی طرف بلانے اور لے جانے والے کاموں کو بھی ناجائز قرار دیا ہے، اسی وجہ سے حدیث پاک میں فرمایا آنکھوں کا زنا بد نگاہی ہے، زبان کا زنا فحش گفتگو کرنا ہے۔ فحش کہانیاں چونکہ شہوت کو ابھارنے، زنا کی طرف لے جانے، آنکھوں کو حرام میں مبتلا کرنے کا ذریعہ ہیں اور فحش گفتگو بذات خود بھی ناجائز ہیں کہ احادیث میں اس کی وعیدات موجود ہیں لہذا ایسی کہانیاں لکھنا، پڑھنا، سننا اور ان کہانیوں کی تحریری ویڈیوز بنانا سب ناجائز اور گناہ ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

17ذو الحجہ 1443/17 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

81

راستے میں گری ہوئی چیز کو خود استعمال کرنا

سوال: اگر راستے میں کوئی رقم یا سامان ملے اور مالک بھی نہ ملے تو کیا خود استعمال کر سکتے ہیں؟

User ID: طارق ارشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گرا پڑا مال کہیں ملا تو اس کو اپنے استعمال کے لئے نہیں اٹھا سکتے بلکہ وہ چیز اٹھانے والے کے لئے حکم یہ ہے کہ اس کے مالک کی تلاش کرے اور اس چیز کی تشہیر کرے، مالک مل جائے تو اس کو دے دے اور اگر اتنی تشہیر کی کہ اب مالک کے ملنے کی امید ختم ہو گئی تو اگر خود شرعی فقیر ہے تو اپنے استعمال میں لا سکتا ہے ورنہ کسی شرعی فقیر کو دے دے البتہ یہ یاد رہے کہ کل کو مالک آجائے اور وہ صدقہ پر راضی نہ ہو تو چیز اٹھانے والا اپنے پلے سے اسے ادائیگی کرے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

19 ذو الحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

82

ملی نغمے اور قومی ترانے سننا

سوال: ملی نغمے اور قومی ترانے سننا کیسا؟

User ID: عثمان الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ملی نغموں اور ترانوں میں میوزک ہو تو اس کا سننا جائز نہیں اور اگر میوزک نہ ہو لیکن ان کے الفاظ خلاف شرع ہوں تو بھی سننا ناجائز ہے۔ اگر نغموں اور ترانوں میں میوزک نہ ہو اور اس کے الفاظ بھی خلاف شرع نہ ہوں تو اس کا سننا پڑھنا جائز ہے۔

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

26ذو الحجہ 1443/26جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

83

معجزہ ہو گیا کہنا کیسا

سوال: بعض لوگ کسی بات پر کہہ دیتے ہیں کہ اب تو معجزہ ہی ہو سکتا ہے ایسا کہنا کیسا؟

User ID: کنول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ جملہ بولنا شرعاً ممنوع ہے کیونکہ لفظ معجزہ ایک شرعی اصطلاح ہے جو نبی کے ساتھ خاص ہے لیکن یہ چونکہ محاورے کے طور پر بولا جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اب بظاہر اسباب نظر نہیں آرہے بس اللہ پاک کی خاص مدد ہی ہو سکتی ہے لہذا اس پر کوئی سخت حکم نہیں، بہر حال اس کی جگہ لفظ کرشمہ بولا جاتا ہے لہذا یہ استعمال کیا جائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

1ذو الحجہ 1443 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

84

شوہر بیوی کا ایک دوسرے کو ہاتھ سے فارغ

سوال: کیا شوہر بیوی ایک دوسرے کو ہاتھ سے ڈسچارج کر سکتے ہیں؟

User ID: سید آحل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

شوہر بیوی کا ایک دوسرے کو ہاتھ سے ڈسچارج (فارغ) کرنا جائز ہے۔ فتاوی شامی میں ہے: یجوز ان یستمنی بید زوجتہ ترجمہ: بیوی کے ہاتھ سے فراغت (منی خارج کروانا) جائز ہے۔

(شامی، جلد 6، صفحہ 44)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

25 ذوالحجہ 1443/25 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

85 غیر مسلم کا فاتحہ

سوال: اگر کسی نے غیر مسلم کا فاتحہ پڑھ لیا اور اس کو معلوم نہیں تھا کہ یہ غیر مسلم ہے تو کیا حکم ہے اور جس کو معلوم تھا اس کے لئے کیا حکم ہے؟

User ID: عدنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی نے غیر مسلم کا فاتحہ پڑھ دیا یعنی اس کے لئے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کی اور اسے معلوم نہیں تھا کہ یہ غیر مسلم ہے تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور جس کو معلوم تھا اگر اس نے غیر مسلم کو مرحوم و مغفور سمجھ کر ایسا کیا تو دائرہ اسلام سے خارج ہو گیا اور اگر یہ سمجھ کر نہ کیا تو بھی حرام کام کیا اور وہ گناہ گار ہوا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24 ذوالحجہ 1443/24 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

86

غیر مسلم سے علاج

سوال: غیر مسلم ڈاکٹر سے علاج کروانا کیسا؟

User ID:عادل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مسلمان ڈاکٹر دستیاب نہ ہو یا اس کے علاج سے افاقہ نہ ہو رہا ہو اور غیر مسلم ڈاکٹر اپنے فن میں ماہر ہو تو اس سے علاج کرواسکتے ہیں۔ بحر الرائق میں ہے: ان المریض یجوز لہ ان یستطب بالکافر

ترجمہ: مریض کے لئے غیر مسلم ڈاکٹر سے علاج کروانا جائز ہے۔ (جلد2، صفحہ 493)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

25ذو الحجہ 25/1443جولائی 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

87

قرض لوٹاتے وقت زیادہ پیسے دینا

سوال: ایک شخص کو میں نے قرض دیا جب اس نے رقم واپس کی تو کہا کہ تم نے ضرورت کے وقت میری مدد کی یہ کچھ رقم اوپر رکھ لو کیا وہ میں لے سکتا ہوں؟

User ID: محسن عزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرض دیتے وقت صراحۃ یا دلالۃ کسی طرح بھی زیادہ دینا مشروط نہیں تھا اور پیسے لوٹاتے وقت قرض دار نے اپنی خوشی سے زیادہ پیسے دیے تو اب وہ لینا جائز ہے کیونکہ سود میں پہلے سے زیادہ دینے کی شرط ہوتی ہے اور یہاں ایسا نہیں بلکہ یہ احسان اور تبرع یعنی ایک نیکی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17ذو الحجہ 17/1443جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کارو بار/ جدید مسائل

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

88

ملک شیک کا کام

سوال: ملک شیک کا کام کرنا کیسا ہے کیونکہ اس میں پانی ملا دودھ ڈالا جاتا ہے؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ملک شیک کا کام کرنا جائز ہے جبکہ اس میں دھوکے کی صورت اختیار نہ کی جائے، اگر دودھ میں اتنا ہی پانی ملاتا ہے جتنا عموماً ملایا جاتا ہے اور لوگوں کو پتا ہے تو اس میں حرج نہیں ہاں اگر پانی ملے ہوئے دودھ کو خالص کہہ کر بیچے تو اس کا ایسا کرنا حرام ہے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

29 ذو القعدہ 1443ھ 29 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

89

کرنسی کا ریٹ بڑھنے پر بیچنا

سوال: اگر کوئی شخص کرنسی کم ریٹ میں خریدے اور ریٹ بڑھنے پر بیچ دے تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: عبداللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کم قیمت پر کرنسی خرید کر ریٹ بڑھنے پر زیادہ قیمت پر بیچ دینا جائز ہے جبکہ کرنسی کے بدلے کرنسی کی خرید و فروخت ہاتھوں ہاتھ ہو اور خریدنے والا یا اس کا وکیل کرنسی پر قبضہ بھی کرلے، اگر کرنسی کی خرید وفروخت ادھار ہو یا قبضہ کئے بغیر آگے بیچا تو یہ ناجائز ہے۔ مجلس شرعی کے فیصلہ میں ہے: دو ملکوں یا ایک ہی ملک کی کرنسیوں کی باہم خرید و فروخت صرف نقد جائز ہے گو کہ کمی بیشی کے ساتھ ہو اور اگر کسی طرف ادھار ہو تو ناجائز ہے کہ یہ جنس کے بدلہ جنس کی ادھار بیع ہے جو ایک طرح کا سود ہے۔ (چوتھا فقہی سیمینار، مجلس شرعی مبارکپور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

23 ذو القعدہ 1443ھ 23 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

90

ٹاپ مارنا کیسا

سوال: ایک پارٹی کہتی ہے کہ یہ پلاٹ دس لاکھ میں بیچ دو ہم اگر بارہ لاکھ میں بیچیں اور دو لاکھ خود رکھیں تو کیسا؟

User ID: میر حسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایسا کرنا شرعا جائز نہیں بلکہ آپ پر لازم ہے کہ جتنا کمیشن رائج ہے وہی لیں اور اوپر جو بھی رقم آئے وہ مالک کو بتادیں وہ اگر اپنی خوشی سے آپ کے مطالبے کے بغیر دینا چاہے تو لے سکتے ہیں، وجہ یہ ہے کہ بروکر ایک نمائندہ ہے نہ وہ پلاٹ اس کا ہے نہ رقم لہذا بروکر پر لازم ہے کہ جتنے کی پراپرٹی فروخت ہو اس کی کل رقم مالک کے حوالے کر دے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28 ذو القعدہ 1443 28 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

91

سگریٹ بیچنا

سوال: دکان پر سگریٹ اور پان بیچنا کیسا؟

User ID: عرفان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو چیز نشہ آور نہ ہو اس کا بیچنا جائز ہے، چونکہ پان اور سگریٹ میں نشہ نہیں ہوتا لہذا اس کا بیچنا بھی جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: پان کھانا جائز ہے اور اتنا چونا بھی کہ ضرر نہ کرے اور اتنا تمباکو بھی کہ حواس پر اثر نہ آئے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 24، صفحہ 558)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30 ذو القعدہ 1443 30 جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

92

گٹکا کھانا اور بیچنا

سوال: گٹکا کھانا اور بیچنا کیسا؟

User ID: طیب قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایسا گٹکا جس میں حرام اجزا کی ملاوٹ کا یقین نہ ہو وہ کھانا جائز ہے البتہ اس سے بچنا چاہیے کہ صحت کے لئے نقصان دہ ہے۔ ایسا گٹکا بیچنا بھی شرعا جائز ہے لیکن اگر قانونی پابندی ہو اور پکڑے جانے کا قوی اندیشہ ہو تو اب بیچنا ناجائز ہو جائے گا کیونکہ اس میں اپنے آپ کو خطرے اور ذلت پر پیش کرنا پایا جارہا ہے۔ ایسا گٹکا جس میں حرام اشیاء کے ملے ہونے کا یقین ہو اس کا بنانا، کھانا اور بیچنا سب ناجائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

17ذو الحجہ 1443/17 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

93

اسمگلنگ کا مال خریدنا

سوال: اسمگل کیا ہوا مال خریدنا کیسا؟

User ID: وقاص اجمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسمگلنگ کرنا ناجائز ہے کیونکہ یہ غیر قانونی ہے اور اس میں اپنے آپ کو ذلت پر پیش کرنا پایا جاتا ہے اس لئے کہ پکڑے جانے کی صورت میں رسوائی اور قید کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے البتہ اسمگل کیا ہوا مال خریدنے سے بچنا چاہیے بالخصوص ایسے مقامات پر جہاں پکڑ دھکڑ ہوتی ہے، اگر پکڑے جانے کا قوی خطرہ ہو تو اسمگلنگ کا مال خرید ناجائز نہیں

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

15ذو الحجہ 15/1443 جولائی 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

94

یوٹیوب کے سبسکرائبر بیچنا

سوال: کیا یوٹیوب کے سبسکرائبر بیچنا جائز ہے؟

User ID: اسد قیصرانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خرید و فروخت کے اندر ضروری ہے کہ جو چیز خریدی یا بیچی جارہی ہے وہ مال ہو اور بیع کے قابل ہو اور یوٹیوب کے سبسکرائبر مال نہیں نہ ہی بیع کے قابل ہیں لہذا یوٹیوب کے سبسکرائبر بیچنا ناجائز اور باطل ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

19 ذوالحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

95

نیٹ ورک مارکیٹنگ

سوال: نیٹ ورک مارکیٹنگ جائز ہے یا نہیں؟ اس کا مختصر تعارف یہ ہے کہ بعض کمپنیاں اپنی پروڈکٹ بیچنے کے لئے ممبر شپ دیتی ہیں مگر اس کمپنی کا ممبر بننے کے لئے پہلے اس کی کوئی پروڈکٹ خریدنا پڑتی ہے یا پیسے دے کر ممبر شپ حاصل کرنا پڑتی ہے اور مزید لوگوں کو اس کمپنی کی پروڈکٹ خریدنے اور ممبر بننے کی ترغیب دینا ہوتی ہے جتنے ممبر بنتے ہیں اس پر مخصوص کمیشن ملتا ہے پھر ایک چین چلتی ہے کہ جیسے کوئی ممبر کسٹمر لائے اس پہلے والے کو کمیشن ملتا رہتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

نیٹ ورک مارکیٹنگ کا طریقہ کار کئی شرعی خرابیوں کا مجموعہ ہے لہذا یہ کام کرنا اور اس کا ممبر بننا ناجائز اور حرام ہے۔ چند خرابیوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(1) کمپنیوں کا ممبر بننے والا دو معاہدے کرتا ہے، ایک کمپنی کی پروڈکٹ کو خریدنا دوسرا ممبر بنوانے کے بدلے کمیشن کا ملنا، چونکہ یہ دونوں عقد ایک دوسرے سے مشروط ہوتے ہیں اور حدیث میں اس سے منع کیا گیا ہے۔ نهي عن بيع و شرط ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے خریداری اور شرط سے منع فرمایا۔ (المعجم الاوسط، 4/335)

(2) کمیشن لینے کا طریقہ کار شرعی اصولوں کے خلاف ہے کہ اس سسٹم میں جو چین چلتی ہے کہ جتنے ممبر آئیں سب سے پہلے والے کو کمیشن ملتا رہتا ہے یہ ناجائز ہے کیونکہ کمیشن کا مستحق ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ محنت و کوشش کرے اور یہاں بغیر محنت کے کمیشن مل رہا ہوتا ہے۔ رد المحتار میں ہے: الدلالة و الاشارة ليست بعمل يستحق به الاجر، وان قال على سبيل الخصوص بان قال لرجل بعينه ان دللتني على كذا فلك كذا، ان مشى له فدله فله اجر المثل للمشي لاجله، لان ذلك عمل يستحق بعقد الاجارة ترجمہ: صرف بتانا اور اشارہ کرنا ایسا عمل نہیں ہے جس سے وہ اجرت کا مستحق ہو، اگر کسی نے خاص طور پر کسی شخص کو کہا کہ اگر تو فلاں چیز پر میری رہنمائی کرے تو اتنی اجرت دوں گا، اگر وہ شخص چل کر رہنمائی کرے تو وہ اجرت مثل کا مستحق ہو گا اس کے لئے چلنے کی وجہ سے کیونکہ چلنا ایسا عمل ہے جس پر عقد اجارہ میں اجرت کا مستحق ہوتا ہے۔ (شامی، 9/159)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

19 ذو الحجہ 1443/19 جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

96

فاریکس ٹریڈنگ

سوال: فاریکس ٹریڈنگ کا کام کرنا کیسا؟ اس کام میں عموماً کرنسی، تیل یا سونا وغیرہ بیچا جاتا ہے مگر بیچنے والا بغیر قبضہ کئے اس کو آگے بیچ دیتا ہے۔

User ID: ارسلان ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فاریکس ٹریڈنگ کا کام شرعاً ناجائز ہے کیونکہ اس میں مال پر قبضہ کئے بغیر اس کو آگے بیچ دیا جاتا ہے اور غیر منقولی اشیاء کو قبضہ سے پہلے آگے بیچنا ناجائز ہے کیونکہ حدیث پاک میں اس کی ممانعت وارد ہوئی ہے۔ نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔۔۔عن بیع ما لم یقبض ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کو بیچنے سے منع فرمایا جس پر قبضہ نہ کیا ہو۔ (المعجم الاوسط، باب الالف، جلد 2، صفحہ 153، قاھرۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

30 ذو القعدہ 1443 30 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

97

ایفیلیٹ مارکیٹنگ

سوال: ایفیلیٹ مارکیٹنگ کا کام کرنا کیسا ہے؟ اس کام میں ایک ویب سائٹ کسی غیر معروف کمپنی کی پروڈکٹ کو اپنی ویب سائٹ پر لگاتی ہے اور لوگ اس ویب سائٹ کے ذریعے اس پروڈکٹ کی اصل ویب سائٹ تک پہنچتے ہیں، اور تشہیر کرنے والی ویب سائٹ کو اس تشہیر پر کمیشن ملتا ہے۔

User ID: اویس قاضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر تشہیر کرنے والی ویب سائٹ جائز چیزوں کی تشہیر کرے اور اس میں ناجائز تصویریں نہ ڈالے اور اس کا کمیشن طے اور عرف کے مطابق ہو تو affiliate marketing جائز ہے کیونکہ یہ ایک تشہیری سروس ہے جو ویب سائٹ دوسری کمپنیوں کو فراہم کرتی ہے لہذا پروڈکٹ کا جائز ہونا، تشہیر کا جائز طریقے پر ہونا اور رائج کمیشن کا طے ہونا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

28ذو القعدہ 1443 28جون2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

98

ادھار لے کر رقم ٹرانسفر کرنے پر زیادہ دینا

سوال: بعض لوگ ایزی پیسہ والوں کو کہتے ہیں کہ ہمیں اتنی رقم ادھار کے طور پر ٹرانسفر کردو میرا فلاں رشتہ دار آپ کو کچھ اضافے کے ساتھ واپس لوٹا دے گا؟

User ID: محمد نواز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت خالص سود کی ہے کیونکہ یہ قرض پر نفع ہے اور قرض پر نفع خالص سود ہے۔حدیث پاک میں ہے: کل قرض جر منفعۃ فھو ربا ترجمہ: ہر وہ قرض جو نفع لائے سود ہے۔

(نصب الرایہ، جلد 4، صفحہ 60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذو الحجہ 24/1443جولائی 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

99

ڈیٹا ٹرانسفر

سوال: بعض موبائل کی شاپس پر لوگ کمپیوٹر کے ذریعے ڈیٹا ٹرانسفر کرتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

User ID: طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈیٹا چاہے کمپیوٹر سے ٹرانسفر کیا جائے یا موبائل سے یا کسی اور ذریعے سے، اگر وہ جائز ڈیٹا ہے اور اجرت طے ہے تو یہ کام کرنا جائز ہے اور اگر ڈیٹا ایسا ہے جس کا دیکھنا یا پڑھنا یا سننا ناجائز ہے یا اور کوئی شرعی خرابی ہے یا اجرت طے نہیں تو پھر یہ کام شرعاً ناجائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

24ذوالحجہ 1443/24جولائی 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

100

ہیئر ٹرانسپلانٹ

سوال: کیا hair transplant کے ذریعے بال لگوانا جائز ہے؟

User ID: ملک افتخار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس طریقہ کار میں انسانی بالوں کو ایک جگہ سے لے کر دوسری جگہ لگایا جاتا ہے اور انسانی بالوں سے فائدہ حاصل کرنا چاہے اپنے ہی کیوں نا ہوں ناجائز ہے لہذا اس طریقہ پر مصنوعی بال لگوانا جائز نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

17 ذو القعدہ 1443 16 جون 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

100

شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ تین)



مصنف

ابوالبنات محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی



نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری دامت برکاتہم العالیہ

(دارالافتاء اہلسنت لاہور)

ماشاء اللہ **مولانا فراز مدنی صاحب** نے مختصر جوابات کی تیسری فائل 100 سوال کے جوابات پر مشتمل تیار کی ہے ،جس میں ہر مسئلہ کو اس کے باب کے تحت ذکر کیا ہے تاکہ عام و خواص اس سے استفادہ کرسکیں۔ الحمدللہ جس طرح ان کی تحریر میں برکت ہے کہ جلد مختصر جوابات تیار کرتے ہیں ،ایسے ہی فقاہت بھی بہترین ہے کہ مسائل کو اچھے طریقے سے سمجھتے ہیں۔ اللہ کریم یہ مختصر جوابات ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔

آمین

اِظہار تشکّر

میں **مفتی انس رضا قادری اطال اللہ عمرہ** (دار الافتاء اہلسنت لاہور) کا نہایت شکر گزار ہوں جنہوں نے اپنی تحریری و تقریری خدمات کے ساتھ ساتھ سوشل میڈیا پر بھی امت کی رہنمائی کے لئے بہترین پلیٹ فارم عطا فرمایا، اس وقت ان کے فقہی مسائل گروپ (فیس بک) پر تقریبا 1 لاکھ فالورز موجود ہیں جہاں روزانہ کی بنیاد پر لوگوں کے کئی سوالات کے تسلی بخش جوابات دیے جاتے ہیں۔ الحمد للہ مجھ ناچیز کو بھی جوابات دینے والے علماء کے پینل میں شامل کیا گیا اور مختصر فتاوی لکھنے کی اجازت دی گئی، اسی پلیٹ فارم کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آج 100 شرعی مسائل کا تیسرا حصہ (یعنی 300 مختصر جوابات) پی ڈی ایف کی صورت میں آگیا ہے۔ مفتی صاحب اتنی مصروفیات کے باوجود ان فتاوی کو چیک فرماتے ہیں اور اصلاح بھی کرتے ہیں اس پر مفتی صاحب کا بے حد مشکور ہوں۔ اللہ کریم مفتی صاحب کی کاوشیں قبول فرما کر دنیا و آخرت میں نافع بنائے، مفتی صاحب کے علمی فیضان سے ہم سب کو مستفیض فرمائے۔

ابو البنات فراز عطاری مدنی

ای میل: farazattari26@gmail.com

فیس بک: fb.com/farazattarimadani

فہرست

• عقائد و معمولات

• آیات و احادیث

• طہارت

30) چمگادڑ کی بیٹ

31) زیر ناف بال

32) کان سے پیپ آتا ہو تو وضو

• نماز

33) صرف سورۃ الفاتحہ سے قراءت کا فرض کیسے ادا ہو گا

34) دعائے قنوت نہ آتی ہو تو

35) دعائے قنوت کی جگہ سورہ اخلاص و فاتحہ پڑھنا

36) نماز میں بیوی کا بوسہ لینا

37) قعدہ اخیرہ میں درود ابراہیم کے علاوہ درود پڑھنا

38) جہاز میں نماز

39) قعدہ میں سورۃ الفاتحہ پڑھنا

40) رکعتوں کا حساب گھڑی دیکھ کر کرنا

41) امام اور ایک مقتدی کے بعد دوسرا مقتدی آجائے

• جمعہ

42) جمعہ کی نماز کے وقت عورت کا دوکان پر سامان بیچنا

• لقمہ

43) تیسری رکعت پر امام بیٹھ جائے تو لقمہ

• میت و نمازِ جنازہ

44) میت کے نقلی دانت نکالنے کا حکم

45) عورت کا نماز جنازہ پڑھانا

46) ڈیتھ فریزر (Death Freezer) میں میت رکھنا

47) زندگی میں اپنے لیے قبر تیار کروانا کیسا

48) نابالغ ونابالغہ کاجنازہ ایک ساتھ

49) مکروہ وقت میں نماز جنازہ

• وقف

50) مسجد کے لئے اپنی جگہ وقف کرنا

• زکوۃ

51) گھر میں موجود مرغیوں اور بکریوں پر زکوٰۃ

• حج و عمرہ

52) طائف سے بغیر احرام حرم میں آنا

53) کراچی سے مدینہ جانے والوں کیلئے احرام

54) سعی سے پہلے حلق

55) دوبارہ عمرہ کرنے پر حلق کا حکم

56) آفاقی کا مسجد عائشہ سے عمرہ

57) ایام مخصوصہ والی کا حرم میں داخلہ

58) حالت احرام میں احتلام

59) میدان عرفات سے عمرہ کا احرام

• نکاح وطلاق

60) بیوی کا مہر معاف کرنا

61) رخصتی سے پہلے طلاق یا شوہر کی وفات ہوگئی تو مہر

62) غیر مسلم میاں بیوی کے قبول اسلام کے بعد نکاح

63) دو بھائیوں کا ماں بیٹی سے نکاح

64) حقیقی بھائی کی رضاعی بہن سے نکاح

65) بغیر گواہوں کے نکاح

66) انکار نکاح سے طلاق کا حکم

67) خلع کے بعد سامان کس کا

• خواتین کے مسائل

68) کاپرٹی (Copper T) لگوانا

69) حمل میں ہمبستری

70) حاملہ کا دودھ پلانا

71) لیکوریا کا مرض

72) سونو گرافی

73) فیشل کروانا

74) دوران اذان سر پر دوپٹہ
75) سوتیلی ماں کے پاؤں دبانا
76) بچہ کب تک ماں کے ساتھ سو سکتا ہے

● متفرق(سیلاب)

77) نابالغ کا سیلاب زدگان کی مدد کرنا
78) سیلاب میں آنے والا سامان اور لکڑیاں
79) سیلاب زدگان کی مدد زکوٰۃ کی رقم سے

● حلال و حرام

80) گیس کمپریسر Gas Compressor
81) وعظ و بیان کی اجرت
82) رات میں جھاڑو لگانا
83) مردوں کو سرخ اور پیلا لباس پہننا
84) فائن دینے کا حکم
85) ٹوٹے ہوئے برتن کا استعمال
86) کامیڈی دیکھنا کیسا
87) مرد کا ڈائمنڈ کی انگوٹھی پہننا
88) شہد کی مکھی کو مارنا
89) مردانہ انگوٹھی بنوانا

90) وائی فائی بغیر اجازت استعمال کرنا
91) الکوحل پیڈز اور کوٹن کا استعمال
92) دوکان کا نام مقدس ناموں پر رکھنا

- **کاروبار**

93) مسٹری باکس خریدنا
94) پنچر شاپ پر ہوا بھروانے پر پیسے کس کے
95) جوئے کی ویب سائٹ کی تشہیر
96) اسنوکر کلب کی کمائی
97) جانور حاملہ کروانے کی اجرت
98) کرکٹ کھیلنے کی اجرت
99) غیر متعین پلاٹ کی فائل خریدنا

- **وراثت**

100) بیوہ چار بیٹوں اور ایک بیٹی میں تقسیم وراثت

حصہ اول و دوم حاصل کرنے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں

0333-3231223

عقائد
و
معمولات

1

کسی کو اللہ پاک کی گائے کہنا کیسا

سوال: بعض اوقات کسی کے بھولے پن کی وجہ سے اس کو اللہ پاک کی گائے کہہ دیا جاتا ہے، شرعا کیا حکم ہے؟

User ID:فیضان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کسی بھولے بھالے شخص کو بطور محاورہ کے یہ جملہ کہا جاتا ہے کہ فلاں اللہ پاک کی گائے ہے، اس میں شرعا کوئی حرج نہیں ہے نہ ہی یہ کفریہ جملہ ہے لیکن اگر اس جملے سے کسی کی دل آزاری ہوتی ہو تو بولنے کی اجازت نہیں بالخصوص جب اس کو بے وقوفی کے معنی میں لیا جائے۔ یہاں یہ یاد رہے کہ عام لوگوں میں یہ محاورہ یوں مشہور ہے اللہ میاں کی گائے، تو اللہ پاک کو میاں بولنا ناجائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

9صفر المظفر 1443/6ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

2

جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا

سوال: ایک قول ہے کہ جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے رب کو پہچان لیا، اپنے آپ کو پہچاننے سے کیا مراد ہے

User ID: عبدالصمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حضرت یحیٰ بن معاذ رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّه ترجمہ: جس نے خود کو پہچان لیا اُس نے اپنے رب تعالیٰ کو پہچان لیا۔ اس کا ایک مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جو اپنی ذات میں پائی جانے والی ناتوانی وکمزوری اور کمی وکوتاہی کو پہچان لیتا ہے وہ یہ بھی جان لیتا ہے کہ اس کا کوئی رب اور پالنے والا ہے جو کمال سے متصف ہے، وہ ہر عیب سے پاک ہے اور اس کے سارے کام درست ہیں۔ (شب وروز، دعوت اسلامی، از علامہ آصف اقبال)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

6 صفر المظفر 1443/3 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

3

اللہ چھپڑ پھاڑ کر دیتا ہے

سوال: یہ جملہ بولنا کیسا کہ اللہ جب دیتا ہے چھپڑ پھاڑ کر دیتا ہے؟
User ID: فرحان علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

چھپڑ پھاڑ کر دینا اگرچہ محاورے کے طور پر بولا جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ بہت زیادہ دینا مگر اللہ پاک کی شان میں یہ الفاظ بولنا سخت ممنوع اور بے ادبی پر مشتمل ہیں اس لئے یہ جملہ نہیں بولنا چاہیے، اس جملے سے کافر نہیں ہوگا جبکہ اللہ پاک کو اجسام کی طرح جسم والا نہیں مانتا ہو، لیکن اگر اللہ پاک کو اجسام کی طرح جسم والا مان کر یہ جملہ بولا تو دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب میں ہے: مصرع ثانی میں "چھپڑ پھاڑنا اور جیبیں جھاڑنا" اگرچِہ محاورتاً بھی بولا جاتا ہے لیکن خدائے رحمن عزوجل کی مبارک شان میں سخت ممنوع ہے اور اگر اللہ عزوجل کو اَجسام کی طرح جسم والا ماننا اور اسے جیب والا لباس پہننے والا اِعتِقاد کیا تو صریح کفر ہے۔ ربِّ کائنات عزوجل جسم و جسمانیات سے پاک ہے۔ (514)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 صفر المظفر 1443/19 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

4

چیزیں سستی کر کے دیکھو

سوال: اگر کسی نے یہ کہا کہ اذانیں دینے سے بارشیں نہ رکیں تو چیزیں سستی کر کے دیکھو، کیا شرعی حکم ہے؟

User ID: شاہد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر اذان کی توہین مقصود نہیں نہ ہی ایسے مواقع پر اذان دینے کو غلط سمجھتا ہے تو اس جملے میں بظاہر قباحت نہیں کیونکہ یہاں لوگوں کو سمجھانا مقصود ہے کہ اذانوں کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی خیر خواہی کا جذبہ بھی پیدا کرو، لیکن چونکہ اس جملے میں ایسے موقع پر اذان کو غلط سمجھنے کا شبہ پایا جارہا ہے لہذا ایسے جملے نہ کہیں جائیں بلکہ الفاظ کا چناؤ بہتر کیا جائے، اور اگر معاذ اللہ اذان کی توہین مقصود ہو یا اذان دینے کو غلط سمجھتا ہو سخت حکم ہو گا اور گناہ گار بہر صورت ہو گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 صفر المظفر 1443/7 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

5

قیامت ٹوٹ پڑی

سوال: کسی کی فوتگی یا پریشانی پر کہنا قیامت ٹوٹ پڑی یا قیامت آگئی کہنا کیسا؟

User ID: وقار حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

قیامت ٹوٹ پڑی یا قیامت آگئی یا قیامت صغری کا منظر، اس طرح کے جملے محاورۃ بولے جاتے ہیں جس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ سخت آزمائش آگئی ہے لہذا اس طرح کے جملے بولنے میں شرعا حرج نہیں۔

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 صفر المظفر 1443/12 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

6

حاضر وناظر کی وضاحت

سوال: ایک شخص کہتا ہے کہ حضور ﷺ حاضر ناظر ہیں تو نماز کیوں نہیں پڑھاتے؟

User ID: محمد توقیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

ایسا اعتراض وہی لوگ کرتے ہیں جن کو حاضر وناظر کا معنی ومفہوم معلوم نہیں ہوتا، ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ حضور ﷺ اپنی قبر مبارک میں تشریف فرما ہو کر عالم کو ایسے دیکھ رہے ہیں جیسے ہاتھ کی ہتھیلی اور جب چاہیں جہاں چاہیں تشریف لے جائیں، یہ عقیدہ نہیں کہ حضور ﷺ ہر جگہ ظاہری جسم کے ساتھ موجود ہیں، لہذا اس وضاحت کے بعد یہ اعتراض ختم ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ حضور ﷺ پر اب نماز فرض نہیں، اور ہم پر فرض ہے اور فرض والا مقتدی نفل پڑھانے والے امام کے پیچھے نماز نہیں پڑھ سکتا، نماز اس عالم کی عبادت ہے اور حضور ﷺ دوسرے عالم میں تشریف فرما ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 صفر المظفر 1443/26 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

آیات
و
احادیث

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

7

کافر جانور سے بدتر

سوال: کیا قرآن کی کوئی ایسی آیت ہے جس میں انسان کو جانور سے بدتر کہا گیا ہو؟ عدیل اعوان :UserID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سورۃ الاعراف کی آیت 179 میں کافر کو جانوروں سے بدتر کہا گیا ہے، چنانچہ اللہ کریم ارشاد فرماتا ہے: اُولٰٓىٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ترجمہ: وہ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بڑھ کر گمراہ وہی غفلت میں پڑے ہیں۔ تفسیر صراط الجنان میں ہے: کفار کو جانوروں سے بدتر فرمانے کی متعدد وُجوہات ہیں:

(1)... جانوروں میں اللہ تعالیٰ کی آیات سمجھنے، دیکھنے اور سننے کی قوت ہی نہیں لہٰذا اگر وہ نہ سمجھیں تو معذور ہیں لیکن کفار کے اعضا میں یہ قوت ہے، پھر بھی وہ اس سے کام نہیں لیتے لہٰذا وہ جانوروں سے بدتر ہیں۔

(2)... چوپایہ بھی اپنے نفع کی طرف بڑھتا ہے اور ضَرر سے بچتا اور اس سے پیچھے ہٹتا ہے لیکن کافر جہنم کی راہ پر چل کر اپنا ضرر اختیار کرتا ہے تو اس سے بدتر ہوا۔

(3)... جانور اپنے مالک کے کہنے پر چلتے ہیں جبکہ کافر نافرمان ہیں کہ اپنے مالکِ حقیقی خداوندِ قُدّوس کے احکام کی مخالفت کرتے ہیں اس لئے جانوروں سے بدتر ہیں۔ (3/479)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 صفر المظفر 1443/8 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

8

شراب پہلے حلال تھی پھر حرام ہوئی اس کی حکمت

سوال: شراب پہلے حلال تھی پھر حرام ہوئی اس کی کیا حکمت ہے؟ User ID: زوہا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ پاک نے شراب کو ایک ہی حکم سے حرام نہ فرمایا بلکہ تین حصوں میں اس کی برائی اور نقصان کو بیان کر کے حرام فرمایا تاکہ اہل عرب پر گراں نہ گزرے اور وہ لوگ جو شراب کو پانی کی طرح استعمال کرتے تھے شراب کے نقصانات کو اچھے انداز میں سمجھ سکیں۔ سب سے پہلے سورۃ البقرہ کی آیت 219 میں اس کے نقصان کو بیان فرمایا، پھر سورۃ النساء آیت 43 میں نماز کے اوقات میں شراب کی ممانعت نازل فرمائی اور بالآخر سورۃ المائدہ آیت 91 میں شراب کو بالکل حرام قرار دے دیا۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: اس ترتیب پر حرمت واقع کرنے میں حکمت یہ تھی کہ اللہ پاک جانتا تھا یہ لوگ شراب نوشی کے بہت دلدادہ ہیں اور انہیں اس سے بہت زیادہ نفع بھی حاصل ہوتا ہے، اگر انہیں ایک ہی حکم سے منع کیا گیا تو یہ ان پر گراں گزرے گا، لہٰذا اُن پر شفقت فرماتے ہوئے درجہ بدرجہ حرمت نازل فرمائی۔ (التفسیر الکبیر، البقرۃ، تحت الآیۃ ۲۱۹، ج ۲ ص ۳۹۶)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 محرم الحرام 1443/25 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وعلی آلک واصحبک یاحبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

9 حدیث صحیح اور ضعیف کی تعریفات

سوال: حدیث صحیح اور ضعیف کی تعریفات بیان کر دیں؟

User ID: صاحبزادہ احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب نخبۃ الفکر میں صحیح کی تعریف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: و خبر الاحاد بنقل عدل تام الضبط متصل السند غیر معلل ولا شاذ ترجمہ: وہ خبر واحد جس کو نقل کرنے والے عادل، ضابط ہوں اور اس حدیث میں علت قادحہ وشذوذ نہ ہو۔ (نخبۃ الفکر، صفحہ 82)

ضعیف کی تعریف مقدمۃ الشیخ میں یوں ہے: وما فقد فیہ الشرط المعتبرۃ فی الصحیح کلا او بعضا فھو الضعیف ترجمہ: وہ حدیث پاک جس میں صحیح کی معتبر شرائط ساری یا بعض نہ پائی جاتی ہوں۔ (مقدمۃ الشیخ، صفحہ 30)

نوٹ: ان تعریفات میں اصطلاحات استعمال ہوئی ہیں لہذا ان کو وضاحت سے سمجھنے کے لئے اکیڈمی کے علماء سے رابطہ کریں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 صفر المظفر 1443/19 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

10 دابۃ الارض

سوال: کیا یہ بات صحیح ہے کہ قیامت سے پہلے ایک عجیب جانور نکلے گا جس کو دابۃ الارض کہتے ہیں؟

User ID: طہ ماجد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: تخرج الدابة ومعها خاتم سليمان بن داود، وعصا موسى بن عمران عليهما السلام، فتجلو وجه المؤمن بالعصا وتخطم أنف الكافر بالخاتم حتى أنّ أهل الحِواء ليجتمعون، فيقول هذا: يا مؤمن، ويقول هذا: يا كافر ترجمہ: نبی پاک ﷺ نے فرمایا: (قرب قیامت) ایک جانور نکلے گا اور اس کے پاس سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی اور موسی علیہ السلام کا عصا ہوگا، پھر مسلمان کے چہرے پر عصا سے نورانی نشان لگائے گا اور انگوٹھی سے کافر کی پیشانی پر کالا نشان لگائے گا، یہاں تک کہ ایک محلہ کے لوگ جمع ہوں گے تو یہ کہے گا یہ مؤمن ہے یہ کافر ہے۔

(ابن ماجہ، حدیث 4066)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 صفر المظفر 1443/7 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

11

ایک حدیث کی شرح

سوال: اس حدیث پاک کی شرح بتادیں: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تمہیں لے جائے اور ایسی قوم لائے جو گناہ کریں پھر معافی مانگیں تو اللہ انہیں بخشے۔ (مسلم)

User ID: صہیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس حدیث کا مقصد لوگوں کو گناہ پر دلیر کرنا نہیں بلکہ توبہ کی طرف مائل کرنا ہے یعنی اے انسانو! اگر تم بھی فرشتوں کی طرح سارے ہی معصوم بے گناہ ہوتے تو کوئی قوم ایسی پیدا کی جاتی جو غلطی و خطاء سے گناہ کرلیا کرتی پھر توبہ کرتی اسے رب تعالی معاف کرتا کیونکہ خلقت رب تعالی کی صفات کا مظہر ہے اور جیسے رب کی صفت رزاق ہے ایسے ہی اس کی صفت غفار بھی ہے۔ رزاقیت کا ظہور رزق و مرزوق سے ہوتا ہے غفاریت کی جلوہ گری گناہ اور گنہگار سے ہوتی ہے۔ جو یہ حدیث دیکھ کر گناہ پر دلیر ہو اور پھر گناہ کرے تو کافر ہوا اور یہاں ذکر گناہ کا ہے نہ کہ کفر کا۔ خلاصہ یہ ہے کہ اے گنہگار رب کی رحمت سے مایوس نہ ہو بلکہ توبہ کرلے وہ غفور رحیم ہے تجھ سے گناہ کا صدور تقاضائے حکمت الٰہی ہے تم سے کوئی گناہ نہ ہو یہ ناممکن ہے۔ یہاں سے جانے سے مراد ہلاک کرنا نہیں ہے بلکہ انہیں آسمانوں پر پہنچادینا، فرشتوں کے ساتھ رکھنا اور زمین پر دوسری قوم قابلِ گناہ کو بسانا مراد ہے۔

(مراۃ المناجیح، جلد3، صفحہ 552)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 محرم الحرام 1443/24 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

12

حسن صباحت اور حسن ملاحت

سوال: حسن صباحت اور حسن ملاحت میں فرق بیان کر دیں۔ User ID: عبد الاحد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلم شریف کی حدیث پاک ہے: عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ رَجُلٌ رَآهُ غَيْرِي، قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: فَكَيْفَ رَأَيْتَهُ؟ قَالَ: كَانَ أَبْيَضَ مَلِيحًا مُقَصَّدًا ترجمہ: حضرت ابو طفیل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے حضور گورے نمکین حسن والے میانہ قد تھے۔ (مسلم، کتاب الفضائل، حدیث 2340)

شرح: حسن دو قسم کا ہوتا ہے: ملیح اور صبیح۔ ملیح جس کا ترجمہ ہے نمکین حسن اگرچہ صباحت بھی حسن ہے مگر ملاحت حسن کا اعلی درجہ ہے۔ اس میں فرق بیان سے معلوم نہیں ہو سکتا بلکہ اس کی چھانٹ عاشق کی نگاہ کرتی ہے اس کے بیان سے زبان قاصر ہے۔ یوں سمجھو کہ سفید رنگ صبیح ہے اور سفیدی میں سرخی کی جھلک ہو اور اس میں کشش ہو کہ دل ادھر کھچے اور دیدہ اس کے دیدار سے سیر نہ ہو وہ ملیح ہے یعنی نمکین حسن حضور ایسے ہی حسین تھے۔ (مرآۃ المناجیح، جلد 8، صفحہ 49)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 محرم الحرام 1443/ 26 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

13

خوبصورت چہرے والوں سے حاجت طلب

سوال: کیاایسی کوئی حدیث ہے کہ خوبصورت چہرے والوں سے حاجت طلب کرو؟ اگر ہے تو حوالہ بھی بتادیں۔

User ID: بلال اشرفی

بسم الله الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حدیث پاک میں ہے: اُطْلُبُوا الْحَوَائِجَ اِلَی حِسَانِ الْوُجُوہ ترجمہ: خوبصورت چہرے والوں سے حاجتیں طلب کرو۔ (مصنف ابن ابی شیبہ، ج13، ص399، حدیث: 26801)

اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ خوش رو حضرات اولیائے کرام ہیں کہ حُسنِ ازلی جن سے محبت فرماتا ہے، (کہ حدیث میں آیا) جو رات کو کثرت سے نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو دن کی روشنی جیسا حُسن عطا کردیتا ہے اور جودِ کامل و سَخائے شامل (بہت زیادہ سخاوت کرنا) بھی انہیں کا حصہ کہ وقتِ عطا شگفتہ روئی جس کا ادنیٰ ثمرہ (یعنی جب یہ عطا فرمائیں تو چہرے پر خوشی کے آثار ہونا ان کی سخاوت کی ایک جھلک ہے)۔ (فتاویٰ رضویہ 30/391)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 محرم الحرام 1443/25 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

14

سعد تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے جس میں حضور ﷺ نے حضرت سعد کو کہا ہو تم پر میرے ماں باپ قربان؟ User ID: محمد شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صحاح ستہ کی چار کتابوں بخاری، مسلم، ترمذی اور ابن ماجہ میں یہ روایت موجود ہے، الفاظ بخاری شریف کے اس طرح ہیں: عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفَدِّي أَحَدًا غَيْرَ سَعْدٍ، سَمِعْتُهُ يَقُولُ: ارْمِ، فَدَاكَ أَبِي وَأُمِّي أَظُنُّهُ يَوْمَ أُحُدٍ ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہ سنا کہ آپ نے کسی کے لئے اپنے ماں باپ جمع کئے ہوں سواء سعد ابن مالک کے میں نے احد کے دن آپ کو فرماتے سنا کہ اے سعد تیر مارو تم پر میرے ماں باپ فدا۔ (بخاری، حدیث 6184)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: خیال رہے کہ مالک نام ہے ابو وقاص کا لہذا یہ فرمان سعد ابن ابی وقاص سے ہے یعنی احد کے دن آپ کے سوا کسی سے یہ نہ فرمایا فداک ابی وامی یا حضرت علی کو خبر نہ ہوئی ورنہ حضور نے حضرت زبیر سے بھی یہ فرمایا ہے۔ (مرآۃ، ج8، ص353)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 محرم الحرام 1443/27 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

15

غفرانک کہنے کی حکمت

سوال: بیت الخلاء (واش روم) سے باہر آنے پر غفرانک بھی پڑھا جاتا ہے اس کی کیا حکمت ہے؟

User ID: زوہا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد حضور ﷺ کے اس دعا کو پڑھنے کی دو وجہیں بیان کی گئی ہیں، ایک یہ کہ آپ ﷺ نے اس حالت میں استغفار کیا ہے جس نے اللہ پاک کے ذکر کو چھوڑنے کا تقاضا کیا تھا کیونکہ آپ ﷺ قضائے حاجت کے علاوہ ہر حالت میں اللہ پاک کا ذکر کیا کرتے تھے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اللہ پاک نے کھانے اور پانی کو خوشگوار بنا کر اور غذا کو نکلنے کے وقت تک بدن کی مصلحت کے مناسب صورت پر ترتیب دے کر انسان پر جو انعامات کیے ہیں، قوت بشریہ ان کا پورا پورا شکر ادا کرنے سے عاجز ہے پس نبی پاک ﷺ نے ان نعمتوں کا حق ادا کرنے سے عجز کا اعتراف کرتے ہوئے استغفار کیا ہے۔ (ملخصا: مرقاۃ المفاتیح، کتاب الطہارۃ، باب آداب الخلاء، جلد 1، صفحہ 387)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

2 صفر المظفر 1443/30 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

16

شراب پینے والے کی عبادت

سوال: عوام میں مشہور ہے کہ شراب پینے والے کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں ہوتی، کیا یہ سچ ہے؟ جنید مغل :User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شراب پینے والے کی نماز قبول نہ ہونے کے متعلق حدیث پاک موجود ہے، چنانچہ نبی پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے شراب پی تو اللہ پاک اس کی چالیس دن کی نماز قبول نہ کرے گا پھر اگر توبہ کرے تو اس کی توبہ قبول فرمائے گا پھر اگر لوٹے تو للہ اس کی چالیس دن کی نمازیں قبول نہ کرے گا پھر اگر توبہ کرے تو للہ اس کی توبہ قبول کرلے گا اگر پھر لوٹے تو اللہ اس کی چالیس دین کی نمازیں قبول نہ کرے گا پھر اگر توبہ کرے تو للہ اس کی توبہ قبول کرلے گا اگر پھر چوتھی بار لوٹے تو للہ اس کی چالیس دن کی نمازیں قبول نہ کرے گا پھر اگر توبہ کرے تو للہ اس کی توبہ قبول نہ کرے گا اور اسے خبال کی نہر سے پلائے گا۔ (ترمذی، حدیث1862)

شرح: حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص شراب پی لے اور توبہ نہ کرے تو چالیس دن تک اس کی عبادت میں لذت حضور قلبی میسر نہ ہوگا جس کی وجہ سے وہ عبادات اگرچہ ادا تو ہو جائیں گی مگر قبول نہ ہوں گی نماز فرمایا گیا اور تمام عبادات مراد لی گئیں کہ نماز سب سے افضل عبادت ہے جب وہ ہی قبول نہ ہوئی تو دوسری عبادات بدرجہ اولیٰ قبول نہ ہوں گی کیونکہ شراب ام الخبائث ہے اور نماز ام العبادات جو ام الخبائث پئے گا وہ ام العبادات کی قبولیت سے محروم رہے گا، شراب سے توبہ چاہیے کہ آئندہ اس کے قریب نہ جانے کا عہد کرے۔ یعنی اگر توبہ کرتے وقت مکمل عہد کیا کہ اب کبھی نہ پیئوں گا پھر شیطان نے بہکا دیا اور پی لی۔ چالیس کا عدد اس لیے بیان ہوا کہ شراب کا اثر چالیس دن تک بدن میں رہتا ہے۔ جو تین بار شراب سے توبہ کرکے توڑ دے تو اب اسے توبہ قبول کی توفیق نہ ملے گی، اب صرف زبان سے تو توبہ کہے گا دل سے توبہ نہ کرسکے گا لہذا یہ توبہ قبول نہ ہوگی، یہ شراب نوشی کی نحوست ہے۔ (مرآۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 صفر المظفر 1443/11 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

17

صدقہ کرنے والا سب سے طاقتور

سوال: کیا کوئی ایسی حدیث ہے جس میں ہو کہ پہاڑ سے زیادہ لوہا اس سے زیادہ آگ اور اس سے زیادہ پانی اور سب سے زیادہ صدقہ کرنے والا طاقتور ہے؟

User ID: مخدوم صابری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

رسول ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ نے زمین کو پیدا کیا تو زمین ہلنے لگی تو پہاڑوں کو پیدا فرمایا تو انہیں زمین میں گاڑ دیا تو زمین ٹھہر گئی تو فرشتوں نے پہاڑوں کی مضبوطی پر تعجب کیا بولے الٰہی کیا تیری مخلوق میں کوئی چیز پہاڑوں سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا ہاں لوہا ہے عرض کیا یاالٰہی کیا تیری مخلوق میں کوئی چیز لوہے سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا ہاں آگ ہے عرض کیا مولا کیا تیری مخلوق میں کوئی چیز آگ سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا ہاں پانی ہے بولے یا اللہ العالمین کیا تیری مخلوق میں کوئی چیز پانی سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا ہاں ہوا ہے بولے اے پروردگار کیا تیری مخلوق میں کوئی چیز ہوا سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا ہاں وہ انسان جو داہنے ہاتھ سے خیرات کرے جسے بائیں ہاتھ سے چھپالے۔ (ترمذی)

شرح: ایسا سخی اس سرکش نفس کو تابعدار کرلیتا ہے جو پہاڑ سے زیادہ سخت سمندر و ہوا سے زیادہ طوفانی ہے۔ نفس اولًا تو بخل سکھاتا ہے جب سخاوت کی جائے تو دکھلاوے کو پسند کرتا ہے یہ خفیہ سخاوت کرنے والا نفس کی دونوں خواہشوں کو کچل دیتا ہے اور نفس کی آگ کو بجھا دیتا ہے لہذا بڑا بہادر ہے، نیز خفیہ صدقہ سے غضب الٰہی کی آگ بجھتی ہے، رضائے الٰہی حاصل ہوتی ہے، یہ نعمتیں پہاڑ، لوہے، آگ، پانی، ہوا سے حاصل نہیں ہو سکتیں لہذا یہ صدقہ ان سب سے بہتر۔ (مرآۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 صفر المظفر 1443/15 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

18 تین افراد سے قلم اٹھالیا گیا

سوال: کیاایسی کوئی حدیث پاک ہے جس میں بیان ہو کہ تین افراد سے قلم اٹھالیا گیا ہے؟ User ID:زوہان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ وغیرہ کتابوں میں یہ حدیث پاک موجود ہے، ابوداؤد کے الفاظ ذکر کیے جاتے ہیں: رفع القلم عن ثلاثۃ عن النائم حتی یستیقظ وعن المبتلی حتی یبرا وعن الصبی حتی یکبر ترجمہ: تین شخصوں سے قلم اٹھا لیا گیا، سوتا ہوا شخص جب تک جاگ نہ جائے، پاگل یہاں تک کہ عقل والا ہو جائے اور نابالغ جب تک بالغ نہ ہو جائے۔

(ابوداؤد، حدیث4398)

شرح: یعنی ان پر سزا و جزا نہیں ہوتی۔ حدیث کا مقصد یہ ہے کہ نابالغ بچہ، سوتا ہوا آدمی اور دیوانہ مرفوع القلم ہیں ان پر شرعی احکام جاری نہیں لہٰذا اگر یہ لوگ اپنی بیویوں کو طلاق دے دیں تو واقع نہ ہو گی۔ اسی لیے فقہاء فرماتے ہیں کہ بچہ کی طلاق واقع نہیں ہوتی یوں ہی سوتے میں اگر کوئی طلاق دے دے یا دیوانگی میں تو بھی طلاق نہیں ہوتی۔

(مرآۃ، جلد5، صفحہ130)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22صفر المظفر 1443/19ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

19

دو لوگوں کا سرگوشی کرنا

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث پاک ہے کہ تین افراد ہوں تو دو سرگوشی نہ کریں؟ User ID: غلام غوث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بخاری و مسلم کی حدیث پاک ہے، الفاظ بخاری کے یوں ہیں: اذا كنتم ثلاثة فلا يتناجى رجلان دون الآخر حتى تختلطوا بالناس اجل ان يحزنه

ترجمہ: جب تم تین افراد ہو تو دو آپس میں سرگوشی نہ کریں تیسرے کو چھوڑ کر، یہاں تک کہ تم اور لوگوں سے مل جاؤ اس لئے کہ یہ بات اس تیسرے کو غمگین کرے گی۔ (بخاری، حدیث 6290)

شرح: خواہ کسی مجلس میں تین مسلمان ہوں یا کسی راستہ پر جاتے ہوئے تین شخص ہمراہ ہوں یہاں ہمراہی اور مصاحبت مراد ہے لہذا حدیث صاف ہے۔ یعنی اگر تین ساتھیوں میں سے دو خفیہ سرگوشی کریں گے تو تیسرے کو اندیشہ ہوگا کہ کوئی بات میرے خلاف طے کی جاوے گی میرے خلاف مشورہ کررہے ہیں، جب تین سے زیادہ آدمی ہوں تو باقی کسی کو یہ خطرہ نہ ہوگا کہ میرے خلاف سازش ہورہی ہے۔ خیال رہے کہ یہ ممانعت وہاں ہے جہاں تیسرے کو اپنے متعلق یہ شبہ ہوسکتا ہو اگر یہ شبہ نہ ہوسکے تو بلا کراہت یہ عمل جائز ہے لہذا یہ حدیث اس حدیث کے خلاف نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں تشریف فرما تھے کہ فاطمہ زہرا حاضر ہوئیں حضور نے انہیں مرحبا کہا اور ان سے کچھ سرگوشی فرمائی۔ (مرآۃ، 5/436)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 صفر المظفر 1443/20 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

20

پانچ جانوروں کو مارنا جائز

سوال: وہ کون سے پانچ جانور ہیں جن کو مارنے کا حدیث میں بیان ہے؟

UserID: عمران بندوکڑا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حدیث پاک میں حالت احرام میں چند جانوروں کو مارنے کی اجازت دی گئی ہے یعنی محرم اگر انہیں مار دے تو اس پر کوئی دم یا صدقہ لازم نہیں ہو گا، مختلف احادیث میں مختلف جانوروں کا ذکر ہے اور شارحین نے یہ بھی فرمایا کہ جو موذی جانور ہیں ان کو حل و حرم اور ہر حالت میں مارنے کی اجازت ہے۔ بخاری، مسلم، نسائی، ابن ماجہ وغیرہ کتب میں حدیث پاک موجود ہے، مسلم کے الفاظ یوں ہیں: پانچ جانور وہ ہیں جنہیں احرام میں قتل کرنے والے پر گناہ نہیں: چوہا، کوا، چیل، بچھو اور دیوانہ کتا۔ (مسلم، 1199) مسند احمد کی ایک روایت میں بچھو کی جگہ سانپ کا ذکر ہے۔ (5132)

شرح: یعنی یہ پانچ جانور چونکہ موذی ہیں کہ ابتداءً لوگوں کو ستاتے ہیں اور بغیر اپنے نفع کے لوگوں کا نقصان کر دیتے ہیں لہذا انہیں ہر جگہ حل و حرم اور ہر حالت حلال و حرام میں قتل کرسکتے ہو۔ دیوانہ کتا فرمانے سے معلوم ہوا کہ شکاری یا آوارہ یا پالتو کتا مارنا درست نہیں کہ یہ موذی نہیں۔ خیال رہے کہ ان پانچ کا ذکر حصر کے لیے نہیں لہذا یہ حدیث ان احادیث کے خلاف نہیں جن میں زیادہ جانور کا ذکر ہے۔ چنانچہ سانپ، درندہ شکاری موذی جانور جیسے شیر، بھیڑیا وغیرہ بھی حل و حرم میں، احرام و احلال میں قتل کیا جائے۔ بعض علماء نے شیر وغیرہ میں حملہ کی قید لگائی کہ اگر یہ حملہ کریں تو دفاعی طور پر انہیں مارا جاسکتا ہے۔ (مرآۃ، ج4)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 صفر المظفر 1443/22 ستمبر 2021ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

21

زمین کے ساکن ہونے پر دلیل

سوال: زمین کے ساکن ہونے پر کوئی دلیل دے دیں؟

User ID: پروفیسر جے ایم رانا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ کریم قرآن پاک میں فرماتا ہے: اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۬ۚ وَ لَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَہُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا ﴿۴۱﴾ ترجمہ: بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ حرکت نہ کریں اور اگر وہ ہٹ جائیں تو اللہ کے سوا انہیں کون روکے بے شک وہ حلم والا بخشنے والا ہے۔ (فاطر: 41)

حضرت عبد اللہ بن مسعود، حذیفہ ابن یمان اور عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنھم اس آیت سے مطلقا حرکت کی نفی مانتے تھے۔ (فتاوی رضویہ، جلد27، صفحہ200)

فی زمانہ کئی سائنسدانوں کا بھی یہ ماننا ہے کہ زمین حرکت نہیں کرتی بلکہ ساکن ہے اور انٹرنیٹ پر اس حوالے سے کئی ویڈیوز اور آرٹیکل موجود ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 صفر المظفر 1443/25 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

22 نامحرم کو چھونے سے بہتر سر کو زخمی کرنا

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے جس میں کہا گیا ہو کہ نامحرم کو چھونے سے بہتر سر کو زخمی کرنا ہے؟ **User ID: محمد اجمل**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کچھ الفاظ کے فرق کے ساتھ حدیث کی مختلف کتابوں میں یہ روایت موجود ہے اور طبرانی میں موجود روایت صحیح ہے، الفاظ یہ ہیں: عن معقل بن یسار رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لأن یُطعن فی رأس أحدکم بمخیط من حدید خیر لہ من أن یمسّ امرأۃ لاتحلّ لہ ترجمہ: کسی آدمی کے سر کو لوہے کی کنگھی سے زخمی کیا جائے، یہ اس بات سے بہتر ہے کہ وہ ایسی عورت کو چھوئے، جو اس کے لئے حلال نہیں ہے۔

(486حدیث/20/212)

مجمع الزوائد میں ہے: ورجالہ رجال الصحیح ترجمہ: طبرانی کی روایت کے راوی صحیح ہیں۔ (4/326/7718)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28صفر المظفر 1443/25ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
الصلوۃ والسلام علیك یا رسول الله
وعلی آلك واصحبك یا حبیب الله
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

23 جنت ماں کے قدموں کے نیچے

سوال: کیا یہ حدیث پاک ہے کہ جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے؟ User ID: جنید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حدیث پاک کی متعدد کتابوں میں یہ روایت موجود ہے، چنانچہ مشکوۃ شریف میں یہ حدیث پاک ان الفاظ کے ساتھ موجود ہے: جاہمہ رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے عرض کی یارسول اللہ میں جہاد کرنا چاہتا ہوں اور آپ سے مشورہ لینے حاضر ہوا ہوں تو آپ ﷺ فرمایا کیا تیری ماں ہے؟ عرض کیا جی ہاں، فرمایا اسے مضبوط پکڑو کیونکہ جنت اس کے قدموں کے پاس ہے۔ (4939)

مرقاۃ میں اس کو صحیح قرار دیا گیا، چنانچہ لکھتے ہیں: حاکم نے کہا کہ یہ روایت صحیح ہے۔ (9/158)

اور جامع الصغیر میں ایک روایت یوں ہے: جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔ (3642)

یعنی پاؤں کا ذکر فرماکر اشارۃً بتایا کہ ماں کی خدمت اور اس کے سامنے عاجزی دونوں ہی ضروری ہیں خدمت کے ساتھ اکڑ نہ کرے اس کے پاؤں سے لگا رہے تب جنت پائے گا۔ (مرآۃ، ج6، ص423)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 صفر المظفر 1443/26 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

طہارت

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

24

دورانِ نماز بچہ گود میں بیٹھ جائے

سوال: بچے نے ڈائپر پہنا ہو اور اس میں نجاست بھی ہو اور دوران نماز وہ گود میں آکر بیٹھ جائے تو نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد حنفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بچے نے پیشاب یا پاخانہ کیا ہوا ہے اور اس کا جسم یا کپڑے ناپاک ہیں تو اگر بچہ اتنا چھوٹا ہے کہ گود میں خود نہیں رک سکتا بلکہ اس کو سہارے کی ضرورت ہے تو اس صورت میں نماز فاسد ہو جائے گی اگرچہ نجاست نمازی کے کپڑوں یا جسم پر نہ بھی لگے کہ اس صورت میں گویا وہ نجاست کو اٹھانے والا ہے، اور اگر بچہ اتنا سمجھ دار ہے کہ گود میں خود بغیر سہارے کے رک سکتا ہے تو اس صورت میں نماز نہیں ٹوٹے گی جبکہ بقدر مانع نماز نجاست نمازی کے کپڑے یا جسم پر نہ لگے۔ (کتبِ فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 صفر المظفر 1443/7 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

25 حدث اصغر اور حدث اکبر

سوال: حدث اصغر اور حدث اکبر کسے کہتے ہیں؟

User ID: شفیق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جائے اسے حدث اصغر کہتے ہیں اور جن سے غسل فرض ہو ان کو حدث اکبر کہتے ہیں۔ بہار شریعت میں ہے: جن چیزوں سے صرف وضو لازم ہوتا ہے ان کو حدث اصغر کہتے ہیں اور جن سے غسل فرض ہو ان کو حدث اکبر۔ (بہار شریعت، حصہ 2، صفحہ 282)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 محرم الحرام 1443/23 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

26

بخار میں غسل فرض ہو گیا

سوال: بخار میں اگر غسل فرض ہو گیا اور بخار بڑھنے کا اندیشہ ہو تو غسل کیا کیا حکم ہے؟

User ID: عبدالسلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر سر سے غسل کرنے میں مرض بڑھنے یا دوسری بیماری ہو جانے کا صحیح گمان ہو اور بدن پر پانی ڈالنا نقصان نہ کرتا ہو تو کلی کرے، ناک میں پانی ڈالے اور گردن سے پانی بہالے اور سر کے ہر حصے پر گیلا ہاتھ پھیر لے غسل ہو جائے گا، صحت کے بعد سر دھولے باقی غسل کو دوبارہ کرنے کی حاجت نہیں، اور اگر بدن پر پانی ڈالنا بھی نقصان کرتا ہو اس طرح کہ غسل کی وجہ سے مرض کے زیادہ ہونے یا دیر میں ٹھیک ہونے کا صحیح اندیشہ ہو چا ہے اس نے خود آزمایا ہو یا کسی ماہر ڈاکٹر نے کہا ہو تو تیمم کرلے۔ (ملخصا: بہار شریعت، حصہ 2، صفحہ 346، 318)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

4 صفر المظفر 1443/1 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

27

اگر دانت فکس ہوں تو وضو اور غسل

سوال: اگر نقلی دانت لگوائے اور وہ فکس ہوں تو کلی کرنے سے غسل کا فرض ادا ہو جائے گا؟

User ID: مسکین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر نقلی دانت فکس ہوں اور اس کو نکالنے میں تکلیف و مشقت ہو تو بغیر اتارے بھی کلی کرنے سے غسل کا فرض اور وضو کی سنت مؤکدہ ادا ہو جائے گی کیونکہ ایسی صورت میں نیچے پانی پہنچانا ناممکن ہوتا ہے اور جس جگہ پانی پہنچانا ناممکن ہو وہ شریعت نے معاف رکھا ہے، اور دوسرا یہ کہ اب ان نقلی دانتوں کا حکم اصل کی طرح ہو گیا کیونکہ جب کوئی چیز محل فرض کو اس طرح چھپا دے کہ دیکھنے والا جب فرض کی گئی جگہ کو دیکھے تو اس کی نظر چھپانے والی چیز کی طرف پڑے تو فرض اس محل سے ساقط ہو کر چھپانے والی چیز کی طرف منتقل ہو جائے گا۔

(ملخصا: شامی، 1/220، بہار شریعت، ج2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

4 صفر المظفر 1443/1 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

28 سردیوں اور گرمیوں میں استنجے کا طریقہ

سوال: زید کہتا ہے کہ سردی اور گرمی میں استنجا کا طریقہ الگ الگ ہے، اگر یہ صحیح ہے تو طریقہ بتادیں۔

User ID: مراد جمالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

استنجا میں جو ڈھیلوں کا استعمال کیا جاتا ہے اس میں سردی اور گرمی کے لحاظ سے کچھ فرق ہے، چنانچہ بہار شریعت میں ہے: پاخانہ کے بعد مرد کے لیے ڈھیلوں کے استعمال کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ گرمی کے موسم میں پہلا ڈھیلا آگے سے پیچھے کو لے جائے اور دوسرا پیچھے سے آگے کی طرف اور تیسرا آگے سے پیچھے کو اور جاڑوں میں پہلا پیچھے سے آگے کو اور دوسرا آگے سے پیچھے کو اور تیسرا پیچھے سے آگے کو لے جائے۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 412)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

6 صفر المظفر 1443/ 3 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

29 مچھر کا خون

سوال: جن کپڑوں میں مچھر کا خون لگا ہو اس میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

User ID: یاور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مچھر کا خون ناپاک نہیں ہوتا لہذا ایسا لباس جس میں مچھر کا خون ہو اس میں نماز پڑھنا جائز ہے۔ بہار شریعت میں ہے: مچھلی اور پانی کے دیگر جانوروں اور کھٹمل اور مچھر کا خون اور خچر اور گدھے کا لعاب اور پسینہ پاک ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، نجاستوں کے متعلق احکام، صفحہ 392)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 صفر المظفر 1443/11 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

30

چمگادڑ کی بیٹ

سوال: چمگادڑ کی بیٹ پاک ہے یا نہیں، اگر ہے تو وجہ بھی بتا دیں؟ UserID: علی حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

قواعد حنفیہ کی روشنی میں چمگادڑ حلال پرندہ ہے لہذا اس کی بیٹ پاک ہے کیونکہ اس کے دانت ہوتے ہیں مگر یہ دانت سے شکار نہیں کرتا اور ایسا پرندہ جس کے دانت نہ ہوں یا دانت سے شکار نہ کرتا ہو وہ پرندہ حلال ہے اور حلال پرندوں کی بیٹ پاک ہے یعنی کپڑوں پر لگے تو کپڑے ناپاک نہیں ہونگے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: قواعد حنفیہ کے موافق وہی قول حلت ہے، مطلقا دانت موجب نہیں بلکہ وہ دانت جن سے جانور شکار کرتا ہو، ظاہر ہے کہ چمگادڑ پرند شکاری نہیں۔

(فتاوی رضویہ، جلد20، صفحہ318)

بہار شریعت میں ہے: چمگادڑ کی بیٹ اور پیشاب دونوں پاک ہیں۔ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ391)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17صفر المظفر 1443/14 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

زیر ناف بال کاٹنے کی حد

سوال: زیر ناف بال کاٹنے کی حد بیان کر دیں؟

User ID: راشد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زیر ناف بالوں کو ناف کے بالکل نیچے سے کاٹنا شروع کیا جائے اور شرمگاہ تک کاٹے، اور خصیتین اور شرمگاہ کے آس پاس کے بال بھی کاٹے البتہ پوری ران کے بال کاٹنا ضروری نہیں، دبر یعنی پاخانہ کے مقام کے بال کاٹنا مستحب ہے۔ وقار الفتاوی میں ہے: ناف سے نیچے خصیتین اور عضوِ تناسل کے ارد گرد کے بال صاف کرنا سنت ہے، اور دُبر (یعنی پاخانہ کے مقام) کے بال صاف کرنا مستحب ہے۔

(وقار الفتاوی، جلد2، صفحہ 541)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26صفر المظفر 1443/23ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

32

کان سے پیپ آتا ہو تو وضو

سوال: اگر کان سے پیپ نکلے تو وضو ٹوٹ جائے گا؟

User ID: مدثر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کان سے پیپ نکلے مگر اندر ہی رہے باہر نہ آئے تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر باہر نکل کر ایسی جگہ آجائے جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: خون یا پیپ یا زرد پانی کہیں سے نکل کر بہا اور اس بہنے میں ایسی جگہ پہنچنے کی صلاحیت تھی جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض ہے تو وضو جاتا رہا۔۔۔ اور اگر بہا مگر ایسی جگہ بہ کر نہیں آیا جس کا دھونا فرض ہو تو وضو نہیں ٹوٹا۔ مثلاً آنکھ میں دانہ تھا اور ٹوٹ کر آنکھ کے اندر ہی پھیل گیا باہر نہیں نکلا یا کان کے اندر دانہ ٹوٹا اور اس کا پانی سوراخ سے باہر نہ نکلا تو ان صورتوں میں وضو باقی ہے۔

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 304،305)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 صفر المظفر 1443/27 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز

33

سورۃ الفاتحہ سے قراءت کا فرض کیسے ادا ہوگا

سوال: سورۃ الفاتحہ جب واجب ہے تو اس قراءت کا فرض کیسے ادا ہوگا؟ User ID: محمد عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ ہر نماز کی ہر رکعت میں ایک ایسی آیت جو کم از کم دو کلمات اور چھ حروف پر مشتمل ہو پڑھنا فرض ہے یعنی اس سے قراءت کا فرض ادا ہو جاتا ہے لہذا یہ مقدار سورۃ الفاتحہ کی پہلی آیت کے پڑھنے سے ہی پوری ہو جاتی ہے البتہ پوری سورۃ الفاتحہ پڑھنا اور اس کے بعد سورت ملانا یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا یا ایک بڑی آیت جو تین کے برابر ہو جس میں کم از کم 26 حروف ہوں وہ واجب ہے۔

(ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 349، شامی، جلد1، صفحہ 458، جد الممتار)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 محرم الحرام 1443/27 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

34

دعائے قنوت نہ آتی ہو تو

سوال: اگر کسی کو دعائے قنوت نہ آتی ہو تو کیا کرے؟

User ID: ربیعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کو وہ دعائے قنوت جو مشہور ہے نہ آتی ہو تو اس کو یاد کرنے کی کوشش کرے اور وتر میں قرآن و حدیث کی کوئی بھی دعا پڑھ لے، فقہاء کرام نے صراحت کی ہے وہ تب تک اللھم ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار پڑھ لے، اگر یہ یاد نہ ہو تو اللھم اغفرلی تین بار کہہ لے، اور یہ بھی یاد نہ ہو تو یا رب تین بار کہہ لے اس کا واجب ادا ہو جائے گا۔

(ملخصا: البحر الرائق، 1/318، شامی، 2/535)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

3 صفر المظفر 1443/31 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

35

دعائے قنوت کی جگہ سورۃ الاخلاص وفاتحہ

سوال: اگر وتر میں دعائے قنوت کی جگہ سورۃ الفاتحہ یا سورۃ اخلاص پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟

User ID: ریاض رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر دعائے قنوت کی جگہ سورۃ الفاتحہ یا سورۃ الاخلاص دعا کی نیت سے پڑھی تو دعائے قنوت کا واجب ادا ہو جائے گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: رہا یہ کہ قل ھو اللہ شریف پڑھنے سے بھی یہ واجب ادا ہوا کہ نہیں، اتنے دنوں کے وتر کا اعادہ لازم ہو۔ ظاہر یہ ہے کہ ادا ہو گیا کہ وہ ثناء ہے اور ہر ثناء دعا ہے بلکہ علامہ علی قاری اور دیگر علماء نے فرمایا ہر دعا ذکر ہے اور ہر ذکر دعا۔ رسالت مآب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا فرمان ہے سب سے افضل دعا الحمد للہ ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد7، صفحہ486)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

5صفر المظفر 1443/ 2ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

36

نماز میں بیوی کا بوسہ

سوال: بیوی نماز پڑھ رہی ہو اور شوہر اس کا بوسہ لے تو کیا حکم ہے؟ **User ID:** یاسر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت نماز پڑھ رہی ہو اور مرد نے اس کا بوسہ لیا تو چاہے مرد و عورت کو شہوت نہ ہوئی ہو نماز ٹوٹ جائے گی، اسی طرح شہوت کے ساتھ عورت کے بدن کو ہاتھ لگایا تو عورت کی نماز ٹوٹ جائے گی اور اگر مرد نماز میں ہو اور عورت نے ایسا کیا تو جب تک مرد کو شہوت نہ ہو نماز نہیں ٹوٹے گی۔ وجہ فرق یہ ہے کہ بوسہ دینا جماع کی طرف لے جانے والا ہے اور جماع میں مرد فاعل ہوتا ہے تو اس کا دواعی جماع کے ساتھ عورت کے پاس آنا گویا جماع کے ساتھ آنا ہے اسی لئے مرد کے بوسہ دینے میں عورت کی نماز ٹوٹ جائے گی اگرچہ دونوں میں سے کسی کو شہوت نہ ہوئی ہو، اسی طرح شہوت سے چھونا بھی دواعی جماع سے ہے۔ عورت چونکہ فاعل نہیں ہوتی تو اس کا دواعی جماع کا ارتکاب جماع کی طرف اس وقت تک نہیں لے جائے گا جب تک مرد کو شہوت نہ ہو۔

(شامی، جلد2، کتاب الصلاۃ، باب فیمایفسد الصلاۃ، مطلب فی المشی الصلاۃ، صفحہ 471، دارالمعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 صفر المظفر 1443/10 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

37

قعدہ اخیرہ میں درود پڑھنا

سوال: قعدہ اخیرہ میں درود ابراہیم کی جگہ کوئی اور درود پڑھ سکتے ہیں؟

User ID: عبداللہ ملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قعدہ اخیرہ میں درود پاک پڑھنا سنت مؤکدہ ہے البتہ درود ابراہیم پڑھنا افضل ہے، اگر درود ابراہیم کی جگہ کوئی اور درود پاک پڑھا تو بھی سنت مؤکدہ ادا ہو جائے گی۔ فتاوی امجدیہ میں ہے: نماز میں درود شریف پڑھنا سنت مؤکدہ ہے۔ (فتاوی امجدیہ، جلد1، صفحہ 75)

فتاوی رضویہ میں ہے: سب درودوں سے افضل درود وہ ہے جو سب اعمال سے افضل یعنی نماز میں مقرر کیا گیا ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 176)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15صفر المظفر 1443/12ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

38

جہاز میں نماز پڑھنے کا حکم

سوال: جہاز میں نماز پڑھنے کے حوالے سے تفصیل بیان فرمادیں؟

User ID: ظہور افضل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر جہاز ہوا میں ہے یا رن وے پر رکا ہوا ہے تو نماز ہو جائے گی اور اگر رن وے پر چل رہا ہے تو فرض، واجب اور سنت فجر نہیں ہو گی، ہاں اگر وقت تنگ ہو تو یہ نمازیں پڑھ لے بعد میں اعادہ کرے، اگر دوران نماز جہاز رن وے سے چل پڑا یا ہوا سے نیچے اتر آیا تو یہ نمازیں فاسد ہو جائیں گی۔ جہاز میں کھڑے ہو کر قبلہ رخ نماز پڑھی جائے گی، اگر عملہ کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کی اجازت نہیں دیتا تو تنگی وقت کی صورت میں بیٹھ کر پڑھ لیں بعد میں اعادہ کریں۔

(ملخصا: فتاوی دار الافتاء اہلسنت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 صفر المظفر 1443/22 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

39

قعدہ میں التحیات کی جگہ فاتحہ

سوال: اگر قعدہ میں بھول کر التحیات کی جگہ سورۃ الفاتحہ شروع کر دی پھر یاد آنے پر التحیات پڑھی تو کیا حکم ہے؟

User ID: میاں حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قعدہ میں بھول کر التحیات کی جگہ سورۃ الفاتحہ شروع کر دی تو سجدہ سہو واجب ہو گا کیونکہ قعدہ میں التحیات سے ابتدا کرنا واجب ہے۔ حاشیہ الطحطاوی میں ہے: ولو قرأ في القعود ان قرأ قبل التشهد في القعدتين فعليه السهو لترك واجب الابتداء بالتشهد أول الجلوس ترجمہ: اگر دونوں قعدوں میں سے کسی میں بھی تشہد سے پہلے قرآن پڑھا، تو قعدہ میں تشہد سے ابتداء کرنے کا واجب ترک کرنے کی وجہ سے سجدہ سہو لازم ہو گا۔ (حاشیۃ الطحطاوی، صفحہ 461)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــه

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 صفر المظفر 1443/23 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

40

رکعتوں کا حساب گھڑی کو دیکھ کر

سوال: امام اگر رکعتوں کا حساب سامنے لگی گھڑی کے ٹائم سے کرتا ہو تو کیسا؟

User ID: غلام دستگیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر امام نے دوران نماز گھڑی کا ٹائم جان کر دیکھا اور قصداً اس کو سمجھا تو ایسا کرنا مکروہ ہے مگر نماز فاسد نہیں ہوگی۔ بہار شریعت میں ہے: کسی کاغذ پر قرآن مجید لکھا ہوا دیکھا اور اسے سمجھا نماز میں نقصان نہ آیا، یوہیں اگر فقہ کی کتاب دیکھی اور سمجھی نماز فاسد نہ ہوئی، خواہ سمجھنے کے لیے اسے دیکھا یا نہیں، ہاں اگر قصداً دیکھا اور بقصد سمجھا تو مکروہ ہے اور بلا قصد ہوا تو مکروہ بھی نہیں۔ یہی حکم ہر تحریر کا ہے اور جب غیر دینی ہو تو کراہت زیادہ۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 609)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

21 صفر المظفر 1443/18 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

41

امام اور ایک مقتدی کے بعد دوسرا مقتدی آجائے

سوال: امام کے ساتھ ایک شخص نماز پڑھ رہا تھا اور کچھ دیر بعد ایک اور آگیا تو اب امام آگے جائے یا مقتدی پیچھے ہو؟

User ID: مسکین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام کے ساتھ اگر ایک شخص نماز پڑھ رہا ہو اور دوسرا شخص آجائے تو دونوں ہی صورتیں جائز ہیں یعنی یا تو امام آگے بڑھ جائے، یا پہلے والا مقتدی پیچھے ہٹ جائے اور نیا آنے والا پہلے والے مقتدی کے ساتھ کھڑا ہو جائے، مگر پہلے ایک مقتدی ہو تو مقتدی کا پیچھے ہٹنا افضل ہے اور دو مقتدی ہوں تو امام کا آگے ہٹنا افضل ہے البتہ یہ یاد رہے کہ مقتدی کا پیچھے ہٹنا یا امام کا آگے ہونا حکم شرع بجالانے کے لئے ہو، اگر اس نیت سے آگے یا پیچھے ہوا کہ یہ کہتا ہے اس کی مانوں تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (ملخصا: شامی، جلد2، صفحہ 370، بہار شریعت، جلد1، صفحہ 586)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 صفر المظفر 1443/19 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جمعه

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

42

جمعہ کی نماز کے وقت عورت دکان پر

سوال: مرد نماز جمعہ کے لئے چلا گیا اور دکان پر اپنی بیوی کو چھوڑ گیا تو بیوی کا اس وقت میں خرید و فروخت کرنا کیسا؟

User ID: فیضان مصطفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جن افراد پر جمعہ واجب نہیں مثلا عورت، ان کا اذان جمعہ کے شروع سے ختم جمعہ تک خرید و فروخت کرنا جائز ہے لہذا مرد اگر خود جمعہ کے لئے چلا گیا اور عورت کو دکان پر چھوڑ گیا تو عورت کا مال بیچنا جائز ہے لیکن یہ خیال رہے کہ عورت بے پردہ نہ ہو، اسی طرح ایسا فرد جس پر سعی الی الجمعہ واجب ہے اس کا مال خریدنا جائز نہیں اور اگر عورت کو پتا ہو کہ اس پر سعی الی الجمعہ واجب ہے تو اس کو مال بیچنا جائز نہیں کہ یہ گناہ پر اعانت ہے۔ بہار شریعت میں ہے: اذان جمعہ کے شروع سے ختم نماز تک بیع مکروہ تحریمی ہے اور اذان سے مراد پہلی اذان ہے کہ اُسی وقت سعی واجب ہو جاتی ہے مگر وہ لوگ جن پر جمعہ واجب نہیں مثلاً عورتیں یا مریض اُن کی بیع میں کراہت نہیں۔ (بہار شریعت، حصہ 11، صفحہ 723)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 محرم الحرام 1443/25 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

لقمه

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

43

تیسری رکعت پر امام بیٹھ جائے تو لقمہ

سوال: چار رکعت والی نماز میں اگر امام تیسری رکعت میں بیٹھ جائے تو لقمہ دینے کا کیا حکم ہے؟

User ID: اول خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام کو بیٹھے ہوئے اگر تین بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار ہو گئی تو اب امام پر سجدہ سہو واجب ہو گیا اور لقمہ دینا جائز نہ رہا، اگر ایسی صورت میں کسی نے لقمہ دیا تو لقمہ دینے والے کی نماز ٹوٹ جائے گی اور اگر امام نے اس کا لقمہ لیا تو امام اور تمام مقتدیوں کی نماز ٹوٹ گئی، اور اگر امام کو بیٹھے ہوئے تین تسبیح کی مقدار نہیں گزری تو چونکہ سجدہ سہو واجب نہیں ہوا تو یہ لقمہ کا محل ہے اور لقمہ دینا جائز ہے۔

(احکام لقمہ، صفحہ 39)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

21 صفر المظفر 1443/18 ستمبر 2021ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

میت
و
نمازِ جنازه

44

میت کے نقلی دانت نکالنے کا حکم

سوال: اگر میت نے نقلی دانت لگوائے ہوں تو وہ نکالے جائیں گے یا نہیں؟

User ID: مسکین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میت کے منہ میں بتیسی لگی ہو اور اگر باآسانی نکل سکے کہ مردے کو تکلیف نہ ہو تو نکال دی جائے اور اگر تکلیف کا اندیشہ ہو تو نہ نکالی جائے۔ (تجہیز و تکفین کا طریقہ، صفحہ 94)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 محرم الحرام 1443/24اگست 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

45

عورت کا نماز جنازہ پڑھانا

سوال: ایک عورت نے نماز جنازہ کی امامت کی اور زید و بکر نے اس کی اقتدا میں نماز پڑھی، کیا نماز ادا ہوئی؟ User ID: جاسم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا جنازہ کے لئے گھر سے نکلنا ناجائز ہے اور جنازہ میں شرکت بھی ممنوع ہے، پھر عورت کا امام بننا اور مردوں کا اقتدا کرنا اور زیادہ ممنوع ہے، لیکن اگر کسی عورت نے نماز جنازہ کی امامت کروادی تو نماز جنازہ ادا ہو جائے گی کیونکہ نماز جنازہ میں جماعت شرط نہیں،ایک مرد یا عورت بھی پڑھ لے تو نماز جنازہ کا فرض کفایہ ادا ہو جاتا ہے اور اس نماز کو دہرانے کی بھی حاجت نہیں، مگر عورت کی اقتدا میں مردوں کی نماز نہیں ہوگی ۔شامی میں ہے:امت رجلا فان صلاتھا تصح و ان لم یصح الاقتداء بھا۔لسقوط فرضھا بواحد ای بشخص واحد رجلا کان او امراۃ وبھذا تبین انہ لا تجب صلاۃ الجماعہ فیھا ترجمہ:عورت نے نماز جنازہ میں مرد کی امامت کی تو عورت کی نماز صحیح ہے اور مرد کی اقتدا صحیح نہیں، نماز جنازہ صحیح اس لئے ہے کہ نماز جنازہ کا فرض ایک شخص سے بھی ادا ہو جاتا ہے چاہے مرد ہو یا عورت اور اسی سے ظاہر ہو گیا کہ جنازے میں جماعت شرط نہیں۔ (3،122)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

7صفر المظفر 1443/4ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

46 Death Freezer ڈیتھ فریزر

سوال: میت کو ڈیتھ فریزر میں رکھنے کا کیا حکم ہے؟

User ID: شفقت رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میت کو ڈیتھ فریزر میں رکھنا جائز نہیں اس لئے کہ ڈیتھ فریزر کا درجہ حرارت مائنس میں ہوتا ہے اور اس سے میت کو سخت اذیت ہوتی ہے کیونکہ جس چیز سے زندہ کو تکلیف ہوتی ہے اس سے میت کو بھی تکلیف ہوتی ہے اور بلا عذر شرعی میت کو اذیت دینا جائز نہیں۔ شامی میں ہے: لان المیت یتاذی مما یتاذی بہ الحی ترجمہ: اس لئے کہ میت اس چیز سے تکلیف پاتی ہے جس سے زندہ شخص تکلیف پاتا ہے۔

(شامی، 343/1)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ____________

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 صفر المظفر 1443/12 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ　　وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy　　Website: www.arqfacademy.com

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy　　Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

47

زندگی میں اپنے لئے قبر تیار کروانا کیسا

سوال: زندگی میں اپنے لئے قبر تیار کروانا کیسا؟

User ID: علامہ سید طاہر نقشبندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اپنی زندگی میں اپنی قبر تیار کروانے سے علماء نے منع فرمایا ہے کیونکہ کوئی نہیں جانتا کہ کب اور کہاں مرے گا اس لئے اپنی قبر تیار کروانا ناپسندیدہ ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: کفن پہلے سے تیار رکھنے میں حرج نہیں اور قبر پہلے سے نہ بنانا چاہئے۔۔ قال اللہ تعالیٰ وَ مَا تَدْرِیْ نَفْسٌۢ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُؕ ترجمہ: اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کس زمین میں مرے گی۔ (فتاوی رضویہ، جلد9، صفحہ 265)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17صفر المظفر 1443/14 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

48

نابالغ اور نابالغہ کا جنازہ

سوال: اگر نابالغ بچے اور نابالغہ بچی کا جنازہ ساتھ ہو تو کونسی دعا پڑھیں گے نیز جنازہ رکھنے کی ترتیب کیا ہوگی؟

User ID: غلام یسین مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر ایک سے زیادہ جنازے ہوں تو بہتر یہ ہے کہ الگ الگ پڑھیں مگر ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے، ساتھ پڑھے جائیں تو امام کے قریب بالغ مرد کے جنازے کو رکھا جائے پھر اس کے پیچھے نابالغ لڑکے کا جنازہ ہو پھر اس کے پیچھے عورت کا پھر اس کے پیچھے نابالغ لڑکی کا اور دعا میں پہلے بالغین کے لئے بالغوں والی دعا اور پھر نابالغوں کے لئے نابالغوں والی دعا پڑھی جائے۔ فتاوی مصطفویہ میں ہے: چاہیں ایک ہی پڑھیں، چاہیں علیحدہ علیحدہ کرکے، ایک پڑھیں تو امام کے سامنے مرد کا جنازہ ہو پھر مرد کے بعد نابالغ لڑکے کا، پھر عورت کا پھر نابالغہ لڑکی کا، اگر ایک ہی نماز پڑھیں تو دعائے بالغین بہ نیت دعائے للبالغین پڑھ کر پھر نابالغوں کے لیے جو دعا ہے وہ بہ نیت دعا برائے نابالغین پڑھیں۔ (فتاوی مصطفویہ، صفحہ 290)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 صفر المظفر 1443/14 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

49

مکروہ وقت میں نماز جنازہ

سوال: مکروہ وقت میں نماز جنازہ ادا کرنا کیسا؟ مدلل جواب ارشاد فرمائیں۔

User ID: سمیع الحق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جنازہ اگر پہلے سے تیار ہے اور ادائیگی میں اتنی تاخیر کی کہ مکروہ وقت آگیا تو اب نماز جنازہ مکروہ وقت میں ادا کرنا مکروہ ہے، اور اگر مکروہ وقت میں ہی جنازہ تیار ہوا تو کراہت نہیں، بلکہ اب مکروہ وقت کے گزرنے تک انتظار کرنا مکروہ ہے۔ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: "جنازہ اگر اوقات ممنوعہ میں لایا گیا، تو اسی وقت پڑھیں کوئی کراہت نہیں، کراہت اس صورت میں ہے کہ پیشتر سے تیار موجود ہے اور تاخیر کی یہاں تک کہ وقت کراہت آگیا۔ (بہار شریعت، ج1، حصہ 3، ص454)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 صفر المظفر 1443/21 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وقف

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

50

غیر مسلم کا مسجد کے لئے وقف

سوال: اگر غیر مسلم مسجد کے لئے اپنی زمین وقف کرے تو وقف درست ہو جائے گا؟

User ID: مستقیم احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غیر مسلم نے اگر اپنی جگہ مسجد کے لئے وقف کی تو یہ وقف باطل اور نادرست ہے کیونکہ مسجد کے لئے جگہ وقف کرنا ثواب کا کام ہے اور وقف کرنے والے کے لئے اس کا اہل ہونا ضروری ہے اور غیر مسلم اس کا اہل نہیں، ہاں اگر غیر مسلم کسی مسلمان کو ہبہ کر دے یا بیچ دے اور مسلمان کی ملک ہونے کے بعد مسلمان اپنی طرف سے وقف کرے تو جائز ہے مگر غیر مسلم سے امور دینیہ میں مدد نہ لی جائے۔ فتاوی امجدیہ میں ہے: کوئی کافر اگر اپنی خوشی سے زمین مسجد کے لیے دے جب بھی مسجد نہیں ہو سکتی کہ مسجد کے لیے نیت تقرب ضرور ہے اور کافر اسکا اہل نہیں۔ (فتاوی امجدیہ، جلد3، صفحہ114)

فتاوی رضویہ میں ہے: ہاں اگر کافر کسی مسلمان کو اپنی زمین بیعا یا ہبۃ دے دیتا اور مسلمان کی ملک ہو جاتی وہ اپنی طرف سے وقف کرتا تو جائز تھا اور مشرک سے امور دینیہ میں مدد لینی بھی جائز نہیں۔ (فتاوی رضویہ، جلد21، صفحہ285)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29صفر المظفر 1443/26ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

زكوة

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

51 گھر میں موجود مرغیوں اور بکریوں پر زکوۃ

سوال: گھر میں اگر مرغیاں یا بکریاں اور گائیں ہو تو ان پر زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مرغیاں بیچنے کی نیت سے نہیں خریدیں تو ان پر زکوۃ نہیں، بکریاں اور گائیں اگر سائمہ ہوں یعنی سال کا اکثر حصہ باہر چرتی ہوں اور ان سے مقصود صرف دودھ اور بچے لینا یا فربہ کرنا ہو تو ان کے مخصوص نصاب پر شرائط کے ساتھ زکوۃ فرض ہوگی۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

5 صفر المظفر 1443/ 2 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

حج
و
عمره

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

52 طائف سے بغیر احرام حرم میں آنا

سوال: اگر کوئی حاجی طائف زیارت کے لئے گیا اور قرن المنازل سے بغیر احرام حرم آگیا تو کیا حکم ہے؟ **عادل رضا :UserID**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

طائف میقات سے باہر ہے اور میقات کے باہر سے حرم میں آنے والوں کے لئے احرام ضروری ہے اور ان پر حج یا عمرہ کی ادائیگی لازم ہے، لہذا جو شخص زیارت کے لئے طائف گیا اس پر لازم تھا کہ واپس حرم میں آنے کے لئے احرام باندھتا اور عمرہ کی نیت سے حرم میں داخل ہوتا اور عمرہ کرتا، اگر وہ بغیر احرام حرم میں داخل ہوا تو اس پر دم واجب ہے اور وہ گناہ گار بھی ہوا البتہ حج یا عمرہ کی ادائیگی اس پر لازم ہی رہے گی، اسے چاہیے کہ واپس میقات کے باہر جائے، طائف قریبی میقات ہے وہاں بھی جاسکتا ہے اور وہاں سے عمرہ کا احرام باندھ کر حرم میں داخل ہو اور عمرہ کی ادائیگی کرے، میقات کے باہر سے احرام باندھنے سے اس سے دم ساقط ہو جائے گا توبہ بہر حال کرنی ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

6 صفر المظفر 1443/ 3 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

53

کراچی سے مدینہ جانے والوں کے لئے احرام

سوال: ہمارا گروپ عمرہ پر روانہ ہو رہا ہے مگر ہم پہلے کراچی سے جدہ جائیں گے پھر جدہ سے مدینہ تو بغیر احرام جدہ سے مدینہ جانے پر کوئی دم تو واجب نہیں ہو گا؟

User ID: محمد معظم خان (ساقی کوثر ٹرویل)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میقات سے بغیر احرام گزرنے پر دم اس وقت واجب ہوتا ہے جب نیت براہ راست مکہ جانے کی ہو، اگر میقات کے اندر کسی اور جگہ جانے کا ارادہ ہو یا میقات سے گزرتے ہوئے بغیر حرم میں داخل ہوئے کسی اور مقام پر جانا ہو تو احرام ضروری نہیں نہ ہی بغیر احرام گزرنے پر دم واجب ہو گا، لہذا معلوم کی گئی صورت میں کراچی سے جدہ اور جدہ سے مدینہ جانے کے لئے احرام ضروری نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: مکہ معظمہ جانے کا ارادہ نہ ہو بلکہ میقات کے اندر کسی اور جگہ مثلا جدہ جانا چاہتا ہے تو اسے احرام کی ضرورت نہیں پھر وہاں سے اگر مکہ جانا چاہے تو بغیر احرام جا سکتا ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1068)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 محرم الحرام 1444/ 22 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

54

سعی سے پہلے حلق

سوال: اگر کسی نے عمرہ کی سعی نہیں کی اور حلق کروا کر احرام کھول لیا تو اب کیا حکم ہے؟

User ID: غلام حیدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سعی واجب ہے اور عمرے کی سعی کا ایک واجب یہ بھی ہے کہ وہ حالت احرام میں حلق یا تقصیر سے پہلے کی جائے، لہذا اگر کسی نے سعی سے پہلے ہی حلق یا تقصیر کروالی تو اس پر دم لازم ہوگا لیکن سعی اب بھی واجب رہے گی اور اسے کرنا ہوگی کیونکہ حلق کروانے سے وہ ساقط نہیں ہوئی یعنی دم دینا بھی ضروری ہے اور رہ جانے والی سعی بھی کرنا ضروری ہے البتہ اب اس سعی کو حالت احرام میں کرنا ضروری نہیں۔ (ملخصا: 27 واجبات حج، صفحہ 66)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

2 صفر المظفر 1443/30 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

55

دوبارہ عمرہ کرنے پر حلق کا حکم

سوال: ایک بار عمرہ کرنے کے بعد دوبارہ عمرہ کیا تو کیا حلق ضروری ہے حالانکہ پہلی بار میں حلق کروالیا ہے؟

User ID: نہال نوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حلق یا تقصیر کروانا عمرے کے واجبات میں سے ہے اور جب تک حلق یا تقصیر نہ کروائی جائے بندہ احرام کی پابندیوں سے باہر نہیں آسکتا لہذا جتنی بار بھی عمرہ کیا جائے حلق واجب ہی رہے گا لیکن یہاں ایک قابل توجہ بات یہ ہے کہ جب بندہ عمرہ کرنے کے بعد پہلی بار حلق کرواتا ہے تو سر پر بال نہیں رہتے اور بال بڑے ہونے میں وقت لگتا ہے، اب اگر کوئی دوسرا عمرہ کرے گا تو تقصیر کی مقدار میں بال موجود ہی نہیں ہونگے لہذا اب اسے حلق ہی کروانا واجب ہے، اگر اس نے حلق نہیں کروایا تو وہ احرام کی پابندیوں سے باہر نہیں ہوگا۔ (ملخصا: شرح لباب المناسک، 324)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

3 صفر المظفر 1443/31 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

56

آفاقی کا مسجد عائشہ سے عمرہ

سوال: آفاقی کا ایک عمرہ کرنے کے بعد دوسرے عمرہ کا احرام مسجد عائشہ سے باندھنا کیسا؟

User ID: زوہیب عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آفاقی یعنی میقات کے باہر سے آنے والا شخص جب مکے میں آگیا تو وہ حکما مکی ہو گیا اور مکی کے لئے عمرہ کا احرام باندھنے کا مقام حدود حرم سے باہر ہے اور مسجد عائشہ حدود حرم سے باہر حل میں واقع ہے لہذا ایسا آفاقی جس نے پہلا عمرہ کر لیا اور اب حکما مکی ہو گیا اس کا مسجد عائشہ سے عمرہ کا احرام باندھنا نہ صرف جائز بلکہ احناف کے نزدیک افضل بھی ہے۔(ملخصا: شرح لباب المناسک، 117)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 صفر المظفر 1443/11 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن مع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

57

ایام مخصوصہ والی کا حرم میں داخلہ

سوال: ایک عورت مدینے سے مکے جا رہی ہے اور اس کو ایام شروع ہو گئے اب وہ کیا کرے؟

User ID: عبدالکریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میقات سے گزر کر حرم جانے والے کے لئے حالت احرام میں عمرہ کی نیت کے ساتھ ہونا ضروری ہے چاہے مرد ہو یا عورت، اب اگر عورت کو ایام مخصوصہ آجائیں تو وہ عمرہ کی نیت کے ساتھ ہی میقات سے گزرے گی مگر عمرہ نہیں کرے گی بلکہ احرام کی پابندیوں میں رہے گی اور پاک ہونے کا انتظار کرے گی، پاک ہونے کے بعد غسل کر کے عمرہ ادا کرے گی، غسل میں احتیاط کرے کہ بال نہ ٹوٹیں، اسی طرح ناپاکی میں مسجد الحرام نہیں جاسکتی البتہ صحن میں جاسکتی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

20صفر المظفر 1443/17ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

58

حالت احرام میں احتلام

سوال: اگر حالت احرام میں احتلام ہو جائے تو کیا دم ہوگا اور احرام کی چادریں اتار سکتے ہیں؟

User ID: رضوان اسماعیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں غسل فرض ہو جائے تو دم لازم نہیں آتا، احرام کی چادریں اتارنے سے بھی دم لازم نہیں آئے گا، احرام کی چادروں کو پاک کرلے اور غسل کرلے، غسل کرنے میں یہ احتیاط کرے کہ بال نہ ٹوٹیں۔ بہار شریعت میں ہے: احتلام سے کچھ (دم، صدقہ وغیرہ) نہیں۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1173)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 صفر المظفر 1443/20 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

59 میدان عرفات سے عمرہ کا احرام

سوال: مکی میدان عرفات سے عمرہ کا احرام باندھ سکتا ہے؟

User ID: فیضان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مکی چاہے حقیقی ہو یا حکمی اس کے لئے عمرہ کا احرام باندھنے کی جگہ حرم سے باہر ہے اور میدان عرفات حل میں ہے لہذا مکی وہاں سے عمرہ کا احرام باندھ سکتا ہے۔ ھدایہ میں ہے: وھی فی الحل ترجمہ: عرفات حل میں ہے۔

(ھدایہ، 1/134)

مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: واضح رہے کہ مکہ مکرمہ میں رہنے والے اگر عمرہ ادا کرنا چاہیں تو ان کو حرم سے باہر جا کر احرام باندھنا ہوگا۔ (27 واجبات حج، صفحہ 52)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 صفر المظفر 1443/27 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نکاح
و
طلاق

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

60

بیوی کا مہر معاف کرنا

سوال: اگر بیوی مہر معاف کر دے تو معاف ہو جائے گا؟

User ID: زوجہ زوہیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مہر بیوی کا حق ہے اگر وہ اپنی رضا و خوشی سے بغیر کسی دباؤ کے اپنا مہر معاف کر دے اور شوہر اس معافی کو قبول کر لے اور رد نہ کرے یا اس کے معاف کرنے پر خاموش رہے تو مہر معاف ہو جائے گا، اب بیوی مہر کا مطالبہ نہیں کر سکتی۔ بہار شریعت میں ہے: عورت کل مہر یا جز معاف کرے تو معاف ہو جائے گا بشرطیکہ شوہر نے انکار نہ کر دیا ہو۔ (بہار شریعت، جلد2، حصہ 7، صفحہ 68)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

5 صفر المظفر 1443/ 2 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

61

رخصتی سے پہلے طلاق یا شوہر کی وفات ہو گئی تو مہر

سوال: اگر نکاح کے بعد رخصتی سے پہلے شوہر کی وفات ہو گئی یا اس نے طلاق دے دی تو مہر کا کیا حکم ہے؟ **User ID: قاری صدیق دیوان**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر نکاح کے بعد رخصتی سے پہلے شوہر کی وفات ہو گئی تو مہر مؤکد ہو گیا اور جو طے تھا وہ شوہر کی وراثت میں سے دیا جائے گا اس لئے کہ دونوں میں سے کسی ایک کی وفات کے سبب مہر مؤکد ہو جاتا ہے۔ عالمگیری میں ہے: والمهر يتاكد باحد معان ثلاثة: الدخول الخلوة الصحيحة وموت احد الزوجين ترجمہ: مہر تین میں سے ایک چیز کے سبب مؤکد ہو جاتا ہے، دخول، خلوت صحیحہ یا زوجین میں سے کسی کی موت سے۔ (عالمگیری، 1/303)

اور اگر رخصتی سے پہلے شوہر نے طلاق دے دی تو اگر خلوت صحیحہ بھی نہ ہوئی تو اب شوہر پر نصف مہر لازم ہو گا۔ قرآن پاک میں ہے: وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِیْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ ترجمہ: اور اگر تم نے عورتوں کو بے چھوئے طلاق دے دی اور ان کے لئے کچھ مہر مقرر کر چکے تھے تو جتنا ٹھہرا تھا اس کا آدھا واجب ہے۔ (البقرہ: 237)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 صفر المظفر 1443/14 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

62

غیر مسلم میاں بیوی کے قبول اسلام کے بعد نکاح

سوال: اگر کسی غیر مسلم نے اپنی بیوی کے ساتھ اسلام قبول کیا تو ان کو تجدید نکاح کرنا ہو گا؟

User ID: کبیر احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شوہر اور بیوی دونوں مسلمان ہوئے تو وہی پہلے والا نکاح باقی ہے نئے نکاح کی حاجت نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: مرد و عورت کافر تھے دونوں مسلمان ہوئے تو وہی نکاح سابق باقی ہے جدید نکاح کی حاجت نہیں۔ (بہار شریعت، حصہ 7، صفحہ 32)

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 محرم الحرام 1443/23 اگست 2022ء

63

دو بھائیوں کا ماں بیٹی سے نکاح

سوال: زید نے ایک عورت سے نکاح کیا اور زید کے بھائی نے اس عورت کی بیٹی جو دوسرے شوہر سے تھی اس سے نکاح کیا، زید کی اس عورت سے خلوت ہوئی اور زید کے بھائی کی اس لڑکی سے خلوت نہ ہوئی اور دونوں بھائیوں نے طلاق دے دی، اب زید اس عورت کی بیٹی سے اور زید کا بھائی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے کیا کر سکتا ہے؟

User ID: مولانا بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت میں زید کا عورت کی بیٹی سے نکاح اور زید کے بھائی کا لڑکی کی ماں سے نکاح جائز نہیں، وجہ یہ ہے کہ زید کے بھائی نے جب اس لڑکی سے نکاح کیا تو اس کی ماں یعنی زید کی بیوی نکاح صحیح سے ہی اس پر حرام ہوگئی اگرچہ صحبت نہ کی ہو کیونکہ جس عورت سے نکاح کیا ہو اس کی ماں عقد صحیح سے ہی حرام ہو جاتی ہے، قرآن میں ہے وَ اُمَّهٰتُ نِسَآىٕكُمْ ترجمہ: اور تمہاری بیویوں کی مائیں تم پر حرام ہیں، اس آیت میں صحبت کی قید نہیں۔ در مختار میں ہے: وام زوجتہ وجداتھا مطلقا بمجرد العقد الصحیح ترجمہ: اور بیوی کی ماں اور دادی نانی (اوپر تک) محض نکاح صحیح سے ہی حرام ہو جاتی ہیں۔ (4/110)، اور زید کی اس عورت کے ساتھ خلوت کے سبب عورت کی بیٹی زید پر حرام ہوگئی جیسا کہ قرآن میں ہے وَ رَبَآىٕبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآىٕكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ترجمہ: اور (حرام کردی گئیں) ان کی بیٹیاں جو تمہاری گود میں ہیں ان بیبیوں سے جن سے تم صحبت کر چکے۔ (النساء:23)۔ یاد رہے اس مسئلہ میں خلوت صحیحہ صحبت کے حکم میں ہے، شامی میں ہے: خلوت صحیحہ عورت سے ہوگئی اس کی لڑکی حرام ہوگئی اگرچہ وطی نہ کی ہو۔ (4/110)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 صفر المظفر 1443/11 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

64

حقیقی بھائی کی رضاعی بہن سے نکاح

سوال: زید نے بکر کی والدہ کا دودھ پیا اب زید کا بھائی بکر کی بہن سے نکاح کر سکتا ہے؟

User ID: راشد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زید کے بھائی کا بکر کی بہن سے نکاح جائز ہے جبکہ ممانعت کی کوئی اور وجہ (رضاعت، مصاہرت وغیرہ) نہ ہو۔ در مختار میں ہے: وتحل اخت اخیہ رضاعا ترجمہ: حقیقی بھائی کی رضاعی بہن سے نکاح جائز ہے۔ (در مختار، کتاب النکاح، باب الرضاع، ج4، صفحہ 398، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 صفر المظفر 1443/14 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

65

بغیر گواہوں کے نکاح

سوال: اگر لڑکا لڑکی ایسی جگہ پر ہوں جہاں کوئی گواہ نہ ہو تو کیا مجبوری میں بغیر گواہوں کے نکاح کر سکتے ہیں؟

User ID: قاری عباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نکاح صحیح ہونے کے لئے ایجاب و قبول کا دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کے سامنے ہونا ضروری ہے جو آزاد، عاقل بالغ ہوں، چاہے کیسی ہی مجبوری ہو بغیر ایسے گواہوں کے نکاح صحیح نہیں ہوگا۔ ھدایہ میں ہے: ولا ینعقد نکاح المسلمین إلا بحضور شاھدین حرین عاقلین بالغین مسلمین رجلین أو رجل وامرأتین ترجمہ: مسلمانوں کا نکاح دو مرد گواہوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی موجودگی ہی میں ہو سکتا ہے جو کہ آزاد، عاقل، بالغ ہوں۔ (ھدایہ، 396، 2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 صفر المظفر 1443 / 17 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحِیم
الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

66

انکار نکاح سے طلاق کا حکم

سوال: ایک شخص نے دوسرا نکاح کیا ہے مگر لوگوں کے پوچھنے پر وہ انکار کر دیتا ہے تو کیا اس سے نکاح پر اثر آئے گا؟

User ID: وقار حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اس کا اس طرح جھوٹ بولنا جائز نہیں لیکن اس انکار سے طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: وہ شخص جھوٹے حلف کا گنہگار ہوا، توبہ استغفار کرے، باقی نہ نکاح گیا نہ کفارہ آیا، نہ اولاد اس کے لئے ترکہ سے محروم ہوئی نکاح کا باقی رہنا اس لئے کہ اس کا انکار نکاح کو موثر نہیں کرتا۔۔ عالمگیری میں ہے: اگر خاوند کہے "میں نے تجھ سے نکاح نہیں کیا" تو بالاجماع طلاق کی نیت کے باوجود طلاق نہ ہوگی، جیسا کہ بدائع میں ہے۔

(فتاوی رضویہ، جلد 12، صفحہ 603)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

2 صفر المظفر 1443/30 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

67

خلع کے بعد سامان کس کا

سوال: عورت نے شادی کے بعد جو سامان شوہر کے پیسوں سے خریدا خلع کے بعد کیا وہ واپس کیا جائے گا؟

User ID: طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر شوہر نے رقم دیتے وقت تحفہ کی صراحت کر دی تو وہ سامان عورت کا ہے، طلاق کے بعد واپس نہیں کیا جائے گا، اور اگر شوہر نے عاریت یعنی ان پیسوں سے سامان خرید کر صرف استعمال کرنے کی صراحت کی تو یہ شوہر کی ملکیت ہو گا اور طلاق کے بعد ایسا سامان مرد کو واپس کیا جائے گا، اور اگر کسی چیز کی صراحت نہ کی تو عرف دیکھا جائے گا، اگر تحفۃ دینے کا عرف تھا تو بیوی کا اور اگر عاریۃ دینے کا عرف تھا تو شوہر کا ہو گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 صفر المظفر 1443/11 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

خواتین
کے
مسائل

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

68

کاپرٹی (Copper T) لگوانا

سوال: کیا کاپرٹی copper t لگوانا جائز ہے؟ یہ استقرار حمل کو روکنے کا ایک طریقہ ہے۔

User ID: زوبان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حمل کو روکنے کے لئے کاپرٹی copper T لگوانا جائز ہے اس لئے کہ یہ خود نہیں لگائی جاتی بلکہ کسی عورت یا مرد کی مدد لینا پڑتی ہے اور اس کو لگانے کے لئے شرمگاہ کو کھولنا پڑتا ہے اور حاجت شدیدہ کے بغیر کسی مرد یا عورت کے سامنے اپنی شرمگاہ کھولنا حرام ہے البتہ کوئی عورت خود یا اس کا شوہر لگانا جانتا ہو تو یہ لگائی جا سکتی ہے لیکن طبی اعتبار سے ہر ایک کو موافق نہیں آتی اس لئے لیڈی ڈاکٹر سے مشورہ بھی کر لیا جائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 صفر المظفر 1443/7 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

69

حمل میں ہمبستری

سوال: عورت حاملہ ہو تو ہمبستری کر سکتے ہیں؟

User ID:عبدالسلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حمل کے دوران ہمبستری کرنا شرعا جائز ہے البتہ طبی اعتبار سے نقصان دہ ہو سکتا ہے اس لئے عورت کی کیفیت کے اعتبار سے اس کی لیڈی ڈاکٹر سے مشوہ کر لیا جائے۔ فتاوی خلیلیہ میں ہے: دوران حمل سے وضع حمل تک مباشرت شرعا جائز ہے لیکن اگر ڈاکٹر منع کر دیں یا تکلیف کا خطرہ ہو تو پرہیز کرنا چاہیے۔ (فتاوی خلیلیہ، جلد 1، صفحہ 564)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 محرم الحرام 1443/23 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

70

حاملہ کا دودھ پلانا

سوال: حاملہ کا دودھ پلانا شرعا کیسا؟

User ID: قاری علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حاملہ کا دودھ پلانا شرعا جائز ہے البتہ طبی اعتبار سے نقصان دہ ہو سکتا ہے کیونکہ اس سے حمل کی غذا پر اثر پڑتا ہے لہذا عورت کو چاہیے کہ اپنی ڈاکٹر سے مشورہ کرلے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 محرم الحرام 1443/24 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

71

لیکوریا کا مرض

سوال: اگر کسی عورت کو لیکوریا کا مرض ہو تو وضو کا کیا حکم ہے اور کیا یہ ناپاک ہے؟

User ID: غلام شبیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

لیکوریا میں خارج ہونے والی رطوبت اگر خالص سفید ہو یا پانی کی طرح شفاف ہو اور اس میں کسی رنگ کی آمیزش نہ تو چاہے پتلی ہو یا گاڑھی، بو والی ہو یا بغیر بو کے، یہ پاک ہے، نہ اس سے کپڑے ناپاک ہوں گے اور نہ اس سے وضو ٹوٹے گا، اور اگر یہ رطوبت سفید نہیں بلکہ اس میں کسی رنگ کی آمیزش ہو جس سے اس میں خون شامل ہونے کا گمان ہوتا ہو تو اب اس کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جائے گا اور یہ ناپاک شمار ہو گی۔ (ملخصا: لیکوریا کا شرعی حکم، از دار الافتاء اہلسنت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

4 صفر المظفر 1443/1 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

72

سونوگرافی

سوال: اگر حاملہ بچے کی صحت اور اعضاو غیرہ کی درستی جاننے کے لئے سونوگرافی کروائے تو کیا حکم ہے؟

User ID:عبدالماجد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سونوگرافی الٹرا ساؤنڈ جیسا ہی عمل ہے اور اس میں ستر کو کھولنا پڑتا ہے اور بلاضرورت شرعی ستر کسی مرد خواہ عورت کے سامنے کھولنا حرام ہے، لہذا اگر سونوگرافی حاملہ کے لئے ضروری ہو کہ اس کے بغیر بچے کی جان جانے یا اس کو نقصان پہنچنے یا عورت کو دوران حمل کسی سخت آزمائش میں پڑنے کا اندیشہ ہو تو کروانا جائز ہے اور اگر ایسی کوئی وجہ نہیں تو اس کی اجازت نہیں، البتہ شوہر یہ کر سکتا ہو تو اس کو مطلقا اجازت ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13صفر المظفر 1443/10ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

73

فیشل کروانا کیسا

سوال: کیا فیشل کروانا جائز ہے؟

User ID: میاں حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فیشل کروانا فی نفسہ تو جائز ہے مگر اس میں چند باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے، فیشل میں استعمال ہونے والی کریم وغیرہ حرام اجزا پر مشتمل نہ ہو، فیشل کسی ناجائز مقصد کے لئے نہ کروایا جائے، کرنے والا غیر محرم نہ ہو اور بے پردگی والا کوئی معاملہ نہ ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 صفر المظفر 1443/23 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

74

دوران اذان سر پر دوپٹہ

سوال: کیا دوران اذان عورت کا سر پر دوپٹہ اوڑھنا ضروری ہے؟

User ID: احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اذان ہو رہی ہو تو سر پر دوپٹہ اوڑھنا ضروری نہیں لیکن یہ ادب کا ایک انداز ہے اور ادب جتنا کیا جائے اتنی برکت حاصل ہوتی ہے لہذا تعظیم اذان کی نیت سے سر پر دوپٹہ اوڑھ لینا جائز بلکہ کار ثواب ہے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 صفر المظفر 1443/21 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

75

سوتیلی ماں محرم ہے

سوال: سوتیلی ماں محرم ہوتی ہے؟ ان کے پاؤں دبا سکتے ہیں؟

User ID: وقار حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

والد نے جس عورت سے نکاح کیا ہو وہ بیٹے پر ہمیشہ کے لئے حرام ہے لہذا اس اعتبار سے وہ محرم ہے یعنی اس کے ساتھ حرمت مصاہرت قائم ہو گئی اور جس سے مصاہرت کی وجہ سے حرمت ہو اس سے پردہ کرنا نہ کرنا دونوں جائز ہے البتہ وہ جوان ہو اور فتنے کا اندیشہ ہو تو پردے کا حکم دیا جائے گا، اسی طرح جو عورت محارم میں سے ہو اس کے سر، سینہ، پنڈلی، بازو، کلائی، گردن، قدم کی طرف نظر بھی کر سکتا ہے اور ان کو چھو بھی سکتا ہے جبکہ دونوں میں سے کسی کو شہوت کا اندیشہ نہ ہو، لہذا سوتیلی ماں کے پاؤں دبانا جائز ہے جبکہ شہوت کا اندیشہ نہ ہو۔

(ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ 240، بہار شریعت حصہ 16، صفحہ 445)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 محرم الحرام 1443/27 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

76

بچہ کب تک ماں کے ساتھ سو سکتا ہے

سوال: لڑکا کس عمر تک اپنی والدہ کے ساتھ اور لڑکی اپنے والد کے ساتھ سو سکتی ہے؟

User ID: آصف علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بہار شریعت میں ہے: جب لڑکے اور لڑکی کی عمر دس سال کی ہو جائے تو ان کو الگ الگ سلانا چاہیے یعنی لڑکا جب اتنا بڑا ہو جائے اپنی ماں یا بہن یا کسی عورت کے ساتھ نہ سوئے صرف اپنی زوجہ یا باندی کے ساتھ سو سکتا ہے، بلکہ اس عمر کا لڑکا اتنے بڑے لڑکوں یا مردوں کے ساتھ بھی نہ سوئے۔ (بہار شریعت، حصہ 16، صفحہ 436)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

3 صفر المظفر 1443/31 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

متفرق
(سیلاب)

77

نابالغ کا سیلاب زدگان کی مدد کرنا

سوال: دیکھا جارہا ہے کہ نابالغ بھی سیلاب زدگان کی مدد کے لئے رقم دے رہے ہیں، شرعی حکم بیان کردیں؟

User ID: احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نابالغ اپنی ذاتی رقم کسی کو ہبہ نہیں کر سکتا نہ ہی صدقہ کر سکتا ہے البتہ کسی اور بالغ شخص نے اپنی رقم کسی کو دینے کے لئے اس نابالغ کو دی تو وہ رقم نابالغ جمع کرواسکتا ہے اور یہ رقم لینا بھی جائز ہے، امدادی کیمپوں میں موجود افراد کو چاہیے کہ چھوٹے بچوں سے پوچھ لیا کریں اگر ان کی ذاتی رقم ہو تو کسی صورت بھی ان سے نہ لیں۔ بہار شریعت میں ہے: (نابالغ کے تصرفات کی دوسری قسم) جس میں خالص نقصان ہو یعنی دنیوی مضرت ہو اگرچہ آخرت کے اعتبار سے مفید ہو جیسے صدقہ و قرض، غلام کو آزاد کرنا۔ زوجہ کو طلاق دینا۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ولی اجازت دے تو بھی نہیں کر سکتا بلکہ خود بھی بالغ ہونے کے بعد اپنی نابالغی کے ان تصرفات کو نافذ کرنا چاہے نہیں کر سکتا۔ (جلد3، صفحہ204)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

5صفر المظفر 1443/ 2ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

78

سیلاب میں آنے والا سامان اور لکڑیاں

سوال: سیلاب میں جو سامان بہہ جائے اس کو پکڑنے کا کیا حکم ہے؟ بعض علاقوں میں اہتمام سے لکڑیاں پکڑتے ہیں۔

User ID: صادق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سیلاب میں بہنے والا سامان مختلف قسم کا ہوتا ہے اور اس پر لقطے کے احکام جاری ہوتے ہیں یعنی ایسا سامان جس کی تھوڑی بھی قیمت ہے اس کو اپنے استعمال میں لانے کے لئے اٹھانا ناجائز ہے البتہ مالک تک پہنچانے کی نیت سے اٹھا سکتے ہیں، اٹھانے کے بعد اس کی اتنی تشہیر کی جائے کہ مالک مل جائے، سیلاب میں چونکہ مالک کا ملنا بھی مشکل ہے لہذا جب مالک کے آنے کی امید نہ رہے تو وہ چیز شرعی فقیر کو صدقہ کردی جائے اور اگر خود فقیر ہے تو اپنے استعمال میں لا سکتا ہے۔ جن چیزوں کے خراب ہونے کا اندیشہ ہے وہ فورا صدقہ کردی جائیں، جن چیزوں کی قیمت نہیں مثلا کھجور کی گٹھلی، پھلوں کے چھلکے یعنی جن چیزوں کے بارے میں گمان ہو کہ ان کو مالک نے ویسے ہی چھوڑ دیا ہوگا ان کو اپنے استعمال میں لا سکتا ہے۔ لکڑیاں چونکہ قیمتی ہوتی ہیں لہذا ان کو اپنے استعمال کے لئے نہیں اٹھا سکتے۔ (ملخصا: شامی، ج6، کتاب اللقطہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

6صفر المظفر 1443/ 3ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

79

سیلاب زدگان کی مدد زکوۃ کی رقم سے

سوال: سیلاب زدگان کی مدد زکوۃ کی رقم سے کی جائے تو پتا کیسے چلے کہ وہ مستحق ہیں؟

User ID: صلاح الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس کو زکوۃ دینی ہو اگر اس کے بارے میں گمان غالب ہو کہ یہ زکوۃ کا مستحق ہے تو اس کو زکوۃ دینا جائز ہے اور اگر گمان غالب نہ ہو تو اس کو زکوۃ نہ دی جائے، لہذا جب بھی کسی کی زکوۃ کی رقم سے مدد کریں چاہے سیلاب زدگان ہوں یا دیگر متاثرین تو دینے سے پہلے اس کے بارے میں ظن غالب کر لیں اس کا فائدہ یہ ہو گا کہ اگر وہ حقیقت میں مستحق نہ بھی ہوا تو ظن غالب کرنے کی وجہ سے زکوۃ ادا ہو جائے گی البتہ وہ غیر مسلم ہوا تو زکوۃ ادا نہیں ہو گی اور اگر ظن غالب نہ کیا اور وہ مستحق نہ ہوا تو زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔ جب کسی تنظیم وغیرہ کو زکوۃ کی رقم دیں تو انہیں بتا دیں کہ یہ زکوۃ کی رقم ہے تاکہ وہ بھی اس کا خیال رکھیں۔

(ملخصا: فتاوی امجدیہ، 1/374، عالمگیری، کتاب الزکوۃ، 1/190)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 صفر المظفر 1443/10 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

حلال
و
حرام

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

80

گیس کمپریسر Gas Compressor

سوال: گیس کمپریسر لگوانے کا شرعی حکم کیا ہے؟

User ID: سہیل ضیائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

گیس کمپریسر لگوانا شرعا بھی منع ہے اور قانونا بھی جرم ہے، وجہ یہ ہے کہ اس میں اپنے آس پاس والوں کی حق تلفی ہے اور انہیں ضرر پہنچانا پایا جاتا ہے، کیونکہ کمپریسر گیس کو پیدا نہیں کرتا بلکہ نالیوں میں موجود گیس کو کھینچ لیتا ہے جس سے کمپریسر والے کی گیس تو بڑھ جاتی ہے مگر دیگر افراد کو ملنے والی گیس اور کم ہو جاتی ہے، اس لئے اس کو لگوانے کی اجازت نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 صفر المظفر 1443/12 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

81

وعظ وبیان کی اجرت

سوال: وعظ وتقریر کی اجرت لینا کیسا ہے؟ User ID: عدیل اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فقہاء کرام نے دینی ضرورت کی وجہ سے بیان کرنے کی اجرت کو جائز قرار دیا ہے۔ خلیفہ اعلیٰ حضرت مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: بعض علمانے وعظ پر اجارہ کو بھی جائز کہا ہے اس زمانہ میں اکثر مقامات ایسے ہیں جہاں اہل علم نہیں ہیں ادھر ادھر سے کبھی کوئی عالم پہنچ جاتا ہے جو وعظ وتقریر کے ذریعہ انھیں دین کی تعلیم دے دیتا ہے اگر اس اجارہ کو ناجائز کردیا جائے تو عوام کو جو اس ذریعہ سے کچھ علم کی باتیں معلوم ہوجاتی ہیں اس کا انسداد ہوجائے گا۔ یہاں یہ بتادینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جب اصل مذہب یہی ہے کہ یہ اجارہ ناجائز ہے ایک دینی ضرورت کی بنا پر اس کے جواز کا فتویٰ دیا جاتا ہے تو جس بندہ خدا سے ہوسکے کہ ان امور کو محض خالصاً لوجہ اللہ انجام دے اور اجرِ اُخروی کا مستحق بنے تو اس سے بہتر کیا بات ہے پھر اگر لوگ اس کی خدمت کریں بلکہ یہ تصوّر کرتے ہوئے کہ دین کی خدمت یہ کرتے ہیں ہم ان کی خدمت کرکے ثواب حاصل کریں تو دینے والا مستحق ثواب ہوگا اور اُس کو لینا جائز ہوگا کہ یہ اُجرت نہیں ہے بلکہ اعانت وامداد ہے۔ (بہار شریعت، حصہ 14، صفحہ 145)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 محرم الحرام 1443/25 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

بسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ — وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

82 رات میں جھاڑو لگانا

سوال: رات میں جھاڑو لگانا کیسا ہے؟ **User ID:** مسکین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

رات میں جھاڑو لگانا شرعی اعتبار سے جائز ہے لیکن بعض بزرگوں نے اسے تنگدستی کے اسباب میں شمار کیا ہے اس لئے رات میں جھاڑو لگانے سے بچنا چاہیے بالخصوص کپڑے سے کیونکہ اکثر نے کپڑے سے جھاڑو لگانے کی قید لگائی ہے۔ علامہ زرنوجی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: وکنس البیت فی اللیل بالمندیل۔۔۔ یورث الفقر، عرف ذلك بالآثار ترجمہ: رات کو رومال (کپڑے) سے جھاڑو دینا تنگدستی کو پیدا کرتا ہے اور یہ (یعنی اس کا تنگدستی کا سبب بننا) آثار سے معلوم ہوا ہے۔ (تعلیم المتعلم، 86، 87)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

9 صفر المظفر 1443/6 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

83

مردوں کو سرخ اور پیلا لباس پہننا

سوال: کیا مرد سرخ اور پیلا لباس پہن سکتا ہے؟

User ID:عبدالصمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مردوں کو دو رنگوں کے علاوہ کسی بھی رنگ کا جائز لباس پہننا منع نہیں، ان دو میں سے ایک معصفر یعنی کسم کا رنگا ہوا سرخ (لال) اور مزعفر یعنی کیسر کا رنگا ہوا زرد (پیلا)۔فی زمانہ مارکیٹ میں سرخ اور زرد رنگ کا لباس کسم اور کیسر سے رنگا ہوا نہیں ہوتا لہذا مردوں و عورتوں دونوں ہی کیلئے یہ رنگ جائز ہیں البتہ سرخ اور شوخ رنگ سے بچنا بہتر ہے۔کسم اور کیسر پھولوں کی اقسام ہیں اگر کہیں ان سے رنگا ہوا لباس ملتا ہو تو اس کو پہننے کی ممانعت رہے گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

6صفر المظفر 1443/3ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

84

فائن دینے کا حکم

سوال: کالج میں فائن لیا جاتا ہے تو لینے والا تو گناہ گار ہے لیکن دینے والے کے لئے کیا حکم ہے ؟

User ID: مرحا نور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فائن مالی جرمانہ ہے اور مالی جرمانہ لینا ناجائز ہے، دینے والا اگر مجبور ہے کہ اگر نہیں دے گا تو اسے نکال دیا جائے گا یا اس کی عزت خراب کی جائے گی تو مالی جرمانہ کو برا جانتے ہوئے دے سکتا ہے وہ گناہ گار نہیں ہو گا البتہ دینے والا بھی اسے درست سمجھے اور عادت بنالے تو گناہ گار ہو گا اسی طرح دینے والے کو چاہیے کہ جس وجہ سے فائن لیا جاتا ہے اس کام سے بچے۔ مرقاۃ میں ہے: لیدفع بہ عن نفسہ ظلما فلا باس بہ ترجمہ: (رشوت) اپنے اوپر سے ظلم کو دور کرنے کے لئے دی جائے تو اس میں حرج نہیں (یعنی وہ گناہ گار نہیں ہو گا)۔ (مرقاۃ المفاتیح، 295/7)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

3صفر المظفر 1443/31 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

85

ٹوٹے ہوئے برتن کا استعمال

سوال: کیا ٹوٹے ہوئے برتن استعمال کرنا جائز ہے؟

User ID: اعجاز قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ٹوٹے ہوئے برتن استعمال کرنا شرعا جائز ہیں البتہ جس جگہ سے ٹوٹا ہوا ہے اس جگہ منہ رکھ کر کھانا پینا مکروہ ہے لہذا اس طرف سے استعمال کرنے سے بچنا چاہیے البتہ ٹوٹے ہوئے برتن استعمال کرنا طبا نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ بہار شریعت میں ہے: ٹوٹے ہوئے برتن کو چاندی یا سونے کے تار سے جوڑنا، جائز ہے اور اُس کا استعمال بھی جائز ہے، جبکہ اُس جگہ سے استعمال نہ کرے۔ (3/398)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

6صفر المظفر 1443/ 3ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

86

کامیڈی دیکھنا کیسا

سوال: کامیڈی دیکھنا شرعا کیسا؟

User ID: محمد شاہد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

موجودہ دور میں کامیڈی جھوٹ، دل آزاری، فضول اور گناہوں بھری گفتگو کے ساتھ ساتھ بعض اوقات کفریہ الفاظ پر بھی مشتمل ہوتی ہے، اس کے ساتھ ساتھ بے پردگی، میوزک، مردوں عورتوں کا اختلاط بھی ہوتا ہے، لہذا اس طرح کی کامیڈی سننا اور دیکھنا شرعا ناجائز اور گناہ ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 صفر المظفر 1443/21 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

87

مرد کا ڈائمنڈ کی انگوٹھی پہننا

سوال: مرد و عورت کا ڈائمنڈ کی انگوٹھی پہننا کیسا؟

User ID: احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت ڈائمنڈ کی انگوٹھی پہن سکتی ہے البتہ مرد ایسی انگوٹھی نہیں پہن سکتا جس کا حلقہ ڈائمنڈ کا ہو، البتہ مرد چاندی کی ساڑھے چار ماشہ سے کم کی انگوٹھی میں بطور نگ ڈائمند لگائے تو جائز ہے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 صفر المظفر 1443/22 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

88

شہد کی مکھی کو مارنا

سوال: شہد کی مکھی اگر اذیت دیتی ہو تو اس کو مارنا کیسا؟

User ID: مسکین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شہد کی مکھی اگر اذیت نہ دیتی ہو تو اس کو مارنا جائز نہیں، اور اگر اذیت دیتی ہو تو دفع ضرر یعنی نقصان دور کرنے کی نیت سے اس کو مارنا جائز ہے جس طرح دیگر ایذا دینے والے جانوروں کو مارنا جائز ہے مگر اولا کوشش کی جائے کہ اس کو کسی طرح منتشر کیا جائے لیکن اگر یہ ممکن نہ ہو تو آسان طریقے سے اس کو مار سکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26صفر المظفر 1443/23ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

89

مرد کو سونے کی انگوٹھی بیچنا

سوال: بعض مرد اپنے لئے مردانہ انگوٹھی کا آڈر دیتے ہیں تو دکاندار کا ان کو سونے کی انگوٹھی بنا کر دینا کیسا؟

User ID: قاری علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد کو سونے کی انگوٹھی بنا کر دینا ناجائز ہے اس لئے کہ مرد کو سونے کی انگوٹھی پہننا جائز نہیں اور اصول یہ ہے کہ جس چیز کا استعمال جائز نہ ہو اس کا بنانا بھی جائز نہیں۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ اصل کلی یاد رکھنے کی ہے کہ بہت جگہ کام دے گی، جس چیز کا بنانا، ناجائز ہو گا اسے خریدنا کام میں لانا بھی ممنوع ہو گا اور جس کا خریدنا کام میں لانا منع نہ ہو گا اس کا بنانا بھی ناجائز نہ ہو گا۔ (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 464)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 صفر المظفر 1443/25 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

90

وائی فائی بغیر اجازت استعمال کرنا

سوال: اگر کسی کے وائی فائی پر پاسورڈ نہ ہو تو اس کی اجازت کے بغیر استعمال کرنا کیسا؟

User ID: غلام مجتبی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کسی کا وائی فائی اس کی اجازت کے بغیر استعمال کرنا جائز نہیں اگرچہ اس نے پاسورڈ نہ لگایا ہو البتہ بعض عوامی جگہوں مثلا ہوٹلز، شاپنگ مالز وغیرہ میں اوپن وائی فائی کی سہولت ہوتی ہے اس کا استعمال کرنا جائز ہے کہ یہ دلالۃ استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 محرم الحرام 1443/ 22 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

91

الکوحل پیڈز اور کوٹن کا استعمال

سوال: الکوحل پیڈز اور کوٹن جو جلد کی صفائی کے لئے استعمال کی جاتی ہے شرعا کیا حکم ہے؟

User ID: مہر عاطف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فی زمانہ مفتیان کرام نے الکوحل کے خارجی استعمال کی مطلقا اجازت دی ہے کیونکہ الکوحل کا بیرونی استعمال بہت زیادہ ہے اور اس سے بچنا بہت مشکل ہے اور کھانے پینے کی چیزوں میں یہ اجازت دواؤں کے ساتھ خاص ہے، لہذا الکوحل پیڈز اور کوٹن جو استعمال ہی جلد کی صفائی کے لئے ہوتے ہیں اس کے بیرونی استعمال میں کوئی حرج نہیں، اس کا استعمال بالکل جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 محرم الحرام 1443/ 22 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

92

دکان کا نام مقدس ناموں پر رکھنا

سوال: اپنی دکان کا نام مقدس ناموں پر رکھنا کیسا جیسے بسم اللہ اسٹور؟

User ID: سہیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اپنی دکان کا نام مقدس نام پر رکھنے سے بچنا چاہیے کیونکہ اس میں بے احتیاطی اور بے ادبی کا بہت زیادہ امکان ہے، بعض اوقات لوگ کہتے ہیں فلاں دکان والا ایسا، تو اب اس مقدس نام کے ساتھ ایسا بولنا یہ بالکل مناسب نہیں اگرچہ یہاں بولنے والے کو بھی احتیاط کرنی چاہیے، اسی طرح بعض اوقات نام والے شاپرز، ڈبے روڈ پر پھینکے ہوئے ہوتے ہیں پھر کہیں ان ڈبوں میں جوتے رکھے ہوئے ہوتے ہیں تو یہ سارے انداز درست نہیں اس سے بچنا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

5صفر المظفر 1443/2ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کاروبار

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

93

مسٹری باکس خریدنا

سوال: مسٹری باکس خریدنا کیسا؟ اس میں ہوتا یہ ہے کہ مخصوص رقم کا ایک باکس خریدا جاتا ہے مگر اس کے اندر کیا ہے اور کس رقم کا ہے یہ پتا نہیں ہوتا، جتنے میں ہم نے خریدا اس سے زیادہ مالیت کی چیز بھی ہو سکتی ہے، برابر یا کم کی بھی ہو سکتی ہے۔ **User ID: احمد رضا الطاف**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسٹری باکس (mystery box) خریدنا شرعاً ناجائز ہے کیونکہ یہ خرید و فروخت کے اسلامی اصولوں کے خلاف ہے۔ خرید و فروخت کی ایک شرط یہ ہے کہ مبیع و ثمن یعنی جو چیز بیچی جارہی ہے وہ اور جس کے بدلے بیچی جارہی ہے وہ اس طرح معلوم ہوں کہ کوئی جھگڑا نہ ہو سکے، اگر ایسا نہیں یعنی وہ مجہول ہوں تو خرید و فروخت صحیح نہیں، اس کے علاوہ اس میں جوئے کا پہلو بھی ہے کہ جتنی رقم کا باکس خریدا ہے اس سے کم کی چیز بھی نکل سکتی ہے اور یہ اپنے مال کو خطرے پر پیش کرنا ہے جو کہ جوا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

6 صفر المظفر 1443/ 3 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

94

پنچر شاپ پر ہوا بھرنے پر پیسے کس کے

سوال: پنچر شاپ پر ملازمین گاڑیوں میں ہوا بھرتے ہیں تو لوگ انہیں پیسے دیتے ہیں یہ کس کی ملکیت ہیں؟

User ID: ضیاء الدین عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بعض جگہوں پر ہوا بھرنے کی باقاعدہ اجرت لی جاتی ہے اور لوگ بھی اجرت سمجھ کر ہی پیسے دیتے ہیں لہذا جہاں اجرت لی جاتی ہے وہ دکان کے مالک کی ملکیت ہے، اور کچھ جگہوں پر اجرت نہیں لی جاتی اور ہوا بھروانے والوں کو بھی پتا ہوتا ہے کہ یہاں اجرت نہیں لی جاتی کیونکہ کچھ لوگ پیسے دیتے ہیں کچھ نہیں دیتے تو نہ دینے والوں سے مطالبہ نہیں کیا جاتا لہذا ایسے مقامات پر یہ ٹپ ہے اور جس کو دی اسی کی ملکیت ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

16 صفر المظفر 1443/13 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید و فقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

95

جوئے کی ویب سائٹس کی تشہیر

سوال: جن ویب سائٹس پر جوا کھیلا جاتا ہے ان کی تشہیر کرنا اور رینکنگ بڑھانا اور اس کی اجرت لینا کیسا؟

User ID: بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جوا حرام ہے اور جس جگہ جوا کھیلا جاتا ہے اس جگہ کی تشہیر کرنا اور رینکنگ بڑھانا حرام کام میں معاونت ہے جو کہ بحکم قرآنی حرام ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ

ترجمہ: اور گناہ اور زیادتی میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔ (المائدۃ:2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 محرم الحرام 1443/25 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

96

اسنوکر کلب کی کمائی

سوال: اسنوکر کلب کی کمائی حلال ہے یا نہیں؟

User ID: نور فدا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسنوکر کلب میں کھیلے جانے والے کھیلوں کی آمدنی ناجائز ہے اس لئے کہ یہ لہو لعب پر مشتمل ہوتے ہیں اور لہو و لعب سے حاصل ہونے والی اجرت ناجائز ہے اور اسنوکر کلب میں ایک خرابی یہ بھی ہے کہ ہارنے والا پیسے بھرتا ہے اور یہ جوئے کی صورت ہے اور مالک کو بھی اس کا پتا ہوتا ہے لہذا اس اعتبار سے بھی یہ ناجائز ہے۔ بحر الرائق میں ہے: ولا یجوز الاجارۃ علی شئ من الغناء و اللھو (8/36)

ترجمہ: گانے اور لہو (کھیل اور فضول کاموں) پر اجارہ جائز نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 صفر المظفر 1443/17 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ناظرہ قرآن بمع تجوید وفقہ، علم حدیث اور فرض علوم کورس میں داخلہ کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں: 00923471992267

97

جانور حاملہ کروانے کی اجرت

سوال: ایک شخص نے قیمتی جانور رکھے ہیں اور دوسرے لوگ اجرت دے کر اپنی گائے بکریوں کو حاملہ کرواتے ہیں ان کا اجرت لینا کیسا؟

User ID: عارف قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جانور کو حاملہ کروانے کی اجرت ناجائز ہے۔ ھدایہ میں ہے: لا یجوز اخذ اجرۃ عسب التیس وھو ان یواجر فحلا لینزو علی اناث ترجمہ: نر کو مادہ پر ڈالنے کی اجرت جائز نہیں اور وہ یہ ہے کہ نر کو اس لئے کرایہ پر لے تاکہ مادہ کو حاملہ کروا سکے۔ (ھدایہ، جلد3، صفحہ238)

بہار شریعت میں ہے: نر جانور کو جفتی کرنے کے لئے اجرت پر دینا ناجائز ہے اور اجرت بھی لینا ناجائز۔

(بہار شریعت، جلد3، صفحہ144)

فتاوی فیض الرسول میں ہے: بکرا کے جفتی کرنے کا پیسہ لینا جائز نہیں۔ (فتاوی فیض الرسول، جلد 2، صفحہ419)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

21صفر المظفر 1443/18ستمبر 2022ء

98

کرکٹ کھیلنے کی اجرت

سوال: کرکٹر جو کرکٹ کھیلنے کے پیسے لیتے ہیں وہ حلال ہیں یا نہیں؟

User ID: محمد حنفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہمارے ہاں جو کرکٹ کھیلی جاتی ہے وہ لہو و لعب پر مشتمل ہوتی ہے اور لہو و لعب پر اجارہ کرنا جائز نہیں اور اس کے پیسے بھی حلال نہیں، لہذا کرکٹ کھیلنے کی اجرت لینا ناجائز ہے البتہ وہ انعامات جو اچھی کارکردگی پر دیے جاتے ہیں وہ چونکہ مشروط نہیں ہوتے لہذا اس کی حیثیت تحفہ کی ہے، اس کا لینا جائز ہے۔ بحر الرائق میں ہے: ولا یجوز الاجارۃ علی شئی من الغناء اللھو ترجمہ: گانے اور لہو (کھیل اور فضول کاموں) پر اجارہ جائز نہیں۔ (8/36)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 صفر المظفر 1443/26 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

99

غیر متعین پلاٹ کی فائل خریدنا

سوال: ایسے پلاٹ کی فائل خریدنا کیسا جس کا نمبر، جگہ کچھ متعین نہیں صرف فائل کی خرید و فروخت ہوتی ہے؟

User ID: فیصل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی اصولوں کے مطابق جو چیز خریدی جارہی ہے اس کا معلوم و متعین ہونا ضروری ہے، اگر معلوم و متعین نہ ہو تو خرید و فروخت جائز نہیں، اسی طرح مبیع کا موجود ہونا اور مال ہونا بھی ضروری ہے۔ معلوم کی گئی صورت میں چونکہ جگہ اور پلاٹ نمبر متعین نہیں لہذا اس کی خرید و فروخت ناجائز ہے، اسی طرح عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ جگہ موجود نہیں ہوتی صرف پلاٹ کے نام پر فائل بیچی جارہی ہوتی ہے لہذا ایسی فائل کی خرید و فروخت بھی ناجائز ہے کیونکہ نہ پلاٹ موجود ہے نہ یہ فائل مال ہے۔

نوٹ: پلاٹ کی خرید و فروخت کی مختلف صورتیں ہیں لہذا کسی اور صورت کے لئے دار الافتاء اہلسنت سے رابطہ کریں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 صفر المظفر 1443/27 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وراثت

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

100

بیوہ چار بیٹوں اور ایک بیٹی میں تقسیم وراثت

سوال: میت کے والدین پہلے فوت ہو چکے ہیں اب بیوہ چار بیٹوں اور ایک بیٹی میں ایک کروڑ پچاس لاکھ تقسیم کر دیں؟

نوٹ: میت نے کوئی وصیت نہیں کی نہ ہی کوئی قرض تھا اور تجہیز و تکفین کا خرچ ایک بیٹے نے ذاتی طور پر دیا۔ User ID: خرم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر سائل کا بیان اور سوال میں مذکور ورثاء درست ہیں تو کل مال کے آٹھ حصے ہونگے جس میں سے بیوہ کو ایک حصہ ملے گا، بیوہ کو دینے کے بعد جو رقم بچے گی وہ بیٹوں اور بیٹی میں اس طرح تقسیم ہو گی کہ ہر بیٹے کے دو حصے اور بیٹی کا ایک حصہ ہو گا۔ اس طریقہ کار کے مطابق مندرجہ ذیل رقم حصے میں آئے گی۔

بیوہ: 1,875,000	بیٹی: 1,458,333.3	بیٹا (1): 2,916,666.6
بیٹا (2): 2,916,666.6	بیٹا (3): 2,916,666.6	بیٹا (4): 2,916,666.6

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 صفر المظفر 1443/26 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔